5585

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا ۙ وَّ دَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا
(پ ۲۲ ع ۳)

# راہِ ایماں

## جلد سوم

ردِّ تفسیر
نجدیہ سعودیہ وہابیہ

از حضرت مولانا
ابوالحسّان محمّد رمضان علی مدظلہ قادری

پبلشرز:
حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ
۶۸-۶۷ اوورسیز اوورسیز ہاؤسنگ سوسائٹی بلاک ۷/۸ - کراچی

81108

نام کتاب ـــــــــــــ راہِ ایمان جلد سوم
ترتیب و پیشکش ـــــــــــــ حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ، کراچی
ناشر ـــــــــــــ حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ، کراچی

| تاریخ اشاعت | تعداد |
|---|---|
| محرّمُ الحرام ۱۴۲۶ھ فروری ۲۰۰۵ء | ۳۰۰ |

E-mail:arfeen@cyber.net.pk



Marfat.com

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 - | اولیاء اللہ صفاتِ حق تعالیٰ کے مَظہر و مُظہر ہیں۔ | 8 |
| 2 - | احادیث سے صفات اللہ کا اولیاء عُظّام میں جلوہ گر ہونے کا ثبوت۔ | 31 |
| 3 - | اظہارِ معجزہ و کرامت میں انبیاء علیہ الصّلوٰۃ والسلام و اولیاء عُظّام کا ارادہ و اختیار اور حکم شامل ہوتا ہے۔ | 65 |
| 4 - | مسئلۂ ایصالِ ثواب، نذر و نیاز وَمَا اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللہ کی وضاحت | 125 |




Marfat.com

Marfat.com

# تعارف راہِ ایمان

(حصّہ سوئم)

تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ کے رد میں اس سے قبل فقیر کی تصنیف کردہ کتاب "راہِ ایمان" کے دو حصّے چھپ کر محترم قارئین کی خدمت میں پہنچ چکے ہیں۔ زیرِ نظر تصنیف اسی سلسلہ کی تیسری کڑی ہے، جس میں چند نئے موضوعات پر تفسیر نجدیہ میں مذکور گمراہ کن تاویلات، تحریفات اور من گھڑت توضیحات کا بدلائل قاہرہ رد کیا گیا ہے۔

حقیقت میں اگر دیکھا جائے تو تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں شروع سے آخر تک ایسے مواد کی بھرمار ہے کہ جسے پڑھ کر عام مسلمان کا گمراہ ہونا یقینی ہے۔ اگرچہ اس کے رد اور جملہ خرافات و ہفواتِ نجدیہ کے جواب کے لئے دفتر کے دفتر درکار ہیں، لیکن فقیر نے کوشش کی ہے کہ راہِ ایمان کے ان تین حصّوں میں زیادہ سے زیادہ تحریفات کا رد کیا جائے۔

اسی طرح فقیر کا ارادہ ہے کہ برضائے الٰہی و بشرطِ زندگانی باقی ماندہ مسائل و موضوعات کو راہِ ایمان کے چوتھے اور آخری



Marfat.com

حصہ میں سمیٹنے کی کوشش کرے . . .

و باللہ التوفیق وھو المستعان

فقیر ابوالحسان قادری غفرلہٗ



Marfat.com

# انتباہ

نجدیہ سعودیہ کی شائع کردہ تفسیر قرآن کا مطالعہ کرنے والے اپنا دین وایمان بچانے کی خاطر مندرجہ ذیل تنبیہہ پر غور کرلیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد :-

''عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ ھٰذَا الْعِلْمَ دِیْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَاْخُذُوْنَ دِیْنَکُمْ'' (رواہ حاکم فی المستدرک)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ علم ''دین'' ہے پس یہ دیکھ لو، (غور کرلو) کہ تم اپنا دین کس سے لے رہے ہو''



Marfat.com

Marfat.com

"راہِ ایمان"

(جلد سوم)

ردِ تفسیر

نجدیہ سعودیہ وہابیہ

# اولیاء اللہ صفاتِ حق تعالیٰ کے مَظہر و مُظہر ہیں



Marfat.com

آیت مُبارکہ :۔ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِىْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ۝

ترجمہ نجدی :۔ اور تمہیں بھی دیکھتے ہیں تو تم سے مسخراپن کرنے لگتے ہیں کہ کیا یہی وہ شخص ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے رسُول بنا کر بھیجا ہے۔"

تفسیر نجدی :۔ دوسرے مقام میں اس طرح فرمایا۔ "اَهٰذَا الَّذِىْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ" (الانبیاء ۳۶) "کیا یہی وہ شخص ہے جو تمہارے معبودوں کا ذکر کرتا ہے۔"

یعنی ان کی بابت کہتا ہے کہ وہ کچھ اختیار نہیں رکھتے۔ اس حقیقت کا اظہار ہی مشرکین کے نزدیک ان کے معبودوں کی توہین تھی، جیسے آج بھی قبر پرستوں کو کہا جائے کہ قبروں میں مدفون بزرگ کائنات میں تصرف کرنے کا اختیار نہیں رکھتے تو کہتے ہیں کہ یہ اولیاء اللہ کی شان میں گستاخی کر رہے ہیں۔

○

پ ۱ ——— تفسیر نجدی ص ۵ اور ۶ ——— سورۃ الفاتحہ

آیت مُبارکہ :۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔



Marfat.com

توحید الوہیت کا مطلب ہے کہ عبادت کی تمام اقسام کا مستحق صرف اللہ تعالیٰ ہے اور عبادت ہر وہ کام ہے جو کسی مخصوص ہستی کی رضا کے لئے یا اس کی ناراضی کے خوف سے کیا جائے ۔ اس لئے نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ صرف یہی عبادات نہیں ہیں بلکہ کسی مخصوص ہستی سے دُعا و التجا کرنا، اس کے نام کی نذر و نیاز دینا، اس کے سامنے دست بستہ کھڑا ہونا، اس کا طواف کرنا، اس سے طمع اور خوف رکھنا، وغیرہ بھی عبادات ہیں ۔

توحید الوہیت یہ ہے کہ یہ تمام کام صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لئے کئے جائیں۔ قبر پرستی کے مرض میں مبتلا عوام و خواص اس توحید الوہیت میں شرک کا ارتکاب کرتے ہیں۔ اور مذکورہ عبادات کی بہت سی قسمیں وہ قبروں میں مدفون افراد اور فوت شدہ بزرگوں کے لئے بھی کرتے ہیں ۔

توحید صفات کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جو صفات قرآن و حدیث میں بیان ہوئی ہیں ان کو بغیر کسی تاویل اور تحریف کے تسلیم کریں اور وہ صفات اس انداز میں کسی اور کے اندر نہ مانیں ۔ مثلاً جس طرح اس کی صفت علم غیب ہے یا دور و نزدیک سے ہر ایک کی فریاد سُننے پر وہ قادر ہے، کائنات میں ہر طرح کا تصرف کرنے کا اسے اختیار حاصل ہے، یہ یا اس قسم کی اور صفاتِ الٰہیہ



Marfat.com

ان میں سے کوئی صفت بھی اللہ کے سوا کسی نبی، ولی یا کسی بھی شخص کے اندر تسلیم نہ کی جائیں اگر تسلیم کی جائیں گی تو یہ شرک ہوگا۔

افسوس ہے کہ قبر پرستوں میں شرک کی یہ قسم بھی عام ہے۔ اور انہوں نے اللہ کی مذکورہ صفات میں بہت سے بندوں کو بھی شریک کر رکھا ہے۔ اعاذنا اللہ عنہ۔ ص۶ صراطِ مستقیم پر چلنے والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ یہود اور نصاریٰ دونوں کی گمراہیوں سے بچ کر رہیں۔ یہود کی بڑی گمراہی یہ تھی کہ وہ جانتے بوجھتے صحیح راستے پر نہیں چلتے تھے۔ آیاتِ الٰہی میں تحریف اور حیلہ کرنے سے گریز نہیں کرتے تھے۔ حضرت عزیر علیہ السلام کو ابن اللہ کہتے۔ اپنے احبار و رہبان کو حرام وحلال کرنے کا مجاز سمجھتے تھے۔ نصاریٰ کی بڑی غلطی یہ تھی کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں غلو کیا اور انہیں ابن اللہ اور ثالث ثلاثۃ اللہ کا بیٹا اور تین خدا میں سے ایک قرار دیا۔

افسوس ہے کہ اُمتِ محمدیہ میں بھی یہ گمراہیاں عام ہیں اور اسی وجہ سے وہ دنیا میں ذلیل ورسوا ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسے ضلالت کے گڑھے سے نکالے تاکہ ادبار ونکبت کے بڑھتے ہوئے سایہ سے وہ محفوظ رہ سکے۔



Marfat.com

پ ۶ ——— تفسیر نجدی ص ۲۷۰ ——— سورۃ النساء

آیت مبارکہ :۔ یَاَھْلَ الْکِتَابِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِکُمْ ○

ترجمہ نجدی :۔ "اے اہلِ کتاب اپنے دین کے بارے میں حد سے نہ گزر جاؤ"۔ الخ

تفسیر نجدی :۔ لیکن افسوس اُمتِ محمدیہ اس کے باوجود بھی اس غلو سے محفوظ نہ رہ سکی جس میں عیسائی مُبتلا ہوئے اور اُمتِ محمدیہ نے بھی اپنے پیغمبر کو بلکہ نیک بندوں تک کو خدائی صفات سے متصف ٹھہرا دیا جو دراصل عیسائیوں کا وطیرہ تھا۔ الخ

○

پ ۲ ——— تفسیر نجدی ص ۶۵ ——— سُورۃ البقرۃ

آیت مُبارکہ :۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ○

ترجمہ نجدی :۔ "اور ایمان والے اللہ کی محبت میں بہت سخت ہوتے ہیں"۔

تفسیر نجدی :۔ مذکورہ دلائل واقعہ اور براہین قاطعہ کے باوجود ایسے لوگ ہیں جو اللہ کو چھوڑکر دوسروں کو اس کا شریک بنا لیتے ہیں اور ان سے اسی طرح محبت کرتے ہیں جس طرح اللہ سے کرنی چاہیئے۔ بعثت محمدیہ کے وقت ہی ایسا نہیں تھا شرک کے یہ مظاہر آج بھی عام ہیں۔ بلکہ اسلام کے نام لیواؤں کے اندر بھی یہ بیماری گھر کر



Marfat.com

گئی ہے۔ انہوں نے کبھی نہ صرف غیر اللہ اور پیروں فقیروں اور سجادہ نشینوں کو اپنا ماویٰ وملجا اور قبلہ حاجات بنا رکھا ہے۔ بلکہ ان سے ان کی محبت اللہ سے بھی زیادہ ہے اور توحید کا وعظ ان کو بھی اسی طرح کھلتا ہے جس طرح مُشرکینِ مکہ کو اس سے تکلیف ہوتی تھی۔ الخ

ص۶۶ پر لکھا ہے۔ آخرت میں پیروں اور گدی نشینوں کی بے بسی اور بے وفائی پر مشرکین حسرت کریں گے لیکن وہاں اس حسرت کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا، کاش دنیا ہی میں وہ شرک سے توبہ کرلیں۔

○

پ۱ ——— تفسیر نجدی ص۲۳ ——— سورۃ البقرہ

آیت مُبارکہ :۔ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

ترجمہ نجدی :۔ ”اور ہم نے (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) سے چالیس راتوں کا وعدہ کیا پھر تم نے اس کے بعد بچھڑا پوجنا شروع کر دیا اور ظالم بن گئے“

تفسیر نجدی :۔ انسان کتنا ظاہر پرست ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھنے کے باوجود اور نبیوں (حضرت ہارون و



Marfat.com

موسیٰ علیہم السلام ) کی موجودگی کے باوصف بچھڑے کو اپنا معبود سمجھ لیا۔ آج کا مُسلمان بھی شرکیہ عقائد و اعمال میں بُری طرح مبتلا ہے لیکن وہ سمجھتا یہ ہے کہ مسلمان مشرک کس طرح ہو سکتا ہے ؟ ان مشرک مسلمانوں نے شرک کو پتھر کی مُورتیوں کے پُجاریوں کے لئے خاص کر دیا ہے۔ کہ صرف وہی مشرک ہیں جب کہ یہ نام نہاد مسلمان بھی قبروں پر قبّوں کے ساتھ وہی کچھ کرتے ہیں جو پتھر کے پُجاری اپنی مورتیوں کے ساتھ کرتے ہیں۔ اعاذنا اللہ منہ ۔

## تفسیر نجدی ۴۱ پر لکھا ہے

"مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ بَارَزَنِیْ بِالْحَرْبِ" (صحیح بخاری کتاب الرقاق باب التواضع)۔

جس نے میرے کسی دوست سے دشمنی رکھی اس نے میرے ساتھ اعلانِ جنگ کیا ہے۔ گویا اللہ کے کسی ایک ولی سے دشمنی سارے اولیاء اللہ سے بلکہ اللہ تعالیٰ سے بھی دشمنی ہے۔ اس سے واضح ہوا کہ اولیاء اللہ کی محبت اور ان کی تعظیم نہایت ضروری اور ان سے بغض و عناد اتنا بڑا جرم ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے خلاف اعلانِ جنگ فرماتا ہے۔

اولیاء اللہ کون ہیں ؟ اس کے لئے ملاحظہ ہو سورۃ یونس



Marfat.com

آیت ۶۲، ۶۳ لیکن محبت اور تعظیم کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ان کے مرنے کے بعد ان کی قبروں پر گنبد اور قبّے بنائے جائیں، ان کی قبروں پر سالانہ عرس کے نام پر میلوں ٹھیلوں کا اہتمام کیا جائے، ان کے نام کی نذر و نیاز اور قبروں کو غسل دیا جائے اور ان پر چادریں چڑھائی جائیں۔ اور انہیں حاجت روا مشکل کشا نافع و ضار سمجھا جائے، ان کی قبروں پر دست بستہ قیام اور ان کی چوکھٹوں پر سجدہ کیا جائے وغیرہ جیسا کہ بدقسمتی سے "اولیاء اللہ کی محبت" کے نام پر یہ کاروبارِ لات و منات فروغ پذیر ہے۔ حالانکہ یہ محبت نہیں ہے ان کی عبادت ہے جو شرک اور ظلم عظیم ہے۔ اللہ تعالیٰ اس فتنۂ عبادتِ قبور سے محفوظ رکھے۔

○

پ ۱ ــــــ تفسیر نجدی ص ۱۹ و ۲۰ ــــــ سورۃ البقرہ

آیت مُبارکہ :۔ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيۡهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ○

ترجمہ نجدی :۔ (حضرت) آدم (علیہ السلام) نے اپنے رب سے چند باتیں سیکھ لیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی بیشک وہی توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

تفسیر نجدی :۔ حضرت آدم علیہ السلام جب پشیمانی میں ڈوبے دُنیا



Marfat.com

میں تشریف لائے تو توبہ واستغفار میں مصروف ہو گئے۔ اس موقع پر بھی اللہ تعالیٰ نے رہنمائی و دستگیری فرمائی اور وہ کلمات معافی سکھا دیئے جو ''الاعراف'' میں بیان کئے گئے ہیں (رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا) الآیۃ

بعض حضرات یہاں ایک موضوع روایت کا سہارا لیتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضرت آدم نے عرش الٰہی پر لاالٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ، لکھا ہوا دیکھا اور محمد رسول اللہ کے وسیلے سے دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا یہ روایت بے سند ہے اور قرآن کے بھی معارض ہے۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ کے بتلائے ہوئے طریقے کے بھی خلاف ہے۔ تمام انبیاء نے ہمیشہ براہ راست اللہ سے دعائیں کی ہیں کسی نبی، ولی، بزرگ کا واسطہ اور وسیلہ نہیں پکڑا، اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت تمام انبیاء کا طریقہ دعا یہی رہا ہے کہ بغیر کسی واسطے اور وسیلے کے اللہ کی بارگاہ میں دعا کی جائے۔

ص۲۰ پر آیت مبارکہ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ○ کی تفسیر نجدی میں لکھا گیا ہے ''ان پر خوف نہیں ہوگا'' کا تعلق آخرت سے ہے۔ اَیْ فِیْمَا یَسْتَقْبِلُوْنَہٗ مِنْ اَمْرِ الْاٰخِرَۃِ '' اور حزن نہیں ہوگا'' کا تعلق دنیا سے ہے ای ما فاتھم



Marfat.com

مِنْ اُمُوْرِ الدُّنْیَا (جو فوت ہو گیا امورِ دنیا سے یا اپنے پیچھے دنیا میں چھوڑ آئے) جس طرح دوسرے مقام پر ہے (فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَایَ فَلَا یَضِلُّ وَلَا یَشْقٰی (طٰہٰ۔۱۲۳) جس نے میری ہدایت کی پیروی کی پس وہ (دنیا میں) گمراہ ہو گا اور نہ (آخرت میں) بدبخت۔

(ابنِ کثیر)

گویا لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ کا مقام ہر مومن صادق کو حاصل ہے، یہ کوئی ایسا مقام نہیں جو صرف بعض اولیاء اللہ ہی کو حاصل ہو اور پھر اس "مقام" کا مفہوم بھی کچھ کا کچھ بیان کیا جاتا ہے۔ حالانکہ تمام مومنین و متقین بھی اولیاء اللہ ہیں "اولیاء اللہ" کوئی الگ مخلوق نہیں۔ ہاں البتہ اولیاء کے درجات میں فرق ہو سکتا ہے۔

○

پ۱ ۔۔۔ تفسیر نجدی ص۳۷، ۳۸ ۔۔۔ سورۃ البقرہ

آیت مبارکہ:۔ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ یَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ○

ترجمہ نجدی:۔ اور ان کے پاس جب اللہ تعالیٰ کی کتاب ان کی کتاب کو سچا کرنے والی آئی حالانکہ پہلے یہ خود (اس کے ذریعہ



Marfat.com

کافروں پر فتح چاہتے تھے تو باوجود آجانے اور باوجود پہچان لینے کے پھر کفر کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو کافروں پر"۔

تفسیر نجدی:۔ یستفتحون کے ایک معنیٰ یہ ہیں غلبہ اور نصرت کی دعا کرتے تھے۔ یعنی جب یہ یہود مشرکین سے شکست کھا جاتے تو اللہ سے دعا کرتے، یا اللہ آخری نبی جلد مبعوث فرما تاکہ اس سے مل کر ہم ان مشرکین پر غلبہ حاصل کریں۔ یعنی اِستِفتاح بمعنی اِستِفسار ہے۔ دوسرے معنی خبر دینے کے ہیں۔ ای یخبرونھم بانہٗ سیبعث۔ یعنی یہودی کافروں کو خبر دیتے کہ عنقریب نبی کی بعثت ہوگی۔ (فتح القدیر)

لیکن بعثت کے بعد علم رکھنے کے باوجود نبوت محمدی پر محض حسد کی وجہ سے ایمان نہیں لائے۔ جیسا کہ اگلی آیت میں ہے۔

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ یعنی اس بات کی معرفت کے بعد بھی کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہی آخری پیغمبر ہیں جن کے اوصاف تورات وانجیل میں مذکور ہیں اور جن کی وجہ سے ہی اہل کتاب ان کے ایک "نجات دہندہ" کے طور پر منتظر بھی تھے لیکن ان پر محض اس جلن اور حسد کی وجہ سے ایمان



Marfat.com

نہیں لائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہماری نسل میں سے کیوں نہ ہوئے۔ جیسا کہ ہمارا گمان تھا یعنی ان کا انکار دلائل پر نہیں نسلی منافرت اور حسد و عناد پر مبنی تھا۔

غضب پر غضب کا مطلب ہے بہت زیادہ غضب کیونکہ بار بار وہ غضب والے کام کرتے رہے جیسا کہ تفصیل گزری۔ اور اب محض حسد کی وجہ سے قرآن اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا۔"

نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ کے اقتباس ختم!



Marfat.com

# مندرجہ بالا عبارت میں استعمال کئے گئے

# شیطانی حربہ کا پوسٹ مارٹم

نام نہاد تفسیر نجدیہ میں کی گئی تحریفات و تلبیسات اس پر شاہد عادل ہیں کہ حق دشمنی و باطل پرستی اور محبوبان خدا سے بغض و عداوت لوازم وہابیت سے ہیں۔ مرضِ وہابیت سے ان کے ایمان کا بیڑا غرق تو ہو چکا۔ ان کی عقلیں بھی ایسی تباہ و برباد ہو گئیں کہ انہیں اپنے فاسد مطلب کو ثابت کرنے کے لئے قرآن مجید کی آیات کی ایسی مضحکہ خیز تاویل کرتے ہیں کہ انبیاء اور اللہ تعالیٰ کا بھی مشرک و کافر ہونا لازم آتا ہے۔ یہ اشقیاء ازلی قرآن مجید کے مطالب و مفاہیم کو بدلنے بگاڑنے کے اس قدر ماہر ہیں کہ کم تعلیم یافتہ مسلمان ان کی گمراہ کن لفاظی کو سمجھ ہی نہیں سکتے اور گمراہ ہو جاتے ہیں۔

مندرجہ بالا عبارت میں بھی یہی شیطانی حربہ استعمال کیا گیا ہے۔ یہ ضال و مُضلّ نجدی وہابی آیات مُبارکہ کا ترجمہ اور مفہوم بیان کرنے میں صفات ذاتی و صفات عطائی اور نسبتِ حقیقی اور نسبت



Marfat.com

مجازی میں فرق نہیں کرتے تاکہ حسبِ اصولِ وہابیہ اپنے مذموم ومردود فاسد مطلب کو ثابت کرسکیں۔ اور شرک وکفر کے فتوے داغنے کی راہ ہموار ہو جائے۔

نام نہاد تفسیر نجدیہ کی مندرجہ بالا عبارت میں ان ظالم وہابیہ کی ہیرا پھیریاں اور ابلیسانہ فریب کاریاں ملاحظہ ہوں۔ لکھا گیا ہے:۔

" توحید صفات کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جو صفات قرآن وحدیث میں بیان ہوئی ہیں ان کو بغیر کسی تاویل اور تحریف کے تسلیم کریں۔ اور وہ صفات اس انداز میں کسی اور کے اندر نہ مانیں" الخ

یہ لکھ کر مسلمانوں پر بہتان باندھا گیا ہے کہ مسلمان اللہ تعالیٰ کی جو صفات قرآن وحدیث میں بیان ہوئی ہیں ان میں تاویل اور تحریف کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی صفات اسی انداز میں انبیاء اور اولیاء کے اندر تسلیم کرتے ہیں۔ نجدیہ وہابیہ کا یہ لکھنا مسلمانوں پر بہتان طرازی اور الزام تراشی اور ان کے خبثِ باطن کی واضح دلیل ہے۔ اس لئے کہ کوئی مسلمان قرآن وحدیث میں وارد اللہ تعالیٰ کی صفات میں تاویل وتحریف نہیں کرتا۔ اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کی صفات اسی انداز میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام



81108

Marfat.com

اور اولیاء کرام قدسنا اللہ باسرارہم کے اندر تسلیم کرتا ہے۔

نجدیہ سعودیہ کی نام نہاد تفسیر میں مزید لکھا ہے "مثلاً جس طرح اس کی صفت علم غیب ہے یا دُور و نزدیک سے ہر ایک کی فریاد سُننے پر وہ قادر ہے کائنات میں ہر طرح کا تصرّف کرنے کا اسے اختیار حاصل ہے۔ یہ یا اس قسم کی اور صفات الٰہیہ ان میں سے کوئی صفت بھی اللہ کے سوا کسی نبی ولی یا کسی بھی شخص کے اندر تسلیم نہ کی جائیں، اگر تسلیم کی جائیں گی تو یہ شرک ہوگا۔ افسوس ہے کہ قبر پرستوں میں شرک کی یہ قسم بھی عام ہے اور انہوں نے اللہ کی مذکورہ صفات میں بہت سے بندوں کو بھی شریک کر رکھا ہے۔ اعاذنا اللہ منہ" انتہی کلام النجدی الخبیث۔

نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ کی مندرجہ بالا عبارت میں صفات الٰہیہ میں سے کوئی صفت بھی اللہ کے سوا کسی نبی ولی یا کسی بھی شخص کے اندر تسلیم کئے جانے کو شرک ٹھہرایا گیا ہے اور قرآن و حدیث کی تعلیمات کے مطابق صحیح عقیدہ رکھنے والے مسلمانوں پر قبر پرستی کا بہتان باندھ کر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ انہوں نے بہت سے بندوں کو بھی اللہ کی صفات میں شریک کر رکھا ہے۔ جہل مرکب میں گرفتار، توحید شیطانی کے پرستار نجدیہ وہابیہ کی اس صریح غلط بیانی و حرکت شیطانی پر



Marfat.com

فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللّٰہِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ ہ "ہم جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجتے ہیں" کے سوا اور کیا کہا جا سکتا ہے؟ منکرین قرآن و حدیث نجدی وہابی بتائیں!

# کیا قرآن و حدیث میں شرک بھرا ہے؟ اللہ اور رسول بھی مشرک ہیں؟

ذیل میں قرآن مجید کی بنظر اختصار چند وہ آیات درج کی جاتی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی صفات سے انبیاء و اولیاء اور عام انسانوں کو متصف بیان فرمایا گیا ہے۔ وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ (پ۳ سورۃ ال عمران آیت نمبر۳۰) "اور اللہ بندوں پر مہربان ہے۔"

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (سورۃ فاتحہ) "سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا بڑا مہربان رحمت والا۔"

فَاِنَّ رَبَّکُمْ لَرَءُوْفٌ الرَّحِیْمِ (پ۱۴ ع ۱۲) "بے شک تمہارا رب نہایت مہربان رحم والا ہے۔"

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ (پ۱۱ سورہ توبہ آیت نمبر۱۲۸)



Marfat.com

"بے شک تمہارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے۔ تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان۔"

مندرجہ بالا آیات میں اللہ تعالیٰ کی صفات رؤف رحیم کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہونا بیان فرمایا گیا ہے اور آیت مبارکہ قُلْ کَفٰی بِاللّٰہِ بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ شَہِیْدًا (پ۲۱ سورہ عنکبوت آیت ۵۲)۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَہِیْدًا (پ۱۷ ع ۹) اللہ تعالیٰ کی صفت "شہید" کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر بیان فرمایا گیا ہے۔ فَکَیْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ کُلِّ اُمَّۃٍ بِشَہِیْدٍ وَّجِئْنَا بِکَ عَلٰی ھٰۤؤُلَاۤءِ شَہِیْدًا (پ۵ سورۃ نساء آیت ۴۱) "تو کیسی ہوگی جب ہم ہر اُمت سے ایک گواہ لائیں اور اے محبوب تمہیں ہم سب پر گواہ اور نگہبان بنا کر لائیں۔"

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْہِ (پ۲۲ ع ۲) "اور اے محبوب یاد کرو جب تم فرماتے تھے اس سے جسے اللہ نے نعمت دی اور ہم نے اسے نعمت دی۔"

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ کی صفت "نعمت دینا" کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے فرمایا گیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی صفت "ھادی" وَاللّٰہُ یَہْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ کو رسول اللہ



Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے فرمایا ہے۔ وَاِنَّکَ لَتَھْدِیْٓ اِلٰی
صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ (پ ۲۵ ع ۶) اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
(س ۲۴ آیت ۳۵)۔ اللہ تعالیٰ کی صفت "نور" ہے۔ قَدْ جَآءَکُمْ
مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ۔ (پ ۶ ع ۷) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
بھی "نور" فرمایا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی صفت "سمیع" ہے اور "بصیر" ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ
ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔ (پ ۲۴ ع ۷) "بے شک اللہ ہی سنتا
دیکھتا ہے۔" اور ہر انسان کے لئے فرمایا ہے۔ اِنَّا خَلَقْنَا
الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَۃٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِیْہِ فَجَعَلْنٰہُ سَمِیْعًا بَصِیْرًا
(پ ۲۹ ع ۱۹) "بے شک ہم نے انسان (آدمی) کو پیدا کیا ملی
ہوئی منی سے کہ ہم اسے جانچیں تو اسے سنتا دیکھتا کر دیا۔"
انسان بھی سمیع و بصیر ہے۔

قرآن مجید میں ایسی بہت سی آیات ہیں جن میں صفاتِ
الٰہیہ کو مخلوق کے لئے بیان فرمایا گیا ہے اگر وہابیہ نجدیہ سعودیہ میں لکھی
گئی ہفوات کو صحیح سمجھ لیا جائے تو معاذ اللہ، اللہ عزوجل پر شرک
عائد ہوتا ہے۔ تو ثابت ہوا کہ یہ نجدی سعودی نام نہاد تفسیر
لکھنے اور لکھانے والے ہی صراطِ مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں۔
توحیدِ شیطانی کے پرستار ہیں۔ ان پر اللہ و رسول کی پھٹکار ہے۔



Marfat.com

کہ یَقْرَءُ وْنَ الْقُرْاٰنَ لَا یُجَاوِزُ حِنَاجِرُھُمْ۔" یہ لوگ قرآن پڑھیں گے اور قرآن ان کے گلوں سے نیچے نہیں اُترے گا۔ قرآن کا نور اُن کے دلوں میں نہیں پہنچے گا۔ ان کے دل نُور ہدایت سے محروم رہیں گے۔ یہ اشقیاء ازلی قرآن کی آیات کا صحیح مفہوم و مطلب نہیں سمجھ سکیں گے۔ یہ بدبخت لوگ آیاتِ مُبارکہ میں تحریف و تاویل کر کے الفاظ کے صحیح معنوں کو بدلیں گے اور وہی مطلب نکالیں گے جس سے قرآن و حدیث کا ارتکاز لازم آتا ہو۔ اللہ تعالیٰ کی توہین و تکذیب ہوتی ہو۔ محبوبانِ خُدا، انبیاء ورسل علیہم الصلوٰۃ والسلام واولیاء کرام کی تنقیص شان کا پہلو نکلتا ہو۔ اس غرض کے لئے یہ قرن الشیطان کے پجاری، نجدی وہابی خذلہم اللہ تعالیٰ صفات ذاتی وصفات عطائی اور نسبت حقیقی اور نسبت مجازی میں کچھ فرق و امتیاز نہیں کریں گے۔

ان کے مکروفریب اور ان کی گمراہیوں سے بچنے کے لئے خوب ذہن نشین کر لیجئے کہ کسی کام یا "امر" کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہو تو نسبت حقیقی مراد ہوتی ہے۔ اور وہی کام یا امر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کسی ولی اللہ یا مخلوق میں سے کسی کی طرف منسوب ہو تو نسبت مجازی مراد ہوتی ہے۔ اسی



Marfat.com

طرح جب کوئی صفت اللہ کی طرف راجع ہو تو صفت حقیقی مُراد ہوتی ہے۔ اور وہی صفت جب مخلوق میں سے کسی اور کے لئے راجع ہو تو صفت عطائی مراد ہوتی ہے۔

اس بیان کی وضاحت کے لئے چند مثالیں درج ذیل ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ "اللہ سارے جہان والوں کا رب ہے پروردگار ہے" اور "قُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِیْ صَغِیْرًا (پ۱۵ ع ۳) "اور عرض کی کہ اے میرے رب تو ان دونوں (ماں اور باپ) پر رحم کر جیسا کہ ان دونوں نے مجھے چھٹپن میں پالا"

اللہ "رب" ہے "حقیقی" ماں باپ رب مجازی۔ اللہ پالنے والا بالذات، ماں باپ رب عطائی۔ بہ عطاء الٰہی۔ اللہ تعالیٰ مومن ہے۔ هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ۔ (پ۲۸ ع ۶) "اسلام قبول کرنے ایمان لانے والا مسلمان مؤمن ہے"

اللہ تعالیٰ کی صفت مومن اور مسلمان کی صفت بھی مومن ہے۔ مومن کی نسبت اللہ کی طرف کی جائے گی تو اس کا مطلب ہوگا امان بخشنے والا۔ امان دینے والا۔ مومن کی نسبت مسلمان کی طرف ہوگی تو معنے ہوں گے ایمان لانے والا ایماندار۔



Marfat.com

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ (پ ۲ ع ۱۱)" اور بے شک مومن (مسلمان) غلام مشرک سے اچھا ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتا ہو۔"

الغرض نسبت حقیقی و مجازی اور صفات ذاتی و صفات عطائی کا فرق ملحوظ رکھا جائے تو کوئی تنازعہ اور اختلاف باقی نہیں رہتا۔ اُمت میں تفرقہ ڈالنے اور فتنہ و فساد برپا کرنے والے یہی اصل الخوارج ہیں جو فہم قرآن و حدیث سے عاری ابن عبدالوہاب نجدی قرن الشیطان کے پجاری ہیں۔ آیاتِ قرآن و روایاتِ حدیث میں تاویل و تحریف کر کے اُمتِ مسلمہ پر شرک کے شیطانی فتوے داغتے ہیں۔

حالانکہ اللہ تعالیٰ کے محبوب دانائے غیوب سرکار دو عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا فرمان ہے کہ مسلمان ہرگز مُشرک نہیں ہوں گے۔ وَاِنِّیْ وَاللّٰہِ مَا اَخَافُ عَلَیْکُمْ اَنْ تُشْرِکُوْا بَعْدِیْ۔ (صحیح بخاری جلد اوّل ص ۱۷۹) خدا کی قسم مجھے تم سب سے یہ خوف نہیں کہ تم میرے بعد شرک کرو گے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِیْنَ۔

صد حیف کہ یہ جہنم کا ایندھن بننے والے نہ اللہ تعالیٰ عز



Marfat.com

اسمہٗ و جل جلالہ کی بات مانتے ہیں اور نہ رسولِ برحق کی صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس سے یقیناً ثابت ہوتا ہے کہ...

# نجدی وہابی جہنّم کے لئے پیدا کئے گئے ہیں

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔ وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ۔ (پ۹ ع ۱۲)۔

"اور بے شک ہم نے جہنم کے لئے پیدا کئے بہت جن اور آدمی وہ دل رکھتے ہیں جس میں سمجھ نہیں اور وہ آنکھیں جن سے دیکھتے نہیں (راہِ حق و ہدایت) اور وہ کان جن سے سنتے نہیں (کلامِ حق بگوشِ قبول) وہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بڑھ کر گمراہ وہی غفلت میں پڑے ہیں"

بفضلہ تعالیٰ قرآن مجید سے واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کو مخلوق میں سے کسی کی طرف منسوب کرنا ہرگز شرک نہیں ہے۔ اب فقیر بفضلہ تعالیٰ و بفضلہ رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم...



Marfat.com

# احادیث سے
# صفات الٰہیہ کا اولیاء عظام قدس اللہ باسرارہ العزیز
# میں جلوہ گر ہونے کا ثبوت

بالتفصیل تحریر کر رہا ہے تاکہ اہل ایمان ان بے ایمان نجدیوں وہابیوں کی نام نہاد تفسیر میں درج خلافِ قرآن و حدیث ہفوات پڑھ کر گمراہ نہ ہوں۔



Marfat.com

بفضلہ تعالیٰ و بفضل رسول الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم اجمعین گذشتہ صفحات میں نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں مندرجہ ذیل تحریفات وتلبیسات اور شیطانی ہفوات کی بدلائل قاہرہ مکمل تردید اور وضاحت کر دی گئی ہے۔

۱۔ آیہ مبارکہ فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْہِ کے متعلق اس حدیث کا انکار جس میں مذکور ہے کہ آدم علیہ السلام کی توبہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توسل سے قبول ہوئی۔

۲۔ آیت مبارکہ وَكَانُوا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا ۔ الآیۃ میں ترجمہ اور تفسیر میں تحریف وتلبیس۔

۳۔ آیت مبارکہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۔ میں تاویل فاسدہ وتحریف باطلہ کرتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی کوئی بھی صفت کسی نبی، ولی یا کسی بھی شخص کے اندر تسلیم کرنا شرک ہے۔

آئندہ صفحات میں نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں آیت مبارکہ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ میں تحریف وتلبیس کے ذریعہ اولیاء اللہ اور مقامات



Marfat.com

ولایت کے متعلق کی گئی غلط بکواس اور شیطانی ہفوات کی تردید اور اس آیت مبارکہ کی صحیح تفسیر تحریر کی جاتی ہے۔

○

نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ صفحہ۲ پر لکھا ہے "لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْنَ کا مقام ہر مومن صادق کو حاصل ہے، یہ کوئی ایسا مقام نہیں جو صرف بعض اولیاء اللہ ہی کو حاصل ہو، اور پھر اس مقام کا مفہوم بھی کچھ کا کچھ بیان کیا جاتا ہے، حالانکہ تمام مومنین و متقین بھی اولیاء اللہ ہیں۔" اولیاء اللہ" کوئی الگ مخلوق نہیں۔ ہاں البتہ اولیاء کے درجات میں فرق ہو سکتا ہے۔" (انتہی کلامہ الخبیثہ)

مندرجہ بالا عبارت میں حسب دستور و معمول وہابیہ حق دشمنی و طاغوت پرستی کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا ہے۔ چنانچہ بڑی رعونت کے ساتھ بہ لہجۂ فرعونیت منصب ولایت و مقامات اولیاء اللہ کا انکار کرتے ہوئے لکھا ہے۔ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْنَ کا مقام ہر مومن صادق کو حاصل ہے، یہ کوئی ایسا مقام نہیں جو صرف بعض اولیاء ہی کو حاصل ہو اور پھر اس مقام کا مفہوم بھی کچھ کا کچھ بیان کیا جاتا ہے حالانکہ تمام مومنین و متقین بھی اولیاء اللہ ہیں۔ اولیاء اللہ کوئی الگ



Marfat.com

مخلوق نہیں۔ ہاں البتہ اولیاء کے درجات میں فرق ہو سکتا ہے۔"

جہل مرکب میں گرفتار وہابیہ کی اس گمراہ کن بکواس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ ناہنجار ارشادات خدا و رسولِ خدا کی تکذیب، آیات قرآن و روایات حدیث کا انکار کرنے میں کچھ عار محسوس نہیں کرتے۔ محبوبانِ خدا سے عداوت و بغض و کینہ رکھنے کے باعث ان کے قلوب فہم قرآن و حدیث سے اندھے ہو چکے ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِیْ فِی الصُّدُوْرِ (پ۱۷ ع ۱۳) تو یہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں"۔ اور دلوں کا اندھا ہونا غضب ہے اسی سے آدمی دین کی راہ پانے سے محروم رہتا ہے۔

فقیر ابوالحسان قادری غفرلہ بفضلہٖ تعالیٰ و بفضل رسولہ الاعلیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام حسب فرمانِ خداوندی بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ؕ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ (پ۱۷ ع ۲)۔ بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں تو وہ اس کا بھیجا نکال دیتا ہے تو جبھی وہ مٹ کر رہ جاتا ہے اور تمہاری



Marfat.com

خرابی ہے ان باتوں سے جو بتاتے ہو"۔ آیت مبارکہ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ کے تحت نجدیہ وہابیہ کی من گھڑت گمراہ کن بکواس کی قرآن وحدیث کی روشنی میں مکمل مفصل تردید درج ذیل کر رہا ہے تاکہ بھولے بھالے کم علم مسلمان نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں کی گئی تاویلات فاسدہ وتحریفات باطلہ کی اصلیت وحقیقت سے واقف ہو کر گمراہی سے بچ سکیں۔

نام نہاد تفسیر نجدی وہابی کی یہ بکواس کہ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ کا مقام ہر مومن صادق کو حاصل ہے۔ یہ کوئی ایسا مقام نہیں جو صرف بعض اولیاء ہی کو حاصل ہو، خلاف حقیقت ہے قطعًا غلط ہے۔ صحیح یہ ہے کہ ہر کافر "عدو اللہ" دشمن خدا ہے۔ اور ہر مومن صادق ولی اللہ ہے، خدا تعالیٰ کا دوست ہے۔ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ط وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓـؤُھُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَھُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ (پ۳ ع۲)۔ اللہ ولی ہے مسلمانوں کا انہیں اندھیروں سے (کفر وضلالت سے ایمان و ہدایت کی روشنی اور) نور کی طرف نکالتا ہے اور کافروں کے حمایتی شیطان ہیں وہ انہیں نور سے اندھیریوں کی طرف نکالتے ہیں"۔ نیز فرمایا۔ وَاللّٰهُ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ (پ۳ ع۱۵) اور ایمان والوں کا والی اللہ ہے۔



Marfat.com

یہ ولایت عامہ ہے جو ہر مومن کو حاصل ہے اور اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔ سے ولایتِ خاصہ مراد ہے۔ جو مخصوص مومنوں کو عطاءِ الٰہی سے ملتی ہے۔ یہ ولایت ایک قربِ خاص ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ بندوں کو محض اپنے فضل وکرم سے عطا فرماتا ہے۔ ولایت وہبی شئے ہے کوئی شخص اعمالِ شاقہ سے خود حاصل نہیں کرسکتا۔ البتہ غالباً اعمالِ حسنہ اس عطیۂ الٰہی کے لئے ذریعہ ہوتے ہیں اور بعضوں کو ابتداءً مل جاتی ہے۔ اولیاء کو اللہ نے بہت بڑی طاقت دی ہے۔ ان میں جو اصحاب خدمت ہیں ان کو تصرف کا اختیار دیا جاتا ہے، سیاہ وسفید کے مختار بنا دیئے جاتے ہیں۔ یہ حضرات سرکارِ دوعالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے سچے نائب ہیں۔ ان کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کی نیابت میں علومِ غیبیہ پر اطلاع اور اختیارات و تصرّفات اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے عطا کئے جاتے ہیں۔



Marfat.com

# قرآن مجید اور حدیث شریف میں علوم غیبیہ وتصرفاتِ اولیاء کے بہت واقعات مذکور ہیں

فقیر اپنی تالیف راہِ ایمان میں مختلف عنوانات کے تحت آیاتِ قرآن و روایاتِ حدیث درج کرچکا ہے۔ نیز آئندہ صفحات میں بھی درج کرے گا جن سے محبوبانِ خدا انبیاء واولیاء کے علوم تصرفات کا اثبات ہوتا ہے۔ تاہم اس مقام پر بھی نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ کی مذکورہ بالا خلافِ قرآن و حدیث اس شیطانی بکواس کی کہ "تمام مومنین ومتقین بھی اولیاء اللہ ہیں، کی تردید کردینا ضروری سمجھتا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دربار میں موجود لاتعداد مومنوں کو مخاطب کرکے فرمایا۔ یٰاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّکُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ۔ " اے درباریو! تم میں کون ہے جو اس (ملکہ سبا بلقیس) کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہوکر حاضر ہوں"؛ غور کا مقام ہے کہ اگر بقول وہابیہ خبیثہ تمام مومنین ومتقین یکساں منصب ولایت پر فائز ہوتے تو حضرت سلیمان علیہ السلام



Marfat.com

دربار میں موجود کسی بھی ایک کو حکم فرما دیتے کہ تم ملکہ سباء کا تخت یہاں لے آؤ۔ مگر قرآن شاہد ہے کہ کسی ایک کو حکم فرمانے کے بجائے یہی فرمایا کہ "تم میں کون ہے جو اس کا تخت ان کے یہاں پہنچنے سے قبل میرے پاس لے آئے"۔ تو اس سے ثابت ہوا کہ آپ کا روئے سخن ولایت عامہ کے حامل مومنین کی جانب نہیں تھا، صرف اُن کی جانب تھا جو ولایت خاصہ کے حامل تھے۔

اس سے نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں لکھی گئی تمام تر شیطانی بکواس کی مکمل تردید ہو جاتی ہے۔

فقیر ابوالحسان قادری غفرلہ قرآن مجید سے یہ پورا قصہ نقل کر دیتا ہے تاکہ مسلمان نجدیہ وہابیہ کی تحریفات و خرافات سے گمراہ نہ ہوں۔

حضرت سلیمان علیہ السلام کے بُلانے پر جب ملکۂ سباء بلقیس حاضر ہونے کے لئے تیار ہوئی تو اس نے اپنا تخت جو اسّی (۸۰) گز طویل اور چالیس (۴۰) گز عریض اور تیس (۳۰) گز اونچا تھا سونے چاندی اور جواہرات سے مرصّع تھا، اپنے سات محلّات میں سب سے پیچھے محل میں محفوظ کر کے تمام دروازے مقفل کر دیئے اور دروازوں پر مسلح پہرے دار مقرر کر دیئے اور بھاری لشکر



Marfat.com

ساتھ لے کر روانہ ہوئی۔ ملکہ صبا جب تین میل دُور رہ گئی تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا یٰٓاَیُّهَا الْمَلَؤُا اَیُّكُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ۔ " اے درباریو! تم میں کون ہے جو اس کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہو۔"

ایک بڑا جن جس کا نام عمرہ تھا بولا کہ میں وہ تخت حضور میں حاضر کر دُوں گا قبل اس کے کہ حضور اجلاس برخاست کریں (آپ کا اجلاس صبح سے دوپہر تک ہوتا تھا) اور میں بے شک اس پر قوت والا اور امانت دار ہوں۔"

یعنی مجھے اس تخت کے لانے کی طاقت بھی ہے اور امانت دار بھی ہوں کہ اس تخت پر جو موتی جواہرات زمرد اور سونا چاندی جڑے ہیں ان کو احتیاط کے ساتھ کسی قسم کی خیانت کئے بغیر آپ کی خدمت میں حاضر کر دُوں گا۔

اس جن کی رفتار کا یہ عالم تھا کہ جہاں اس کی نظر پہنچتی تھی وہاں ہی وہ اپنا قدم رکھتا تھا۔ اس نے حضرت سے اپنی رفتار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں جلد ہی تخت لے آتا ہوں حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا "میں چاہتا ہوں کہ تجھ سے بھی زیادہ جلد لانے والا شخص ہو۔"



Marfat.com

اس پر آپ کے وزیر آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اللہ کا اسمِ اعظم جانتے تھے۔ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتَابِ۔ اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا۔ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ کہ میں ملکہ کے تخت کو آپ کے پلک جھپکنے سے بھی پہلے حضور میں حاضر کر دوں گا۔ وہ تخت دو ماہ کے طویل سفر کے فاصلے پر تھا۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا "لاؤ حاضر کرو" حکم ملتے ہی آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے وضو کیا اور سجدہ میں جا کر دعا کی اور کہا یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بلقیس کا تخت فوراً آموجود ہوا۔ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب دیکھا تو تخت کو اپنے پاس موجود پایا۔ (پارہ ۱۹ ع ۱۸)۔

قرآن مجید سے ثابت ہوا کہ اولیاء اللہ ایک مقام پر رہ کر دُور دراز مقامات پر تصرف کر سکتے ہیں۔ نیز لفظ اٰتِیْكَ بِهٖ میں اس تخت کو آپ کے حضور لے آؤں گا۔ سے جانا بھی ثابت اور تخت لے کر آنا بھی ثابت مگر حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہ دربار سے گئے نہ کہیں سے آئے۔ اس سے تجدد امثال ثابت ہوا۔ اور جب بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم الصلوٰۃ



Marfat.com

والسلام کے اُمتی اولیاء اللہ کی یہ شان ہے تو سید الرسل امام الانبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اُمتی اولیاء اللہ کی شان کس قدر ارفع و اعلیٰ ہوگی؟ فَتَدَبَّرُوْا فَهِمْ وَلَا تَكُنْ مِنَ الْوَهَّابِيْنَ الضَّالِّيْنَ وَالْمُضِلِّيْنَ۔

حضرت عارف باللہ مولانا روم علیہ الرحمۃ نے فرمایا۔

اولیاء راہست قدرت از الٰہ

تیر جستہ باز گردانند ز راہ

اولیاء اللہ کو اللہ تعالیٰ کی عطاء سے یہ قدرت حاصل ہے کہ کمان سے نکلے ہوئے تیر کو راستہ ہی سے واپس لوٹا دیں۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔

ع نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی عقیدت ہو تو دیکھ ان کو
ید بیضاء لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں!

ع نہ تیغ و تیر میں نہ لشکر و سپاہ میں ہے
جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے



Marfat.com

# امام الاولیاء پاک و ہند سید علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش قدس سرہٗ فرماتے ہیں

## اللہ تعالیٰ نے اولیاء کو اپنے مُلک کا والی بنایا اور اپنے فعل و اظہار کا مرکز بنایا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ہ اور ارشاد ہے نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ۔ خبردار! اللہ کے اولیاء وہ ہیں جن پر نہ خوف ہوتا ہے اور نہ حزن و ملال اور فرمایا ہم تمہاری دنیاوی اور اُخروی زندگی میں مددگار ہیں۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا "ایمانداروں کا مددگار اللہ ہی ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَعِبَادٍ يَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَالشُّهَدَاءُ بلاشبہ بندگانِ خدا میں سے کچھ بندے ایسے ہیں جن پر انبیاء و شہداء غبطہ (رشک) کرتے ہیں۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ مضھم لنا لعلنا نحبھم۔ یارسول اللہ! ہمیں ان کی پہچان بتلایئے تاکہ ہم ان سے محبت قائم رکھیں۔ آپ نے فرمایا۔ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ مِنْ غَيْرِ اَمْوَالٍ وَاكْتِسَابٍ



Marfat.com

وُجُوهُهُمْ نُوْرٌ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ لَا یَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَ لَا یَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ ثُمَّ تَلَا اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔" یہ وہ لوگ ہیں جو مال و محنت کے بغیر صرف ذاتِ الٰہی سے محبت رکھتے ہیں، ان کے چہرے نور کے میناروں پر روشن و تاباں ہیں لوگوں کے خوف کے وقت یہ بے خوف اور ان کے غموں کے وقت یہ بے غم ہیں۔" پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ بے شک اللہ کے اولیاء وہ ہیں جن پر نہ خوف ہے نہ حزن و ملال۔

ایک حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مَنْ اٰذٰی اَوْلِیَا فَقَدْ اسْتَحَلَّ مُحَارَبَتِیْ۔ "جس نے میرے ولی کو ایذا دی، اس سے میرا لڑنا حلال ہو گیا۔"

کتاب و سُنّت کے ان دلائل سے مراد یہ ہے کہ اولیاء اللہ کی شان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی دوستی و ولایت سے مخصوص کر کے اپنے ملک کا والی بنایا ہے اور ان کے احوال کو برگزیدہ کر کے اپنے فعل و اظہار کا مرکز بنایا ہے اور متعدد کرامتوں سے سرفراز کر کے ان کی طبع کی آفتوں اور نفس و ہوا کی پیروی سے پاک و منزّہ فرمایا ہے۔ تاکہ ان کے تمام ارادے خدا کے لئے ہی ہوں۔ اور ان کی محبت اسی سے ہو، زمانہ ماضی میں ہم سے پہلے بھی



Marfat.com

اولیاء اللہ گزرے ہیں اور آج بھی موجود ہیں اور قیامت تک ہوتے رہیں گے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس اُمّت کو تمام گزشتہ اُمّتوں پر شرافت و بزرگی عطا فرمائی ہے اور ضمانت دی ہے کہ ہیں شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی ہمیشہ حفاظت فرماؤں گا۔ اس پر دلائل نقلیہ اور براہین عقلیہ علماء کے درمیان آج بھی موجود ہیں اور غیبی دلائل بھی کہ اولیاء اللہ اور خاصان خدا کا موجود ہونا ضروری ہے۔

اس مسئلہ میں ہمارا اختلاف دو گروہوں سے ہے ایک معتزلہ سے دوسرے حشویوں سے۔ معتزلہ ایمانداروں میں ایک کی دوسرے پر تخصیص کا انکار کرتے ہیں۔ حالانکہ ولی کے خاص ہونے سے انکار کرنا نبی کے انکار کو مستلزم ہے اور یہ کفر ہے اور عام حشوی اگرچہ تخصیص کو جائز تو رکھتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ کہتے ہیں کہ ولی ہوتے تو ہیں لیکن آج نہیں ہیں۔ حالانکہ ماضی و حال و مستقبل کا انکار سب برابر ہے اس لئے کہ انکار کا ایک رُخ دوسرے رُخ سے زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

لہٰذا اللہ تعالیٰ نے براہین نبوت کو آج تک باقی رکھا ہے۔ اور اولیاء کو اس کے اظہار کا سبب بنایا ہے تاکہ آیات حق اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے دلائل ہمیشہ ظاہر ہوتے



Marfat.com

رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اولیاء کو جہان کا والی بنایا ہے یہاں تک کہ وہ خالص سُنّتِ نبوی کے پیرو کار ہو کر رہے اور نفس کی پیروی کی راہوں کو چھوڑ دیا۔

آسمان سے رحمتوں کی بارش انہی کے قدموں کی برکت سے ہوتی ہے اور زمین میں جو کچھ اُگتا ہے وہ انہی کی برکت اور ان کے احوال کی صفائی کی بدولت پیدا ہوتا ہے۔ کافروں پر مسلمانوں کی فتحیابی انہی کے ارادے سے ہے۔

# مخفی اولیاء کی تعداد

اولیاء اللہ میں سے چار ہزار تو وہ ہیں جو پوشیدہ رہتے ہیں۔ وہ نہ تو ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں اور نہ اپنے حال کی خوبی و جمال کو جانتے ہیں۔ ان کی حالت خود اپنے سے اور تمام لوگوں سے پوشیدہ رہتی ہے۔ اس بارے میں متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں۔ اور اولیاء کرام کے اقوال اس پر شاہد و ناطق ہیں۔ مجھ پر خود بحمد اللہ اس کے معانی ظاہر ہو چکے ہیں۔



Marfat.com

# اولیاء کے اقسام

جو اولیاء حق تعالیٰ کی بارگاہ کے لشکری اور مشکلات کو حل کرنے والے اور حل شدہ کو بند کرنے والے ہیں ان کی تعداد تین سو (۳۰۰) ہے ان کو اخیار کیا جاتا ہے۔ اور چالیس (۴۰) وہ ہیں جن کو ابدال اور سات (۷) وہ ہیں جن کو ابرار اور چار (۴) وہ ہیں جن کو اوتاد اور تین (۳) وہ ہیں جن کو نقباء اور ایک (۱) وہ ہے جسے قطب اور غوث کہا جاتا ہے۔

یہ اولیاء وہ ہیں جنہیں ایک دوسرے پہچانتے ہیں اور اُمور و معاملات میں ایک دوسرے کی اجازت کے محتاج ہوتے ہیں۔ اس پر مروی صحیح حدیثیں ناطق ہیں۔ اور اہل سُنّت و جماعت کا ان کی صحت پر اجماع ہے۔ یہاں شرح و بسط کی گنجائش نہیں ہے۔ (کشف المحجوب ص۲۰۴ تا ص۳۰۶ ترجمہ اردو)۔

الحمد للہ! کہ نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں اولیاءاللہ کے بارے میں تمام ترہفوات شیطانیہ باطلہ کی تردید و تغلیط مکمل ہوگئی اور ثابت ہوگیا کہ اعداء اللہ کفار کے بالمقابل ہر مومن مومن ہونے کے لحاظ سے اللہ کا ولی ہے لیکن یہ ولایت ولایت عامہ ہے۔ ایمان کے لحاظ سے تمام مومن برابر ہیں۔ اس



Marfat.com

کے باوجود کوئی مطیع، کوئی عاصی، کوئی عالم، کوئی جاہل ہے۔ اسی بناء پر خصوصیت سے انکار سے ہر معنے کا انکار لازم آتا ہے۔ صحیح یہی ہے کہ ایمان کا حکم عام ہے اور عام لوگوں سے متعلق ہے اور ولایت کرامت کا حکم خاص اور خواص اولیاء سے متعلق ہے۔ فقط:۔

# تعریفِ ولایت وصفات وفضائل اولیاء اللہ

قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ۝ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ذٰلِکَ ھُوَالْفَوْزُ الْعَظِیْمُ۝ (پ۱۱ ع ۱۲)۔

''سن لو! بے شک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے ہیں انہیں خوشخبری ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں یہی بڑی کامیابی ہے''

''ولی'' کی اصل وِلاء سے ہے جو قرب ونصرت کے معنی میں ہے۔ ولی اللہ وہ ہے جو فرائض سے قربِ الٰہی حاصل کرے اور اطاعتِ الٰہی میں مشغول رہے اور اس کا دل نورِ جلالِ الٰہی



Marfat.com

کی معرفت میں مستغرق ہو۔ جب دیکھے دلائل قدرتِ الٰہی کو دیکھے اور جب سُنے اللہ کی آیت میں ہی سُنے۔ اور جب بولے تو اپنے رب کی ثناء ہی کے ساتھ بولے۔ اور جب حرکت کرے طاعتِ الٰہی میں حرکت کرے اور جب کوشش کرے اسی امر میں کوشش کرے جو ذریعۂ قربِ الٰہی ہو۔ اللہ کے ذکر سے نہ تھکے اور چشمِ دل سے خدا کے سوا غیر کو نہ دیکھے، یہ صفت اولیاء کی ہے۔ بندہ جب اس حال پر پہنچتا ہے تو اللہ اس کا ولی و ناصر و مُعین و مددگار ہوتا ہے۔

متکلمین کہتے ہیں ولی وہ ہے جو اعتقادِ صحیح مبنی بر دلیل رکھتا ہو اور اعمالِ صالح شریعت کے مطابق بجالاتا ہو۔ بعض عارفین نے فرمایا کہ ولایت نام ہے قربِ الٰہی اور ہمیشہ اللہ کے ساتھ مشغول رہنے کا جب بندہ اس مقام پر پہنچتا ہے تو اس کو کسی چیز کا خوف نہیں رہتا اور نہ کسی شئے کے فوت ہونے کا غم ہوتا ہے۔

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ولی وہ ہے جس کو دیکھنے سے اللہ یاد آئے۔ یہی طبری کی حدیث میں بھی ہے۔ ابنِ زید علیہ الرحمتہ نے کہا کہ ولی وہی ہے جس میں وہ صفت ہو جو اس آیت میں مذکور ہے۔ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا



Marfat.com

يَتَّقُوْنَ ۝ یعنی ایمان وتقویٰ دونوں کا جامع ہو۔ بعض علماء نے فرمایا کہ ولی وہ ہیں جو خالص اللہ کے لئے محبت کریں۔ اولیاء کی یہ صفت حدیث کثیرہ میں وارد ہوئی ہے۔

بعض اکابرین نے فرمایا ولی وہ ہیں جو طاعت سے قربِ الٰہی کی طلب کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کرامت سے ان کی کارسازی فرماتا ہے۔ یا وہ جن کی ہدایت کا برہان کے ساتھ اللہ کفیل ہو۔ اور وہ اس کا حق بندگی ادا کرے۔ اور اس کی خلق پر رحم کرنے کے لئے وقف ہو گئے۔ یہ معانی اور عبارات اگرچہ جداگانہ ہیں لیکن ان میں اختلاف کچھ بھی نہیں ہے۔ کیونکہ ہر ایک عبارت میں ولی کی ایک ایک صفت بیان کر دی گئی ہے، جسے قربِ الٰہی حاصل ہوتا ہے یہ تمام صفات اس میں ہوتی ہیں۔ ولایت کے درجے اور مراتب میں ہر ایک بقدر اپنے درجے کے فضل و شرف رکھتا ہے۔ (خزائن العرفان)

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۝ کے معنے" اس خوشخبری سے یا تو وہ مراد ہے جو پرہیزگار ایمانداروں کو قرآن میں جا بجا دی گئی ہے یا بہترین خواب مراد ہے جو مومن دیکھتا ہے یا اس کے لئے دیکھا جاتا ہے۔ جیسا کہ کثیر احادیث میں وارد ہوا ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ ولی کا قلب اور اس کی رُوح



Marfat.com

دونوں ذکرِ الٰہی میں مستغرق رہتے ہیں تو وقتِ خواب اس کے دل میں سوائے ذکر و معرفت الٰہی کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ اس لئے جب ولی خواب دیکھتا ہے تو اس کا خواب حق اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے حق میں بشارت ہوتی ہے۔ بعض مفسرین نے اس بشارت سے دنیا کی نیک نامی بھی مراد لی ہے۔ مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا اس شخص کے لئے کیا ارشاد فرماتے ہیں جو نیک عمل کرتا ہے اور لوگ اس کی تعریف کرتے ہیں فرمایا یہ مومن کے لئے بشارت عاجلہ ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ یہ بشارت عاجلہ رضائے الٰہی اور اللہ کے محبت فرمانے اور خلق کے دل میں محبت ڈال دینے کی دلیل ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے "اس کو زمین میں مقبول کر دیا جاتا ہے۔" قتادہ نے کہا کہ ملائکہ وقت موت اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت دیتے ہیں۔

عطاء کا قول ہے کہ دنیا کی بشارت تو وہ ہے جو ملائکہ وقت موت سُناتے ہیں اور آخرت کی بشارت وہ ہے جو مومن کو جان نکلنے کے بعد سُنائی جاتی ہے کہ اللہ اس سے راضی ہے۔" (خزائن العرفان)۔



Marfat.com

# اولیاء کو ان کی موت کے وقت ملائکہ سلام کہتے اور بشارتیں دیتے ہیں

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَا اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْا خَيْرًا لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۔ (پ ۱۴ ع ۱۰)

" اور ڈر والوں (ایمان والوں) سے کہا گیا تمہارے رب نے کیا اُتارا بولے خوبی (یعنی قرآن شریف جو تمام خوبیوں کا جامع اور حسنات و برکات کا منبع اور دینی و دنیاوی اور ظاہری و باطنی کمالات کا سرچشمہ ہے۔) جنہوں نے اس دنیا میں بھلائی کی، (یعنی ایمان لائے اور نیک عمل کئے) ان کے لئے بھلائی ہے۔ (یعنی حیات طیبہ ہے)۔ اور بے شک پچھلا گھر سب سے بہتر اور ضرور (دارِ آخرت) کیا ہی اچھا گھر پرہیزگاروں کا بسنے کے باغ جن میں جائیں گے۔ ان کے نیچے نہریں رواں وہاں انہیں ملے گا جو چاہیں اللہ ایسا ہی صلہ دیتا ہے پرہیزگاروں کو وہ جن کی



Marfat.com

جان نکالتے ہیں فرشتے ستھرے پن میں (قبض روح کے وقت ان کو جنت و رضوان و رحمت و کرامت کی بشارتیں دی جاتی ہیں اس حالت میں موت انہیں خوشگوار معلوم ہوتی ہے اور جان فرحت و سرور کے ساتھ جسم سے نکلتی ہے۔ اور ملائکہ عزت کے ساتھ اس کو قبض کرتے ہیں۔ (تفسیر خازن و خزائن)۔ یہ کہتے ہوئے کہ سلامتی ہو تم پر (مروی ہے کہ قریب موت بندۂ مومن کے پاس فرشتہ آکر کہتا ہے اے اللہ کے دوست تجھ پر سلام اور اللہ تعالیٰ تجھے سلام فرماتا ہے اور آخرت میں ان سے کہا جائے گا) جنت میں جاؤ بدلہ اپنے کئے کا (خزائن العرفان)۔

## ولی اللہ کی حرمت کعبۃ اللہ سے زیادہ ہے

عَنْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ قَالَ رَأَیْتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَطُوْفُ بِالْکَعْبَۃِ وَیَقُوْلُ مَا اَطْیَبَکَ رِیْحَکَ مَا اَعْظَمَکَ وَاَعْظَمَ حُرْمَتَکَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٌ بِیَدِہٖ لِحُرْمَۃِ الْمُؤْمِنِ اَعْظَمَ عِنْدَ اللّٰہِ حُرْمَۃِ مِنْکَ مَالَہٗ وَدَمَہٗ وَاِنْ نَظُنَّ بِہٖ اِلَّا خَیْرًا (سنن ابن ماجہ حدیث نمبر ۱۷۳۰)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے



Marfat.com

فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ کعبہ کا طواف کر رہے ہیں اور فرما رہے ہیں (اے کعبہ! اللہ تعالیٰ نے تجھے کتنا زیادہ خوشبودار بنایا ہے اور تیری ہوا کو کتنا زیادہ خوشبودار کیا ہے، تجھے کتنی زیادہ عظمت (بزرگی) بخشی ہے اور تیری عزت و آبرو کو کتنا زیادہ عظمت (بزرگی) عطا کی ہے۔ مجھے اس ذات مقدس کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے مومن کی حرمت (عزت و آبرو) اللہ کی بارگاہ میں تیری حرمت سے بہت زیادہ عظیم ہے، اس کا مال اور اس کا خون بھی۔ اور اس لئے ہمیں مومن کے بارے میں نیک گمان رکھنا چاہیئے۔

## اولیاء اللہ دو قسم کے ہیں!
## تکوینی ولی اور تشریعی ولی!

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِنَّهٗ خَرَجَ يَوْمًا اِلٰى مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يُبْكِيْنِيْ بِشَيْءٍ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ



Marfat.com

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَآءِ
شِرْكٌ وَمَنْ عَادٰى لِلّٰهِ وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَآءَ الْاَخْفِيَاءَ الَّذِيْنَ اِذَا غَابُوْا لَمْ يَتَفَقَّدُوْا وَ
اِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُتَقَرَّبُوْا قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدٰى
يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غُبَرَاءَ مُظْلِمَةٍ ۔ رواہ ابن ماجۃ والبیہقی فی
شعب الایمان (مشکوٰۃ باب الریاء والسمعۃ) ۔

روایت ہے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے کہ وہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کی طرف گئے تو حضور کی قبر انور کے پاس معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو بیٹھے ہوئے پایا جو رو رہے تھے۔ حضرت عمر نے پوچھا کہ اے معاذ کیوں رو رہے ہو؟ بولے مجھے وہ چیز رُلا رہی ہے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی تھی (یعنی میں نے ایک نصیحت حضور سے سُنی تھی مگر اس پر عمل نہ کر سکا، اپنی اس محرومی یا معذوری پر رو رہا ہوں) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا کہ تھوڑی سی ریاء کاری بھی شرک ہے اور میرے رونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ حضور انور نے فرمایا کہ اللہ کے دوستوں کی ایذاء رب تعالیٰ سے جنگ کرنا ہے اور اللہ کے اولیاء چھپے ہوتے ہیں کہ ان کی پہچان بہت مشکل ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بڑوں



Marfat.com

دوستوں سے شکر رنجی ہو جاتی ہے، ہو سکتا ہے ان میں سے کوئی ولی اللہ ہو ان کی تکلیف میرے لئے مصیبت بن جائے۔

حضرت مُلّا علی قاری علیہ الرحمتہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں کہ حدیث قدسی میں ہے اَوْلِیَائِی تَحْتَ قَبَائِی لَا یَعْرِفُھُمْ غَیْرِی۔ میرے ولی میری قبا میں رہتے ہیں انہیں میرے سوا کوئی نہیں پہچانتا۔

خیال رہے کہ اولیاء اللہ دو قسم کے ہیں تکوینی ولی اور تشریعی ولی۔ تکوینی ولی جو دنیا کے سیاہ و سفید کے مالک بنا دیئے جاتے ہیں ان کی تعداد مقرر ہے۔ مگر تشریعی اولیاء اللہ کی تعداد میں جہاں چالیس متقی مسلمان جمع ہوں ان میں انشاء اللہ ایک ولی ضرور ہوتا ہے۔ اس ولی کو خود بھی خبر نہیں ہوتی کہ میں ولی اللہ ہوں مگر ہوتا ہے ولی)۔ اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اُن نیکوں پرہیزگاروں چھپے ہوؤں کو کہ جب وہ غائب ہوں تو ڈھونڈھے نہ جائیں اور اگر حاضر ہوں تو بلائے نہ جائیں نہ قریب کئے جائیں (غالبًا اس سے وہی اولیائے تشریعی مُراد ہیں اور ہو سکتا ہے کہ اولیائے تکوینی بھی اس میں داخل ہوں کہ اکثر ان میں سے چھپے ہوئے رہتے ہیں، کم اولیاء ایسے ہیں جنہیں مخلوق پہچانتی ہے۔ خیال رہے کہ نبوت کا اعلان ضروری ہے



Marfat.com

مگر ولایت کا اعلان ضروری نہیں۔ اکثر اعلانِ ولایت کرنے والے خالی ہوتے ہیں۔ علماء کے لئے اعلان ضروری ہے کہ یہ نائبینِ رسُول ہیں۔ اولیاء اللہ اکثر چھُپے رہتے ہیں۔ علمائے دین اسلام کی ظاہری پولیس ہیں۔ اکثر اولیاء اللہ خُفیہ پولیس یہ حضرات کبھی اپنے کو ولی نہیں کہتے۔ بعض اولیاء کے متعلق لوگوں کی زبان سے خود بخود نکلتا ہے یہ ولی ہے۔ ایسے اولیاء جن کی لوگوں کو پہچان نہیں ہوتی اُن کی پروا نہیں کی جاتی۔ ان کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے۔ قُلُوبُهُمْ مَصَابِيحُ الْهُدٰى۔ ان کے دل ہدایت کے چراغ ہوتے ہیں۔ یعنی جیسے چراغ سے ہدایت و نُور ملتا ہے ایسے ہی ان کے دلوں، ان کی نگاہوں سے لوگوں کو ہدایت اور نُور ملتا ہے۔ یہ حضرات حقانیت اسلام کی دلیلیں ہیں۔

دینِ حق وہی ہے جس میں اولیاء اللہ ہوں، انہی کا راستہ صراطِ مستقیم ہے۔ اللہ کا ارشاد ہے صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اور فرماتا ہے يَآاَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ۔ اس روایت حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں يُخْرِجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ "یہ (اولیاء) ہر تاریک گرد آلود سے نکلیں گے"۔ (یعنی یہ اولیاء اللہ تاریک گھروں



Marfat.com

غیر مشہور محلوں نامعلوم بستیوں سے پیدا ہوتے رہیں گے۔ یا یہ مطلب ہے کہ وہ حضرات تاریک گرد و غبار والے عقائد و شبہات سے نکل جائیں گے کبھی اس میں پھنسیں گے نہیں۔ (مرقاۃ)۔

امام غزالی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ ہر عالم دین متقی ولی اللہ ہے۔ اگر متقی عالم ولی نہ ہوتو کوئی ولی ہی نہیں۔ (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ از مُلّا علی قاری علیہ الرحمۃ)۔

عرفِ عام میں یہ ہے کہ جس سے روحانی فیوض جاری ہوں انہیں صوفیاء اولیاء کہا جاتا ہے۔ جن سے شرعی فیوض جاری ہوں انہیں علماء کہتے ہیں۔ (مرآت شرح مشکوٰۃ)۔

## اولیاء تکوینی کی تعداد مقرر ہے

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالٰی کے لئے مخلوق میں تین سو (۳۰۰) اولیاء ہیں کہ ان کے دل قلب آدم (علیہ السلام) پر ہیں۔ اور چالیس (۴۰) کے دل قلب موسیٰ (علیہ السلام) اور سات (۷) کے



Marfat.com

دل قلب ابراہیم (علیہ السلام) اور پانچ کے دل قلب جبرائیل (علیہ السلام) اور تین (۳) کے دل قلب میکائیل (علیہ السلام) اور ایک کا دل قلب اسرافیل (علیہ السلام) پر ہے۔ علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ جب وہ ایک مرتا ہے تین میں سے کوئی اس کا قائم مقام ہوتا ہے اور جب ان تین میں سے کوئی انتقال کرتا ہے تو پانچ میں سے اس کا بدل لیا جاتا ہے اور پانچ والے کا عوض سات اور سات کا چالیس اور چالیس کا تین سو اور تین سو کا عام مسلمین سے۔ فِیْهِمْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَیُمْطِرُ وَیُنْبِتُ وَیَدْفَعُ الْبَلَاءَ۔ انہی تین سو چھپن اولیاء کے ذریعہ خلق کی حیات و موت، مینہ کا برسنا، نباتات کا اُگنا، بلاؤں کا دفع ہونا ہوا کرتا ہے۔ (ابن عساکر اور ابونعیم فی الحلیہ)۔

نیز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لَنْ تَخْلُوَ الْاَرْضُ مِنْ اَرْبَعِیْنَ رَجُلًا مِثْلَ خَلِیْلِ الرَّحْمٰنِ فِیْهِمْ تُسْقَوْنَ وَبِهِمْ تُنْصَرُوْنَ ○ (رواہ الطبرانی فی الاوسط)۔

"زمین ہرگز خالی نہ ہوگی چالیس (۴۰) اولیاء سے کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پرتو پر ہوں گے، انہی کے سبب تمہیں مینہ ملے گا اور انہی کے سبب مدد پاؤ گے۔

وَفِیْ رِوَایَةٍ فِیْهِمْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَیُمْطِرُ وَیُنْبِتُ وَیَدْفَعُ



Marfat.com

البلاء ۔ (رواہ ابونعیم فی الحلیہ)۔

اور طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاَبْدَالُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلَاثُوْنَ بِھِمْ تَقُوْمُ الْاَرْضُ وَبِھِمْ تُمْطَرُوْنَ وَبِھِمْ تُنْصَرُوْنَ ○

" نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابدال میری اُمّت میں تیس (۳۰) ہیں ان ہی سے زمین قائم ہے۔ ان ہی کے وسیلے سے تمہیں بارش نصیب ہوتی ہے اور ان ہی کے وسیلے سے تمہیں مدد ملتی ہے۔" واضح رہے کہ ولایت عامہ تمام مومنین کو حاصل ہے اس کے بعد

# اولیاء خواص کے مقامات ہیں

حضرت مجدد مأۃ حاضرہ امام اہلسنت احمد رضا خان صاحب بریلوی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں۔

سَالِحِیْنَ، سَالِکِیْنَ، قَانِتِیْنَ، وَاصِلِیْنَ۔ اس کے بعد واصلوں کے مراتب ہیں نجباء، نقباء، اَبْدَال، بُدَلَا، اَوْتَادْ اِمَامِیْن، غوث، صدیق ان کے بعد مقام نبی اور مقام رسول



Marfat.com

ہے۔ ولایت سب کو شامل۔ (ملفوظات اعلیحضرت بریلوی)۔

بحمدہٖ تعالیٰ، نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں لکھی گئی اس شیطانی بکواس کہ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ کا مقام ہر مومن صادق کو حاصل ہے۔ یہ کوئی ایسا مقام نہیں جو صرف بعض اولیاء اللہ ہی کو حاصل ہو۔ اور پھر اس مقام کا مفہوم بھی کچھ کا کچھ بیان کیا جاتا ہے۔ حالانکہ تمام مومنین و متقین بھی اولیاء اللہ ہیں۔ اولیاء اللہ کوئی الگ مخلوق نہیں۔ ہاں البتہ اولیاء کے درجات میں فرق ہو سکتا ہے"۔ کی تردید قرآن و حدیث سے بطریقِ احسن کر دی گئی ہے۔ اور ثابت کیا جا چکا ہے کہ تمام مومنین کی ولایت عامہ ہے۔ اور خواص اولیاء اللہ کے مناصب و مقامات الگ ہیں۔ ان کی تعداد مقرر ہے اور ان کے فضائل بھی خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرما دیئے ہیں کہ ان ہی سے نظامِ دنیا قائم ہے۔ اس کے بعد بطور تتمّہ چند وہ احادیث درج کی جاتی ہیں جن سے عنداللہ اولیاء اللہ کی شانِ محبوبیت و مقامِ مقبولیت کا ایمان افروز اظہار ہوتا ہے۔



Marfat.com

# اولیاء اللہ کے حضور حاضری کی نیت کر لینا بھی موجب نجات ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ فِیْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَۃً وَّتِسْعِیْنَ اِنْسَانًا ثُمَّ خَرَجَ یَسْأَلُ فَاَتٰی رَاہِبًا فَسَأَلَہٗ فَقَالَ ھَلْ تَوْبَۃٌ قَالَ لَا فَقَتَلَہٗ فَجَعَلَ یَسْأَلُ فَقَالَ لَہٗ رَجُلٌ اِئْتِ قَرْیَۃَ کَذَا وَکَذَا فَاَدْرَکَہُ الْمَوْتُ فَنَاءَ بِصَدْرِہٖ نَحْوَھَا فَاخْتَصَمَتْ فِیْہِ مَلٰٓئِکَۃُ الرَّحْمٰنِ وَمَلٰٓئِکَۃُ الْعَذَابِ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلٰی ھٰذِہٖ اَنْ تَقَرَّبِیْ وَاَوْحٰٓی اِلٰی ھٰذِہٖ اَنْ تَبَاعَدِیْ وَقَالَ قِیْسُوْا مَا بَیْنَھُمَا فَوُجِدَ اِلٰی ھٰذِہٖ اَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَلَہٗ۔

(صحیح بخاری صہ ۴۹۴ جلد اول)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وصحبہٖ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا جو ننانوے (۹۹) انسانوں کو قتل کر چکا تھا۔ پھر اپنے کئے پر نادم ہو کر لوگوں سے پوچھتا پھرتا تھا کہ میں کس کے پاس حاضر ہو کر توبہ کروں تو وہ ایک راہب کے پاس پہنچا اور اس سے



Marfat.com

اپنے جرائم کا ذکر کر کے پوچھا۔ کیا میرے لئے توبہ کی کچھ گنجائش ہے؟ راہب بولا نہیں تو اس نے اس راہب کو بھی قتل کر ڈالا۔ اور پھر لوگوں سے اپنے جرائم کی بخشش کے متعلق پوچھتا پھرا۔ ایک شخص نے اس سے کہا تُو فلاں قصبہ میں جا کہ وہاں ایسا صالح مرد ہے جہاں تیری توبہ قبول ہو جائے گی۔ یہ سُن کر وہ اس قصبہ کی طرف روانہ ہوا۔

لیکن راستے ہی میں اُسے موت آ پہنچی اور وہ زمین پر گرا اور اس نے اسی حالت میں اپنے سینہ کے بل اس قصبہ کی طرف خود کو گھسیٹا، اس کے مرنے کے بعد رحمت کے فرشتے اس کے بارے میں جھگڑنے لگے۔ رحمت کے فرشتے کہتے تھے کہ چونکہ یہ آدمی فلاں صالح مرد کے ہاں جا رہا تھا اس لئے یہ رحمت کا مستحق ہے اور عذاب کے فرشتوں کا کہنا تھا کہ چونکہ یہ آدمی اس صالح مرد کے حضور پہنچا نہیں اس کے جرائم ابھی معاف نہیں ہوئے اس لئے یہ عذاب کا سزاوار ہے۔

پس اللہ تعالیٰ نے اس قصبہ کی زمین کو حکم فرمایا کہ میت کے قریب ہو جا۔ اور دوسری طرف کی زمین کو حکم فرمایا کہ تو اس میت سے دُور ہو جا۔ اور پھر اللہ تعالیٰ نے ملائکہ رحمت اور ملائکہ عذاب سے فرمایا کہ دونوں طرف کے فاصلے کی پیمائش کرو جب



Marfat.com

انہوں نے پیمائش کی تو میت اس قصبہ کی جانب بالشت بھر قریب نکلی اس پر اس کی مغفرت کردی گئی۔

## اولیاء اللہ وفات کے بعد زمین میں گشت کرتے اور جہاں چاہیں سیر کرتے ہیں

امام عبداللہ بن مبارک و ابوبکر بن شیبہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اور امام احمد بن حنبل اپنی مسند میں اور طبرانی معجم کبیر میں اور حاکم مستدرک اور ابونعیم حلیہ میں (رحمتہ اللہ علیہم) بہ سند صحیح رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہ وصحبہ وسلم سے مرفوعاً روایت فرماتے ہیں۔ اِنَّ الدُّنیا جَنَّۃُ الکافِرِ وَسِجنُ المُؤمِنِ وَاِنَّمَا مَثَلُ المُؤمِنِ حِیْنَ تَخرُجُ نَفسُہٗ کَمَثَلِ رَجُلٍ کَانَ فِی سِجنٍ فَاَخرَجَ مِنہٗ فَجَعَلَ یَتَقَلَّبُ فِی الاَرضِ وَ یَتَفَسَّحُ فِیْھَا۔ بے شک دنیا کافر کی جنت اور مسلمان کا قید خانہ ہے اور ایمان والے کی جب جان نکلتی ہے تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی قید خانے میں تھا اب اس سے نکال دیا گیا کہ زمین میں گشت کرتا اور بافراغت چلتا پھرتا ہے وَلَفظُ اَبُوبَکرٍ ھٰذَا الدُّنیَا سِجنُ المُؤمِنِ وَجَنَّۃُ الکَافِرِ فَاِذَا مَاتَ المُؤمِنُ یَخلِیْ سَرَبَا یَسرَحُ حَیثُ شَاءَ۔ دنیا مسلمان کا قید خانہ



Marfat.com

اور کافر کی بہشت ہے۔ جب مسلمان مرتا ہے اس کی راہ کھول دی جاتی ہے کہ جہاں چاہے سیر کرے۔"



Marfat.com

"راہِ ایمان"

(جلد سوم)

# ردِ تفسیر

# نجدیہ سعودیہ وہابیہ

# اظہار معجزہ و کرامت میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام و اولیاء عظام کا ارادہ و اختیار اور حکم شامل ہوتا ہے



Marfat.com

# تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں لکھا گیا ہے کہ معجزہ انبیاء کے اختیار سے نہیں ہوتا اور کراماتِ اولیاء اللہ کا انکار کیا گیا ہے

پ ۲۰ ——— تفسیر نجدی صـ ۱۰۷۹ ——— سورۃ القصص

آیت مبارکہ :۔ وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰۤى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ ۖ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ۔

ترجمہ نجدی :۔ "اور یہ (بھی آواز آئی) کہ اپنی لاٹھی ڈال دے پھر جب اسے دیکھا کہ وہ سانپ کی طرح پھن پھنا رہی ہے تو پیٹھ پھیر کر اور مڑ کر رخ بھی نہ کیا۔ ہم نے کہا" اے موسیٰ ! آگے آ، ڈر مت یقیناً تو ہر طرح امن والا ہے۔"

تفسیر نجدی :۔ یہ موسیٰ علیہ السلام کا وہ معجزہ ہے جو کوہِ طور پر نبوت پر سرفراز کئے جانے کے بعد ان کو ملا۔ چونکہ معجزہ خرق عادت معاملے کو کہا جاتا ہے یعنی جو عام عادات اور اسباب ظاہری کے خلاف ہو ایسا معاملہ چونکہ اللہ کے حکم اور مشیت سے ظاہر ہوتا ہے کسی بھی انسان کے اختیار سے نہیں چاہے وہ جلیل القدر پیغمبر اور نبی مقرب ہی کیوں نہ ہو۔ الخ



Marfat.com

آیت مبارکہ :۔ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

ترجمہ نجدی :۔ اور کسی رسول کا یہ مقدور نہ تھا کہ کوئی معجزہ اللہ کی اجازت کے بغیر لا سکے۔"

تفسیر نجدی :۔ آیت سے مُراد یہاں معجزہ اور خرقِ عادت واقع ہے جو پیغمبر کی صداقت پر دلالت کرے۔ کفار پیغمبروں سے مطالبے کرتے رہے کہ ہمیں فلاں فلاں چیز دکھاؤ جیسے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے کفّارِ مکہ نے کئی چیزوں کا مطالبہ کیا جس کی تفصیل سُورۃ بنی اسرائیل آیت ۹۰ - ۹۳ میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمارہا ہے کہ کسی پیغمبر کے اختیار میں یہ نہیں تھا کہ وہ اپنی قوموں کے مطالبے پر ان کو کوئی معجزہ صادر کرکے دکھلا دے۔ یہ صرف ہمارے اختیار میں تھا۔ بعض نبیوں کو تو ابتداء ہی سے معجزے دے دیئے گئے تھے۔ بعض قوموں کو ان کے مطالبے پر معجزہ دکھلایا گیا اور بعض کو مطالبے کے باوجود نہیں دکھایا گیا۔ ہماری مشیّت کے مطابق اس کا فیصلہ ہوتا تھا۔ کسی نبی کے ہاتھ میں یہ اختیار نہیں تھا کہ وہ جب چاہتا معجزہ صادر کرکے دکھلا دیتا۔ اس سے ان لوگوں کی واضح تردید ہوتی ہے جو بعض اولیاء کی طرف یہ باتیں منسوب کرتے ہیں کہ وہ جب چاہے اور جس طرح کا چاہے خرقِ عادت امور کا اظہار کر دیتے تھے۔ جیسے



Marfat.com

شیخ عبدالقادر جیلانی کے لئے بیان کیا جاتا ہے۔ یہ سب من گھڑت قصے کہانیاں ہیں۔ جب اللہ نے پیغمبروں کو یہ اختیار نہیں دیا جن کو اپنی صداقت کے ثبوت کے لئے اس کی ضرورت بھی تھی تو کسی ولی کو یہ اختیار کیوں کر مل سکتا ہے؟ بالخصوص جب کہ ولی کو اس کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ کیوں کہ نبی کی نبوت پر ایمان لانا ضروری ہوتا ہے۔ اس لئے معجزہ ان کی ضرورت تھی لیکن اللہ کی حکمت و مشیت اس کی مقتضی نہ تھی۔ اس لئے یہ قوت کسی نبی کو نہیں دی گئی۔ ولی کی ولایت پر ایمان رکھنا ضروری نہیں ہے اس لئے انہیں معجزے اور کرامات کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ انہیں اللہ تعالیٰ یہ اختیار بلا ضرورت کیوں عطا کر سکتا ہے؟



Marfat.com

آیت مبارکہ :- وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ہ

ترجمہ نجدی :- اور آپ کا رب جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور جسے چاہے چن لیتا ہے، ان میں سے کسی کو کوئی اختیار نہیں اللہ ہی کے لئے پاکی ہے وہ بلند تر ہے ہر اس چیز سے کہ لوگ شریک کرتے ہیں۔"

تفسیر نجدی :- یعنی اللہ تعالیٰ مختار کل ہے اس کے مقابلے میں کسی کو سرے سے کوئی اختیار ہی نہیں چہ جائیکہ کوئی مختار کُل ہو۔"

# ردِّ تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

## اظہارِ معجزات وکرامات میں انبیاء واولیاء کا ارادہ واختیار اور حکم شامل ہوتا ہے !



Marfat.com

واضح ہو کہ نبی سے خرق عادت واقع ہو تو اسے معجزہ کہتے ہیں، ولی اللہ سے ہو تو کرامت۔ ولی کی کرامت بھی اس کے نبی کا معجزہ ہوتا ہے۔ خرق عادت حقیقۃً اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا خارق عادت فعل جو نبی کی تصدیق کے لئے نبی کے ہاتھ پر ظاہر ہو معجزہ کہلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا خارق عادت فعل جو ولی کی شان وکرامت کے اظہار کے لئے واقع ہو کرامت کہلاتا ہے۔

خوارق انبیاء و اولیاء یعنی معجزات و کرامات جس طرح اسباب عادیہ ظاہرہ سے متعلق نہیں ہوتے بالکل اسی طرح ان کا تعلق اسباب خفیہ سے بھی نہیں ہوتا بلکہ ہر قسم کے اسباب کے بغیر اللہ تعالیٰ انہیں ظاہر فرماتا ہے اور یہی خرقِ عادت ہے۔ نبوت کا سلسلہ ختم ہو جانے کے ساتھ معجزات کا سلسلہ تو ختم ہو گیا لیکن کرامات کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔

معجزات تین قسم کے ہوتے ہیں:۔

۱۔ غیر اختیاری لازمی۔ جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کا حُسن۔ اور حضرت داؤد علیہ السلام کی خوش آوازی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے پسینہ مُبارک کی خوشبو۔ وغیرھم!

۲۔ عارضی اختیاری معجزات۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا کہ جب پھینکا سانپ بن گیا، اور یدِ بیضاء۔



Marfat.com

۳۔ عارضی غیر اختیاری۔ جیسے آیاتِ قرآن مجید کا نزول۔

# نجدی وہابی انبیاء علیہم السلام کو پتھر کی مانند جامد مجبور مطلق جانتے ہیں!

بقول اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمتہ نجدی وہابی شیطانی توحید کے زعم باطل ہیں انبیاء کرام علیہم السلام کو پتھر کی مانند جامد، عاجز محض اور مجبور مطلق جانتے ہیں کہ ہلانے والا محض اپنے قسری (یعنی زبردستی) کے ارادے سے اُن کے اختیار عطائی کے توسط کے بغیر اپنے ارادے کے موافق اُن کی خواہش کے بغیر ہلا دے تو ہل جائیں ورنہ مجبور پڑے رہیں۔" (الامن والعلیٰ)

وہ مطلقاً بے علم، بے اختیار، بے ارادہ، اور بے مشیت ہیں۔ انہیں کوئی قدرت حاصل نہیں وہ اپنی جان کے لئے بھی نفع و نقصان کے مالک نہیں۔ اور نہ ہی وہ کسی کو نفع و نقصان پہنچا سکتے ہیں"، لیکن

## ارشادات خدا و رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ بعطائے الٰہی انبیاء اظہارِ خوارق و ادراک غیب میں مختار ہیں!



Marfat.com

صحابہ کرام علیہم الرضوان، تابعین، تبع تابعین، مفسرین و محدثین اور تمام علمائے حق کا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو اظہار خوارق و ادراک غیب کے اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ اظہار معجزات میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا حکم اور ارادہ بھی شامل ہوتا ہے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ۝ (پ ۲۳ ع ۱۲)۔

"تو ہم نے ہوا اس کے (سلیمان علیہ السلام کے) بس میں کر دی کہ اس کے حکم سے نرم نرم چلتی (فرمانبردارانہ طریقے سے) جہاں وہ چاہتا۔"

یعنی حضرت سلیمان علیہ السلام جہاں چاہتے تھے ہوا ان کے حکم سے چلتی تھی۔ یعنی ان کے تخت کو لے جاتی تھی۔

**اس آیت مبارکہ سے ثابت ہوا کہ انبیاء علیہم السلام کا اظہار معجزہ میں ارادہ اور قدرت تصرف اور اختیار اور حکم شامل ہوتا ہے!**

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ



Marfat.com

يَاْتِيْنِىْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِىْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّىْ عَلَيْهِ لَقَوِىٌّ اَمِيْنٌ ۝

سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے درباریو! تم میں کون ہے کہ وہ اس کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہوں۔ (ملکہ سبا بلقیس حضرت سلیمان علیہ السلام کے حضور حاضر ہونے کے لئے اپنا تخت اپنے سات محلوں میں سے سب سے پچھلے محل میں محفوظ کر کے تمام دروازے مقفل کر دیئے اور ان پر پہرہ دار مقرر کر دیئے۔ ایک لشکر گراں لے کر آپ کی طرف روانہ ہوئے جب اتنی قریب پہنچ گئے کہ حضرت سے صرف ایک فرسنگ کا فاصلہ رہ گیا تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے درباریوں سے مندرجہ بالا حکم فرمایا۔)

ایک بڑا خبیث جن بولا کہ میں وہ تخت خدمت حضور میں حاضر کر دوں گا۔ قبل اس کے کہ حضور اجلاس برخاست کریں۔ (اور آپ کا اجلاس صبح سے دوپہر تک ہوتا تھا) اور میں بے شک اس پر قوت والا امانت دار ہوں۔ (حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا میں اس سے جلدی چاہتا ہوں۔) قَالَ الَّذِىْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ (پ ۱۹ ع ۱۸)۔



Marfat.com

اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا (یعنی آپ کے وزیر آصف بن برخیا جو اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم جانتے تھے۔) کہ "میں اسے حضور میں حاضر کر دُوں گا ایک پل مارنے سے پہلے"۔

واضح رہے کہ حضرت آصف بن برخیا علیہ الرحمۃ نبی نہیں تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اُمّتی و ولی اللہ تھے۔ اس آیتِ مُبارکہ سے ثابت ہوا کہ اولیاء کرام کو بھی بہ تبعیت انبیاء علیہم السلام بہ عطائے الٰہی اظہارِ کرامت میں ارادہ واختیار اور قدرتِ تصرف حاصل ہے۔ لیکن تفسیر نجدیہ سعودیہ میں انبیاء علیہم السلام کو اظہارِ معجزہ میں اور اولیاء کرام کو اظہارِ کرامت میں ارادہ واختیار حاصل ہونے کا بڑے توہین آمیز انداز میں بار بار انکار کیا جارہا ہے۔

اس سے صاف طور پر ثابت ہوتا ہے کہ تفسیر نجدیہ سعودیہ میں قرآن کی تفسیر کے نام سے ارشاداتِ قرآن وحدیث میں بے دھڑک تحریف کی جارہی ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو نجدیہ وہابیہ کی ان شیطانی فریب کاریوں سے بچائے۔ آمین!

## اظہارِ معجزہ میں حضرت یوسف علیہ السلام کا ارادہ واختیار شامل ہے

حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے فرمایا: اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا (پ ۱۳ ع ۴)۔



Marfat.com

"میرا یہ کُرتا لے جاؤ اسے میرے باپ کے مُنہ پر ڈالو اُن کی آنکھیں کھُل جائیں گی۔"

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِیْرُ اَلْقٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِیْرًا ۚ (پ ۱۳، ع ۴-۳)

"پھر جب خوشی سنانے والا آیا اس نے وہ کُرتا یعقوب علیہ السلام کے مُنہ پر ڈالا اسی وقت اس کی آنکھیں پھر آئیں"، یعنی آنکھوں میں نظر لوٹ آئی۔ نابینا سے بینا ہوگئے۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے معجزات کا بیان اس طرح فرمایا

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے اُمتیوں سے فرمایا:۔ اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ اَنِّیْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْــٴَـةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُیُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ (پ ۳ ع ۱۳)۔

"میں تمہارے پاس ایک نشانی لایا ہوں (جو میرے دعوائے نبوت کے صدق کی دلیل ہے) تمہارے رب کی طرف سے کہ میں تمہارے لئے مٹی سے پرند کی سی صورت بناتا ہوں پھر اس میں پھونک



Marfat.com

مارتا ہوں تو وہ فوراً پرند ہو جاتی ہے اللہ کے حکم سے اور میں شفا دیتا ہوں مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو (جس کا برص عام اور لاعلاج ہو گیا ہو) اور میں مُردے جِلاتا ہوں (زندہ کرتا ہوں) اللہ کے حکم سے اور میں تمہیں بتاتا ہوں جو تم کھاتے ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کر کے رکھتے ہو۔ بے شک ان باتوں میں تمہارے لئے بڑی نشانی ہے اگر تم ایمان رکھتے ہو"۔ لیکن میں یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیار و قدرت تصرّف کے تحت باذن اللہ کرتا ہوں۔

جانداروں کو پیدا کرنا، مادرزاد اندھوں کو بینا کرنا، برص لاعلاج شدہ کو شفاء دینا، مُردوں کو زندہ کرنا اور لوگوں کو ان کے کھانے اور گھروں میں جمع کی گئی چیزوں کا بتانا یعنی غیب کی خبریں دینا۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں۔ لیکن حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ان صفات کو اپنے لئے بیان فرماتے ہیں۔ کہ اللہ کے حکم سے میں یہ سب کچھ کرتا ہوں۔ اس سے واضح ہوا کہ اگر نبی سے صفاتِ الٰہی کا ظہور ہو تو معجزہ کہلاتا ہے اور ولی سے صفاتِ الٰہی کا ظہور ہو تو اسے کرامت کہا جاتا ہے۔ تاہم معجزہ و کرامت اللہ تعالیٰ کے حکم ہی سے ظہور پذیر ہوتا ہے اور جس نبی سے کوئی معجزہ صادر ہو اس میں نبی کا ارادہ و اختیار بھی شامل ہوتا ہے۔ اور جس ولی سے



Marfat.com

کوئی کرامت صادر ہو اس میں اس ولی کا اختیار اور ارادہ شامل ہونا قرآن مجید سے صریحًا ثابت ہے ۔ جیسا کہ گزشتہ بیان میں واضح کیا جا چکا ہے ۔

نجدی سعودی نام نہاد تفسیر میں قرآن کے ارشادات کے برعکس جو لکھا گیا ہے کہ معجزہ اللہ کے حکم اور مشیّت سے ظاہر ہوتا ہے کسی بھی انسان کے اختیار سے نہیں چاہے وہ جلیل القدر پیغمبر اور نبی مقرب ہی کیوں نہ ہو۔“

یہ نری بکواس ہے ۔ شیطان کے گوز مارنے کے مترادف ہے ۔ قرآن کا صریحًا انکار ہے ۔

نجدی سعودی تفسیر ص۱۰۷۹ میں لکھا گیا ہے ”چونکہ معجزہ خرق عادات معاملے کو کہا جاتا ہے یعنی جو عام عادات اور اسباب ظاہری کے خلاف ہو ایسا معاملہ چونکہ اللہ کے حکم اور مشیّت سے ظاہر ہوتا ہے کسی بھی انسان کے اختیار سے نہیں چاہے وہ جلیل القدر پیغمبر اور نبی مقرّب ہی کیوں نہ ہو۔“

اس سے واضح ہوتا ہے کہ نجدی تفسیر لکھنے لکھانے والے تعلیمات قرآن و حدیث کے مُنکر ہیں یہ بدبخت قرن الشیطان ابن عبدالوہاب نجدی کے پیروکار ہیں ۔ صراطِ مستقیم سے بھٹک چکے ہیں ۔ شیطانی توحید کے علمبردار ہیں ۔ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام و اولیاء اللہ کے



Marfat.com

دشمن جہنمی ہیں اور نام نہاد تفسیر قرآن (جوکہ حقیقتہً تحریف قرآن ہے) تقسیم کرکے عام مسلمانوں کو بھی توحید شیطانی کے پرستار جہنمی بنا دینے کی کوشش میں ہیں۔

گزشتہ صفحات میں قرآن مجید سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اظہار معجزہ میں بعطائے الٰہی مختار ہیں۔ اظہار معجزات میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کا حکم اور ارادہ بھی شامل ہوتا ہے۔ اب آئندہ صفحات میں ایسی احادیث درج کی جا رہی ہیں جن سے یہ مسئلہ روز روشن کی طرح واضح ہو جاتا ہے۔

## سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد

## اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلیں

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةَ لَوْشِئْتَ لَسَارَتْ مَعِيَ جِبَالَ الذَّهَبِ اَلْحَدِيْثُ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ (مشکوٰۃ)۔

حضرت اُمّ المومنین عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے اے عائشہ! اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ سونے کے پہاڑ چلیں۔ اس فرمانِ عالی سے



Marfat.com

معلوم ہوا کہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم جو چاہیں اللہ تعالیٰ وہی کردے۔

## حضور کے بلانے پر درخت زمین چیرتا ہوا آیا اور تین بار گواہی دی!

عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَاَقْبَلَ اَعْرَابِيٌّ فَلَمَّا دَنٰى قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ وَمَنْ يَّشْهَدُ عَلٰى مَا تَقُوْلُ قَالَ هٰذِهِ السَّلَمَةُ فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِشَاطِئِ الْوَادِيْ فَاَقْبَلَتْ تَخُدُّ الْاَرْضَ حَتّٰى قَامَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ فَاسْتَشْهَدَهَا ثَلَاثًا فَشَهِدَتْ ثَلَاثًا اَنَّهٗ كَمَا قَالَ ثُمَّ رَجَعَتْ اِلٰى مَنْبَتِهَا رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ (مشکوٰۃ)۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ ایک بدوی آیا جب قریب ہوا تو اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کیا تُو یہ گواہی دیتا ہے کہ ایک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں"



Marfat.com

وہ بولا جو آپ کہتے ہیں اس پر گواہی کون دیتا ہے؟ فرمایا "یہ درخت خار دار (یعنی ببول، کیکر) اُسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا وہ جنگل کے کنارے پر تھا وہ زمین چیرتا ہوا آیا حتیٰ کہ آپ کے سامنے کھڑا ہوگیا پھر اس سے حضور نے تین بار گواہی لی اس نے تین بار گواہی دی۔ (یہ گواہی وہ بدوی اپنے کانوں سے سن رہا تھا۔ اس کا آنا جانا اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔ بدوی نے حضور سے ایک معجزہ مانگا تھا، حضور انور نے اُسے دو معجزات دکھلائے، درخت کا آنا جانا اور گواہی دینا۔

## حضور کے حکم پر کھجور کا خوشہ درخت سے اُترا، گواہی دے کر پھر درخت پر جا لگا

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ بِمَا اَعْرِفُ اَنَّكَ نَبِیٌّ قَالَ اِنْ دَعَوْتُ ھٰذَا الْعِذْقَ مِنْ ھٰذِہِ النَّخْلَةِ یَشْھَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ یَنْزِلُ مِنَ النَّخْلَةِ حَتّٰی سَقَطَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اِرْجِعْ فَعَادَ فَاَسْلَمَ الْاَعْرَابِیُّ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ (مشکوۃ)۔



Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا بولا میں کیسے پہچانوں کہ آپ نبی ہیں (یعنی مجھے کوئی معجزہ دکھائیں جس سے میں آپ کی نبوت پہچان لوں) فرمایا اگر میں اس خوشہ کو اس درخت سے بلاؤں تو وہ گواہی دے گا کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا تو وہ کھجور کے درخت سے اُترنے لگا۔ حتیٰ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گر گیا پھر فرمایا لوٹ جا۔ وہ لوٹ گیا۔

(یعنی اس خوشہ کی کھجوریں ایک ایک کر کے آپ کے دامن میں گریں پھر اسی طرح اوپر اڑ گئیں اور اپنے خوشہ سے لگ گئیں۔ اُن کا یہ آنا جانا ہی گویا ان کی گواہی تھا) یہ دیہاتی مسلمان ہو گیا۔

## اظہار معجزہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کامل حاصل ہے

عَنْ اَبِیْ عُبَیْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ طَبَخْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قِدْرًا وَکَانَ یُعْجِبُہُ الذِّرَاعُ فَنَاوَلْتُہُ الذِّرَاعَ ثُمَّ قَالَ نَاوِلْنِیْ الذِّرَاعَ فَنَاوَلْتُہُ ثُمَّ قَالَ نَاوِلْنِیْ الذِّرَاعَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَکَمْ لِلشَّاۃِ مِنْ ذِرَاعٍ فَقَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ سَکَتَّ لَنَاوَلْتَنِی الذِّرَاعَ بَعْدَ ذِرَاعٍ مَا دَعَوْتُ (شمائل ترمذی



Marfat.com

بیہقی، ابو یعلیٰ)۔

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہانڈی پکائی۔ آپ بازو پسند فرماتے تھے۔ میں نے آپ کو بازو دیا۔ پھر فرمایا مجھے اور بازو دو میں نے دیا پھر فرمایا مجھے اور بازو دو۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکری کے کتنے بازو ہوتے ہیں (یعنی دو ہی بازو ہوتے ہیں اور وہ میں نے آپ کو پیش کر دیئے) تو آپ نے فرمایا مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ اگر تو خاموش رہتا تو جب تک میں تجھے کہتا رہتا تو دیتا رہتا۔

یعنی ہانڈی میں سے میرے کہتے رہنے تک بکری کے بازو پیدا ہوتے رہتے اور نکلتے رہتے کبھی ختم نہ ہوتے۔

ع اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی!

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دفع بلاء و الم و عطائے شفاء و صحت کا اختیار حاصل ہے

عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا



Marfat.com

اِلیٰ اَبِیْ رَافِعٍ فَدَخَلَ عَلَیْہِ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَتِیْکٍ بَیْتِہٖ لَیْلًا وَ هُوَ نَائِمٌ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَتِیْکٍ فَوَضَعْتُ السَّیْفَ فِیْ بَطْنِہٖ حَتّٰی اَخَذَ فِیْ ظَهْرِہٖ فَعَرَفْتُ اَنِّیْ قَتَلْتُهٗ فَجَعَلْتُ اَفْتَحُ الْاَبْوَابَ حَتّٰی انْتَهَیْتُ اِلٰی دَرَجَةٍ فَوَضَعْتُ رِجْلِیْ فَوَقَعْتُ فِیْ لَیْلَةٍ مُقْمِرَةٍ فَانْکَسَرَتْ سَاقِیْ فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ فَانْطَلَقْتُ اِلٰی اَصْحَابِیْ فَانْتَهَیْتُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهٗ فَقَالَ ابْسُطْ رِجْلَكَ فَبَسَطْتُ رِجْلِیْ فَمَسَحَهَا فَکَاَنَّمَا لَمْ اَشْتَکِهَا قَطُّ رواہ البخاری (مشکوٰۃ)۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو رافع (دشمن رسول یہودی کو قتل کرنے کے لئے) ایک جماعت بھیجی تو اس پر حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ رات میں اسکے گھر میں گھس گئے وہ سو رہا تھا (حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ چاندنی رات میں اپنی جماعت کو باہر چھوڑ کر ایک حیلہ سے اکیلے اس کے بالاخانے پر چڑھ گئے اور) آپ نے اُسے قتل کر دیا۔ عبداللہ بن عتیک کہتے ہیں کہ میں نے اس کے پیٹ میں تلوار رکھی حتیٰ کہ وہ اُس کی پیٹھ میں گزر گئی۔ میں سمجھ گیا کہ میں نے اُسے قتل کر دیا۔ پھر میں دروازے کھولنے لگا۔ حتیٰ کہ میں آخری سیڑھی تک پہنچ گیا (اور سمجھا کہ زمین تک پہنچ گیا



Marfat.com

ہوں لیکن ابھی ایک سیڑھی باقی تھی) میں نے اپنا پاؤں رکھا تو میں چاندنی رات میں گر گیا۔ میری پنڈلی ٹوٹ گئی۔ (یعنی چونکہ میرا پاؤں غلط پڑا میں سمجھا کہ زمین پر پاؤں رکھ رہا ہوں میں بے ڈھب گرا اور پنڈلی کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ اس زمانے میں اس کا کوئی علاج ہی نہیں تھا۔) میں نے پگڑی سے اس کی پٹی باندھ دی۔ پھر میں اپنے ساتھیوں کی طرف چلا، میرے ساتھی مجھے اٹھا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں لے گئے) میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا تو میں نے آپ کو خبر دی تو فرمایا اپنا پاؤں پھیلاؤ۔ میں نے اپنا پاؤں پھیلایا آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا تو گویا میں نے کبھی اس کی شکایت نہ کی تھی۔ (یعنی گویا میری پنڈلی کبھی ٹوٹی ہی نہ تھی)۔

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اختیارِ اعجاز کا شاندار مظاہرہ

جنگِ خندق کے موقع پر حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے چہرۂ انور پر بھوک کے آثار دیکھے تو فرماتے ہیں۔ فَانْكَفَاتُ اِلَى امْرَأَتِي فَقُلْتُ هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ فَاِنِّي رَأَيْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمَصًا شَدِيْدًا فَاَخْرَجَتْ جِرَابًا فِيْهِ صَاعٌ مِنْ شَعِيْرٍ وَلَنَا بُهَيْمَةٌ دَاجِنٌ فَذَبَحْتُهَا وَطَحَنَتِ الشَّعِيْرَ حَتّٰى جَعَلْنَا اللَّحْمَ فِي الْبُرْمَةِ ثُمَّ جِئْتُ النَّبِيَّ



Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَارَرْتُهُ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ذَبَحْنَا بُهَيْمَةً لَنَا وَطَحَنْتُ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ فَتَعَالَ اَنْتَ وَنَفَرٌ مَعَكَ فَصَاحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَهْلَ الْخَنْدَقِ اِنَّ جَابِرًا صَنَعَ سُوْرًا فَحَيَّ هَلًا بِكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْزِلُنَّ بُرْمَتَكُمْ وَلَا تُخْبِزُنَّ عَجِيْنَكُمْ حَتّٰى اَجِئَ وَجَاءَ فَاَخْرَجْتُ لَهُ عَجِيْنًا فَبَصَقَ فِيْهِ وَبَارَكَ ثُمَّ عَمَدَ اِلٰى بُرْمَتِنَا فَبَصَقَ وَبَارَكَ ثُمَّ قَالَ اُدْعِيْ خَابِزَةً فَلْتَخْبِزْ مَعَكَ وَاقْدَحِيْ مِنْ بُرْمَتِكُمْ وَلَا تُنْزِلُوْهَا وَهُمْ اَلْفٌ فَاُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَاَكَلُوْا حَتّٰى تَرَكُوْهُ وَانْحَرَفُوْا وَاِنَّ بُرْمَتَنَا لَتَغِطُّ كَمَا هِيَ وَاِنَّ عَجِيْنَنَا لَيُخْبَزُ كَمَا هُوَ۔ (صحیح مسلم وصحیح بخاری)۔

میں اپنی بیوی کی طرف گیا میں نے کہا ، کیا تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سخت بھوک دیکھی ہے، تو اس نے ایک تھیلا نکالا جس میں ایک صاع (چار کلو) جو تھے اور ہمارے پاس بکری کی پٹھیا تھی۔ (بہت چھوٹی سی بکری) میں نے اُسے ذبح کیا۔ میری بیوی نے جو پیسے حتیٰ کہ ہم نے گوشت ہانڈی میں ڈالا۔ پھر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا۔ میں نے آپ سے چپکے سے سرگوشی کی عرض کیا۔ یارسول اللہ! ہم نے اپنا بکری کا بچہ ذبح کیا ہے اور میں اور میری بیوی نے ایک صاع جو



Marfat.com

پیسے ہیں۔ (یعنی ہمارے گھر میں کھانا تھوڑا سا ہے اس لئے میں حضور کے کان میں یہ دعوت عرض کر رہا ہوں۔) حضور آپ اور آپ کے ساتھ چھوٹی سی جماعت تشریف لائیں۔ (نفر، دس سے کم جماعت پر بولا جاتا ہے۔) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان فرما دیا کہ اے خندق والو! جابر نے کھانا تیار کیا ہے چلو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ اپنی ہانڈی نہ اُتارنا اور اپنے آٹے کی روٹی پکانا شروع نہ کرنا حتیٰ کہ میں آجاؤں۔ پھر حضور تشریف لائے تو ان کے سامنے آٹا پیش کیا۔ حضور انور نے آٹے میں لعابِ دہن ڈالا اور برکت کی۔ پھر ہماری ہانڈی کی طرف توجہ فرمائی۔ اس میں بھی لعابِ دہن ڈالا اور برکت کی۔ پھر فرمایا ایک اور روٹی پکانے والی کو بُلاؤ جو تمہارے ساتھ روٹیاں پکائے۔ اور اپنی ہانڈی سے شوربا نکالو (یہ خطاب حضرت جابر کی بیوی رضی اللہ عنہا سے ہے) "چولہے" سے ہانڈی نہ اُتارو۔ مجاہدین ایک ہزار تھے میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ ان سب نے کھایا حتیٰ کہ کھانا چھوڑ دیا اور لوٹ گئے حالانکہ ہماری ہانڈی جیسی تھی ویسی ہی جوش مار رہی تھی اور ہمارا آٹا جیسا کہ تھا پکایا جا رہا تھا۔

جن روایات میں چودہ سو (۱۴۰۰) کا ذکر ہے وہاں مُراد یہ ہے کہ ایک ہزار تو خندق کھودنے والے مجاہدین تھے اور چار سو وہ



Marfat.com

حضرات تھے جو مدینہ منورہ کے گھروں بازاروں میں سے آ گئے تھے۔ بچے اور خواتین بھی اس دعوت میں شامل کر لی گئیں۔ غرض کہ کھانے والوں کے میلے لگ گئے تھے۔ خوش نصیب تھے وہ لوگ جو اس برکت والے کھانے سے مشرف ہوئے۔

مدینہ منورہ کے بازار میں ایک سبزی فروش اپنی سبزی پر پانی چھڑک رہا تھا اور کہہ رہا تھا۔ "یَا بَرَکَۃَ النَّبِیِّ تَعَالَ وَانْزِلْ ثُمَّ لَا تَرْتَحِلْ" اے نبی کی برکت آ جا، یہاں سما جا، پھر یہاں سے نہ جا۔ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ از حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی (قدسنا اللہ باسرارہ العزیز)۔

اس موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے سب کو کھانا کھلایا بعد میں گھر والوں کے ساتھ مل کر خود کھایا اور حضور واپس لوٹے تو حضرت جابر کا گھر روٹیوں اور بوٹیوں سے بھرا ہوا تھا۔

اس واقعہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لعاب دہن کے بہت سے معجزات ہیں۔ گوشت کی بوٹیوں میں برکت و کثرت اور شوربے کے پانی میں برکت و کثرت، شوربے کے نمک مرچ مصالحہ و گھی میں برکت و کثرت، آٹے میں برکت و کثرت جن لکڑیوں سے یہ چیزیں پکائی گئیں ان میں برکت و کثرت روٹی پکانے والی کے ہاتھوں میں برکت و کثرت طاقت ..... ورنہ اتنی بڑی



Marfat.com

جماعت کی دعوت کے لئے کئی من گوشت، آٹا اور مرچ نمک مسالحہ بڑی مقدار میں چاہیئے، اتنی روٹیاں پکانے کے لئے بہت پکانے والے اور بہت تنور چاہئیں۔ جیسا کہ شادی بیاہ کی دعوتوں میں بڑے پیمانے پر انتظام کیا جاتا ہے۔ (مرآت شرح مشکوٰۃ از قاضی مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ)۔

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انگلی کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کر دیئے

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: "اَھْلَ مَکَّۃَ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اَنْ یُّرِیَھُمْ اٰیَۃً فَاَرَاھُمُ الْقَمَرَ شِقَّیْنِ حَتّٰی رَاَوْحِرَاءً بَیْنَھُمَا (صحیح بخاری جلد اول ص۵۲۶)

مکہ والوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ آپ کوئی معجزہ دکھائیں تو آپ نے چاند کے دو ٹکڑے کرکے انہیں دکھا دیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے حرا پہاڑ کو چاند کے دو ٹکڑوں کے درمیان دیکھا۔

نیز حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا۔ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ فِرْقَتَیْنِ فِرْقَۃً فَوْقَ الْجَبَلِ وَ فِرْقَۃً دُوْنَہٗ (بخاری جلد ۲ ص۷۲۱)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں چاند دو ٹکڑے ہو گیا ایک



Marfat.com

ٹکڑا پہاڑ کے اوپر تھا اور دوسرا پہاڑ کے نیچے۔

حدیثِ مُبارکہ سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بالیقین جانتے تھے کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے یہ قدرت تصرّف عطا کر رکھی ہے کہ وہ اُنگلی کے اشارہ سے چاند کو دو ٹکڑے کر سکتے ہیں۔ اسی لئے حضور نے چاند کو انگلی سے اشارہ فرمایا اور چاند فوراً دو ٹکڑے ہو گیا۔ اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام خود میں یہ قدرت تصرّف نہ پاتے تو کفار مکہ کے سوال کے جواب میں معجزہ دکھانے سے انکار کر دیتے۔ صاف فرما دیتے کہ میں یہ نہیں کر سکتا۔

## انگشتانِ مُبارک سے پانی کے چشمے جاری فرمادیئے

عَنْ جَابِرٍ قَالَ عَطِشَ النَّاسُ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَّۃِ وَرَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ یَدَیْہِ رَکْوَۃٌ فَتَوَضَّأَ مِنْھَا ثُمَّ اَقْبَلَ النَّاسُ نَحْوَہٗ قَالُوْا لَیْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّاُ بِہٖ وَ نَشْرَبُ اِلَّا مَا فِیْ رَکْوَتِکَ فَوَضَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَہٗ فِی الرَّکْوَۃِ فَجَعَلَ الْمَاءَ یَفُوْرُ مِنْ بَیْنِ اَصَابِعِہٖ کَاَمْثَالِ الْعُیُوْنِ قَالَ فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّاْنَا قِیْلَ لِجَابِرٍ کَمْ کُنْتُمْ قَالَ لَوْکُنَّا مِائَۃَ اَلْفٍ لَکَفَانَا کُنَّا خَمْسَ عَشْرَۃَ مِائَۃً (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا کہ لوگ



Marfat.com

حدیبیہ کے دن پیاسے ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک ڈول تھا جس سے حضور نے وضو کیا، پھر لوگ اس طرف دوڑ پڑے۔ بولے ہمارے پاس پانی نہیں جس سے ہم وضو کریں اور پئیں سوا اس پانی کے جو آپ کے ڈول میں ہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اس ڈول میں رکھا تو پانی آپ کی انگلیوں سے چشموں کی طرح پھوٹنے لگا۔ (حضرت جابر) نے فرمایا کہ ہم نے پیا اور وضو کیا۔ حضرت جابر سے کہا گیا کہ تم کتنے تھے؟ فرمایا کہ اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو ہم کو پانی کافی ہوتا۔ ہم پندرہ سو (۱۵۰۰) تھے۔"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ یہ بتا رہے ہیں کہ ہم اس دن پندرہ سو تھے مگر پانی کے جوش اور کثرت کا یہ عالم تھا کہ اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو پانی سب کے پینے اور وضو وغسل کو کافی ہوتا۔ واضح رہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام حاجات کے حاجت روا اور ہر مشکل کے مشکل کشا جانتے تھے۔ اسی لئے پانی کی درخواست کرنے حضور کی طرف دوڑ کر گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی خود کو مخلوق کے حاجت روا اور مشکل کشا سمجھتے تھے۔ حضور نے اپنے ارادہ واختیار کو اجاگر کرنے کی خاطر صحابہ کرام علیہم الرضوان کو یہ فرما کر مایوس نہ کیا کہ اگر تمہارے پاس پانی نہیں



Marfat.com

تو براہِ راست اللہ سے مانگو میرے پاس کیوں آئے ہو؛ میں پانی تمہیں کہاں سے لاکر دوں۔ اور اپنے اختیارِ اعجاز کا اظہار فرمایا اور اپنے ہاتھ مبارک کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری کر کے سب کو سیراب فرمادیا۔ صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وسلم!

## حضورؐ نے مجاہد صحابیؓ کے گہرے زخم کو شفایاب فرمادیا

عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ عُبَیْدٍ قَالَ رَأَیْتُ اَثَرَ ضَرْبَةٍ فِیْ سَاقِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَکْوَعِ فَقُلْتُ یَا اَبَا مُسْلِمٍ مَا ھٰذِهِ الضَّرْبَةُ قَالَ ضَرْبَةٌ اَصَابَتْنِیْ یَوْمَ خَیْبَرَ فَقَالَ النَّاسُ اُصِیْبَ سَلَمَةُ فَاَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِیْهِ ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ فَمَا اشْتَکَیْتُهَا حَتَّی السَّاعَةِ۔ (صحیح بخاری)

روایت ہے حضرت یزید ابن ابی عبید رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ میں نے سلمہ ابن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی میں ایک چوٹ کا اثر دیکھا تو میں نے کہا اے ابومسلم یہ چوٹ کیسی ہے؛ (یعنی یہ زخم کہاں اور کب لگا تھا) انہوں نے فرمایا یہ وہ چوٹ ہے جو مجھے خیبر کے دن لگی تھی تو لوگوں نے کہا سلمہ شہید ہوگئے پھر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور نے تین بار دم فرمایا (حضور کے دم فرماتے ہی زخم ٹھیک ہوگیا) تو مجھے



Marfat.com

اس وقت تک تکلیف نہیں ہوئی۔ یعنی پھر مجھے کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔

بفضلہٖ تعالیٰ وبفضل رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں لکھی گئی اس گمراہ کن بکواس کہ "معجزہ اللہ کے حکم اور مشیت سے ظاہر ہوتا ہے کسی بھی انسان کے اختیار سے نہیں چاہے وہ جلیل القدر پیغمبر اور نبی مقرب ہی کیوں نہ ہو الخ" کی تردید اگرچہ قرآن وحدیث سے بخوبی کی جاچکی ہے تاہم فقیر اس سلسلہ میں مزید چند ایمان افروز روایاتِ حدیث درج کر دینا مناسب سمجھتا ہے تاکہ مسلمانوں پر نجدیہ وہابیہ کے انبیاء واولیاء سے بغض وعناد کی بناء پر ان کی تفسیر قرآن کے نام پر تحریفِ قرآن اچھی طرح واضح ہو جائے اور مسلمان گمراہی سے بچ سکیں۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیار اور قدرتِ تصرّف کی شان کا اعجاز

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کو جنگ کے دوران آنکھ میں تیر لگا۔ آنکھ کا ڈھیلا پھوٹ گیا اور ان کے رخسار پر لٹک گیا۔ لوگوں نے اس لٹکے ہوئے ڈھیلے کو کاٹ دینا چاہا حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لئے بغیر مت کاٹو۔ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اجازت طلب



Marfat.com

کی گئی تو حضور نے فرمایا مت کاٹو۔ پھر حضور نے اپنی ہتھیلی اس لٹکے ہوئے ڈھیلے پر رکھ کر (خانۂ چشم میں) دبا دیا تو وہ ڈھیلا پہلے کی طرح ٹھیک ہو گیا۔ اور ان کی یہ آنکھ دوسری آنکھ سے زیادہ روشن ہو گئی۔"

اس حدیث کو امام بغوی اور امام ابو یعلیٰ نے روایت فرمایا اور دار قطنی اور ابن شاہین نے روایت کیا۔ امام بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور حافظ الحدیث ہیثمی نے "مجمع الزوائد" جلد چہارم صفحہ ۲۹۷ میں اور حافظ الحدیث امام جلال الدین سیوطی نے خصائص کبریٰ میں نقل فرمایا۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین!

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کٹے ہوئے بازو کو بدن سے جوڑ دیا!

غزوۂ بدر میں جنگ کے دوران عکرمہ بن ابو جہل نے حضرت معاذ بن عمرو بن الجموح کے کندھے پر تلوار کا وار کیا جس سے ان کا بازو کٹ کر کھال سے لٹک گیا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں اسی حال میں لڑنے لگا۔ کٹا ہوا بازو میری پشت پر لٹک رہا تھا۔ لڑنے میں مخل ہوا تو میں نے اس پر پاؤں رکھ کر کھینچا اور جسم سے الگ کر دیا۔

مواہب الدنیہ میں ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اس



Marfat.com

بازو کو اٹھا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں آئے جیسا کہ حضرت قاضی عیاض نے محدث ابن وہب رضی اللہ عنہ سے روایت فرمائی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لٹکتے ہوئے بازو کو اس کے مقام پر رکھ کر، اس پر اپنا لعاب دہن مبارک لگا دیا تو وہ بازو (پہلے کی طرح) جُڑ گیا اور صحیح و درست ہو گیا۔ یہ واقعہ امام محدّث زرقانی نے بیان کیا۔ ابن اسحاق کی اسناد اور طریقہ حاکم سے۔ علیہم الرحمۃ اجمعین۔

## حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم سے کھجور کی لکڑی عمدہ فولادی تلوار بن گئی

اِنْكَسَرَ سَيْفُ سَلَمَةَ بْنِ اَسْلَمَ بْنِ حَرِيْشٍ يَوْمَ بَدْرٍ فَبَقِيَ اَعْزَلَ الْاِسْلَاحَ مَعَهٗ عَطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ يَدِهٖ مِنْ عَرَاجِيْنِ بْنِ طَابَ فَقَالَ اَضْرِبْ بِهٖ فَاِذَا هُوَ سَيْفٌ جَيِّدٌ فَلَمْ يَزَلْ عِنْدَهٗ (حجۃ اللہ علی العالمین ص ۴۳)

جنگ بدر میں حضرت سلمہ بن اسلم بن حریش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تلوار ٹوٹ گئی اور وہ غیر مسلح خالی ہاتھ ہو کر رہ گئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تازیانہ کھجور کی لکڑی کا جو آپ کے ہاتھ میں تھا



Marfat.com

اسے دے کر فرمایا "اس سے وار کر" حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ وہ ایک اعلیٰ قسم کی فولادی تلوار ہے۔ وہ تلوار عمر بھر ان کے پاس رہی؛ ع اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

## اسی قسم کا ایک اور معجزہ

اَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ جَحْشٍ جَآءَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ وَقَدْ ذَھَبَ سَیْفُہٗ فَاَعْطَاہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَسِیْبًا مِّنْ نَخْلٍ فَرَجَعَ فِیْ یَدِ عَبْدِ اللّٰہِ سَیْفًا (حجۃ اللہ علی العالمین ص ۴۳۱)

حضرت عبد اللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی تلوار جنگِ اُحد میں ٹوٹ گئی اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور نے کھجور کی ایک شاخ اپنے ہاتھ سے ان کے ہاتھ میں پکڑا دی انہوں نے وہ ٹہنی پکڑی تو وہ ایک عمدہ تلوار تھی۔

؎ آنکھ والا تیرے جوبن کا تماشہ دیکھے
دیدۂ کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

## سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نابینا صحابی کو بینائی عطا فرمائی

حضرت حبیب بن فدیک رضی اللہ عنہ کے والد اسی (۸۰)



Marfat.com

سال کے تھے اور بالکل نابینا ہو گئے تھے اَنَّ اَبَاہُ خَرَجَ بِہٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ اپنے بیٹے کے ہمراہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ! میری آنکھیں بالکل ٹھیک تھیں مگر ایک دن سانپ کے انڈے پر میرا پاؤں جا پڑا تو اسی وقت میری دونوں آنکھیں اندھی ہوگئیں فَنَفَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ عَیْنَیْہِ فَاَبْصَرَ وَھُوَ یُدْخِلُ الْخَیْطَ فِی الْاِبْرَۃِ۔ رحمۃ اللہ علی العالمین ص۲۲۴ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کی دونوں آنکھوں میں دم فرمایا تو اس کی دونوں آنکھیں بینا ہوگئیں اور وہ سوئی میں دھاگہ ڈال لیتے تھے۔

## حضور نے ہتھیلی کی رسولی کو زائل فرمادیا

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَۃَ بْنِ شَرْجِیْلِ عَنْ جَدِّہٖ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِکَفِّیْ سَلْعَۃٌ فَقُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ ھٰذِہِ السَّلْعَۃُ قَدْ اَوْرَمَتْنِیْ لِتَحُوْلُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ قَائِمِ السَّیْفِ اَنْ اَقْبِضَ عَلَیْہِ وَعَنْ عِنَانِ الدَّابَۃِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُدْنُ مِنِّیْ فَدَنَوْتُ فَفَتَحَھَا فَنَفَثَ فِیْ کَفِّیْ ثُمَّ وَضَعَ یَدَہٗ عَلَی السَّلْعَۃِ فَمَازَالَ یَطْحَنُھَا بِکَفِّہٖ حَتّٰی رَفَعَ عَنْھَا وَمَا اَرٰی اَثَرَھَا۔ (رواہ الطبرانی و



Marfat.com

ذَکَرَہُ الحَافِظُ الھَیثمِی فِی مَجمَعِ الزَّوَائِدِ جلد ۸ ص ۲۹۸)

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے والد نے فرمایا، میری ہتھیلی میں رسولی تھی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ! یہ رسولی ہے جو بڑھ گئی ہے (یہ مجھے تکلیف دیتی ہے) تلوار کا دستہ پکڑنے میں حائل ہوتی ہے اور سواری کی باگ پکڑنے میں رکاوٹ بنتی ہے، تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میرے قریب آ" میں حضور کے قریب ہوا تو حضور نے میری ہتھیلی کھول کر اس میں دم فرمایا پھر اپنا ہاتھ رسولی پر رکھ کر اپنی ہتھیلی سے اسے مسلتے رہے یہاں تک کہ رسولی کو ختم کر دیا۔ اور میں نے پھر اس رسولی کا کوئی نشان تک نہ دیکھا۔

## بچہ کی پیدائش کے دن حضور نے اس سے پوچھا میں کون ہوں؟ وہ بولا آپ رسول اللہ ہیں!

عَن فَھدِ بنِ عَطِیَّۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِصَبِیٍّ قَد شَبَّ لَم یَتَکَلَّم قَطُّ قَالَ مَن اَنَا فَقَالَ رَسُولُ اللہِ وَرُوِیَ عَن مُعَرِّضِ بنِ مُعَیقِیبٍ رَأیتُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ عَجَبًا جِیءَ بِصَبِیٍّ یَومَ وُلِدَ فَذَکَرَ مِثلَہٗ



Marfat.com

وَهُوَحَدِيثُ مُبَارِكُ الْيَمَامَةِ وَيَعْرِفُ بِحَدِيثِ شَاصُونَةِ اِسمِ رَاوِيَهِ وَفِيهِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقتَ بَارَكَ اللهُ فِيكَ ثُمَّ اَنَّ الغُلَامَ لَمْ يَتَكَلَّمْ بَعْدَهَا حَتّٰى شَبَّ فَكَانَ يُسَمّٰى مُبَارِكُ الْيَمَامَةِ وَكَانَتْ هٰذِهِ الْقِصّةِ بِمَكّةِ فِيْ حِجَّةُ الْوِدَاعِ (الشفاء بتعريف حقوق المصطفٰی مولفہ قاضی عیاض محدث رحمۃ اللہ علیہ جلد ۱ صفحہ ۲۱)

حضرت فہد بن عطیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک بچہ لایا گیا جو اسی دن پیدا ہوا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں کون ہوں؟" اس نے کہا "رسول اللہ" پھر بڑا ہونے تک اس بچہ نے کبھی کلام نہ کیا اور حضرت معرض بن معیقیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عجیب بات دیکھی حضور کی خدمت میں ایک بچہ لایا گیا جو اسی دن تولد ہوا تھا۔ انہوں نے بھی اسی طرح ذکر کیا۔ اور وہ حدیث مبارکہ الیمامہ کی ہے جو حدیث شاصونہ سے مشہور ہے۔ یہ نام ہے اس کے راوی کا اور اس روایت میں ہے۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچے کو فرمایا۔ تو نے سچ کہا، اللہ تیرے منہ میں برکت دے اس کے بعد اس بچے نے بڑا ہونے تک کلام نہ کیا وہ بچہ "مبارک الیمامہ" کے نام سے موسوم ہوا اور یہ واقعہ مکہ میں حج وداع میں ہوا۔



Marfat.com

# حضور کے بُلانے پر مدفون لڑکی قبر سے باہر نکلی اور حضور سے ہم کلام ہوئی!

عَنِ الْحَسَنِ اَتَی رَجُلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَلَہٗ اَنَّہٗ طَرَحَ بِنَیَّۃً لَہٗ فِیْ وَادِیْ کَذَا فَانْطَلَقَ مَعَہٗ اِلَی الْوَادِیْ وَنَادَاھَا بِاِسْمِھَا یَا فُلَانَۃُ اِجِیْبِیْ بِاِذْنِ اللّٰہِ فَخَرَجَتْ وَھِیَ تَقُوْلُ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ فَقَالَ لَھَا اِنَّ اَبَوَیْکِ قَدْ اَسْلَمَا فَاِنْ اَحْبَبْتِ اَنْ اَرُدَّکِ عَلَیْھِمَا قَالَتْ لَا حَاجَۃَ لِیْ فِیْھِمَا وَجَدْتُ اللّٰہَ خَیْرًالِّیْ مِنْھُمَا۔ (الشفاء قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ جلد ۱ صفحہ ۲۱۱)۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور اس نے حضور کو یہ واقعہ سنایا کہ اس نے اپنی بیٹی کو فلاں وادی میں گڑھے میں ڈال دیا (دفن کر دیا) تھا۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کے ساتھ (اس) وادی میں تشریف لے گئے اور اس لڑکی کا نام لے کر آواز دی کہ اے فلاں لڑکی باذن اللہ میرے بلانے کو قبول کر تو وہ (مدفون) لڑکی لبیک وسعدیک کہتی ہوئی (قبر سے) باہر نکل آئی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس لڑکی سے فرمایا تیرے ماں باپ دونوں مسلمان ہو چکے ہیں۔



Marfat.com

اگر تو پسند کرتی ہے اپنے ماں باپ کے پاس رہنے کو تو میں تجھے اُن کے پاس لوٹا دوں؟ وہ بولی مجھ کو ان کے پاس رہنے کی کچھ ضرورت نہیں میں نے اللہ تعالیٰ کو اپنے لئے اُن سے بہتر پایا۔"

مندرجہ بالا احادیث کی طرح اس حدیث سے بھی واضح ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو باذن اللہ دیگر معجزات کی طرح مُردوں کو زندہ کر دینے کی قدرت و اختیار بھی حاصل ہے۔ اور حضور بالیقین جانتے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جس مُردہ کو خواہ وہ کتنا عرصہ پہلے دفن کیا جا چکا ہو زندہ کرنا چاہیں اس کو اس کا نام لے کر بلائیں تو وہ فوراً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم کی تعمیل میں زندہ ہو کر لبیک و سعدیک کہتا ہوا قبر سے نکل کر باہر آجائے گا اور حضور سے ہم کلام بھی ہو گا۔

بفضل اللہ تعالیٰ وبفضل رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں جو لکھا گیا ہے کہ "معجزہ چونکہ اللہ کے حکم اور مشیت سے ظاہر ہوتا ہے کسی بھی انسان کے اختیار سے نہیں چاہے وہ جلیل القدر پیغمبر اور نبی مقرب ہی کیوں نہ ہو۔" اس بکواس کی تردید آیات قرآن مجید اور روایات حدیث سے بالوضاحت مکمل کر دی گئی ہے۔

اب کرامات اولیاء کے بارے میں جو بکواس کی گئی ہے کہ "اس سے ان لوگوں کی واضح تردید ہوتی ہے جو بعض اولیاء کی طرف یہ باتیں منسوب



Marfat.com

کرتے ہیں کہ وہ جب چاہتے اور جس طرح کا چاہتے خرق عادت کا اظہار کر دیتے تھے جیسے شیخ عبدالقادر جیلانی کے لئے بیان کیا جاتا ہے یہ سب من گھڑت قصے کہانیاں ہیں؛ اس بکواس کی تردید کی جاتی ہے۔

# قرآن و حدیث سے کرامات اولیاء کا ثبوت

## اولیاء کو بعطائے الٰہی اظہار کرامت میں ارادہ و اختیار و قدرت حاصل ہے

قَالَ اللہُ عَزَّوَجَلَّ۔ قَالَ یٰٓاَیُّھَا الْمَلَؤُا اَیُّکُمْ یَاْتِیْنِیْ بِعَرْشِھَا قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ○ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِکَ وَاِنِّیْ عَلَیْہِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ ○ قَالَ الَّذِیْ عِنْدَہٗ عِلْمٌ مِّنَ الْکِتٰبِ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْکَ طَرْفُکَ ط (۱۹ع ۱۸)۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے درباریو! تم میں کون ہے کہ وہ اس (ملکہ بلقیس) کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہوں۔ ایک بڑا خبیث جن بولا کہ میں وہ تخت حضور میں حاضر کر دوں گا قبل اس کے کہ حضور اجلاس برخاست کریں۔ (آپ کا اجلاس صبح سے دوپہر تک ہوتا تھا۔) اور میں بے شک اس پر قوت والا امانت دار



Marfat.com

ہوں (حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا میں اس سے جلد چاہتا ہوں) اس نے عرض کی کتاب کا علم تھا (یعنی آپ کے وزیر آصف بن برخیا جو آپ کے اُمّتی ولی تھے ) کہ میں اسے حضور میں حاضر کر دُوں گا۔ ایک پل مارنے (یعنی پلک جھپکنے) سے پہلے"۔

اس سے ثابت ہوا کہ حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ عنہ کو خود میں یہ قدرتِ تصرف اور اختیار موجود ہونے کا یقینی علم تھا اس لئے آپ نے کہا۔ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ۔ میں بلقیس کا تخت یمن سے شام میں لے آؤں گا ایک پل مارنے سے پہلے حضور میں حاضر کر دُوں گا۔ اور آپ نے تخت اسی وقت لاکر حاضر کر دیا"۔

# حضرت خضر نے کشتی کو توڑ دیا لیکن پانی کشتی میں نہ آیا!

فَانْطَلَقَا حَتّٰی اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیْنَۃِ خَرَقَھَا (پ۱۵ ع ۲۲)۔

اب دونوں (حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر رضی اللہ عنہ) چلے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے اس بندہ (خضر) نے اسے چیر ڈالا (بسولے یا کلہاڑی سے کشتی کا ایک تختہ یا دو تختے اکھاڑ ڈالے لیکن باوجود اس کے پانی کشتی میں نہ آیا) حضرت



Marfat.com

موسیٰ علیہ السلام کے اعتراض کو رفع کرنے اور کشتی توڑنے میں مصلحت بیان کرتے ہوئے حضرت خضر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ اَمَّا السَّفِیْنَۃُ فَکَانَتْ لِمَسٰکِیْنَ یَعْمَلُوْنَ فِی الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَھَا وَ کَانَ وَرَآءَھُمْ مَّلِکٌ یَّاْخُذُ کُلَّ سَفِیْنَۃٍ غَصْبًا۔ (پ ۱۶ ع ۱)

وہ جو کشتی تھی وہ کچھ محتاجوں کی تھی۔ (جو دس بھائی تھے۔ ان میں پانچ تو اپاہج تھے جو کچھ نہیں کر سکتے تھے اور پانچ تندرست تھے جو گزر اوقات حصول رزق کے لئے) دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کر دوں۔ اور ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا کہ ہر ثابت کشتی کو زبردستی چھین لیتا (اور اگر عیب دار ہوتی چھوڑ دیتا۔ اس لئے میں نے اس کشتی کو عیب دار کر دیا تاکہ وہ ان غریبوں کے لئے بچ رہے۔)

اس آیت مبارکہ سے ثابت ہوا کہ ولی اللہ کی کرامت کے اظہار یعنی خرقِ عادت میں اس ولی کا ارادہ و اختیار شامل ہوتا ہے۔ نیز یہ بھی ثابت ہوا کہ اظہارِ کرامت کے لئے بہ عطائے الٰہی خود کو قدرت وتصرف حاصل ہونے کا علم و یقین ہوتا ہے۔ خضر رضی اللہ عنہ نے اظہارِ کرامت کے لئے فرمایا فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِیْبَھَا۔ تو میں نے چاہا (تو میں نے ارادہ کیا) کہ اسے (کشتی کو) عیب دار کر دوں اگر یہ علم و یقین نہ ہوتا تو اس طرح نہ فرماتے۔



Marfat.com

# حضرت خضر رضی اللہ عنہ نے ٹوٹ کر گرنے کے قریب دیوار کو ہاتھ لگا کر سیدھا اور مضبوط کر دیا!

فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُّرِيدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ (پ۱۶ع۱)۔

پھر دونوں نے (حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام نے اس گاؤں (انطاکیہ) میں ایک دیوار پائی جو گرا چاہتی ہے اس بندہ نے (یعنی حضرت خضر علیہ السلام نے اپنا دستِ مبارک لگا کر اپنی کرامت سے) اُسے سیدھا کر دیا۔"

تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں شیطانی توحید کے تحت کراماتِ اولیاء کا جو انکار کیا گیا ہے اور یہ لکھا گیا ہے کہ "ولی کی ولایت پر ایمان رکھنا ضروری نہیں اس لئے انہیں معجزے اور کرامت کی ضرورت ہی نہیں ہے انہیں اللہ تعالیٰ یہ اختیار بلا ضرورت کیوں عطا کر سکتا ہے"؛ سراسر غلط ہے تعلیماتِ قرآن کے خلاف ہے تحریفِ قرآن ہے۔

مندرجہ بالا آیاتِ قرآن مجید سے یہ ثابت ہوا کہ اولیائے کرام کو اللہ تعالیٰ سے اظہارِ کرامت کا اختیار اور قدرت تصرّف حاصل ہے یہ حضرات اپنے اختیار و ارادہ سے باذن اللہ کرامت ظاہر کر سکتے ہیں۔



Marfat.com

# حدیث سے کراماتِ اولیاء کا ثبوت

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُسَیْدَ بْنَ حُضَیْرٍ وَعَبَّادَ بْنَ بِشْرٍ تَحَدَّثَا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ حَاجَۃٍ لَّھُمَا حَتّٰی ذَھَبَ مِنَ اللَّیْلِ سَاعَۃٌ فِیْ لَیْلَۃٍ شَدِیْدَۃِ الظُّلْمَۃِ ثُمَّ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْقَلِبَانِ وَبِیَدِ کُلِّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا عُصَیَّۃٌ فَاَضَاءَتْ عَصَا اَحَدِھِمَا لَھُمَا حَتّٰی مَشَیَا فِیْ ضَوْئِھَا حَتّٰی اِذَا افْتَرَقَتْ بِھِمَا الطَّرِیْقُ اَضَاءَتْ لِلْآخَرِ عَصَاہُ فَمَشٰی کُلُّ وَاحِدٍ فِیْ ضَوْءِ عَصَاہُ حَتّٰی بَلَغَ اَھْلَہٗ (بخاری)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اسید بن حضیر اور عباد بن بشر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے کاموں کے متعلق بات چیت کرتے رہے حتّٰی کہ رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ یہ واقعہ سخت اندھیری رات میں ہوا (یہ حضرات اندھیری رات میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس سے اپنے گھروں کو جانے والے تھے۔ روشنی کا کوئی سامان نہ تھا) پھر وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے واپسی کے لئے نکلے ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں چھوٹی لاٹھی تھی تو اُن میں سے ایک کی لاٹھی چمک گئی حتّٰی کہ وہ دونوں اس کی روشنی میں چلے حتّٰی کہ جب اُن کو راستہ نے علیحدہ کیا تو دوسرے



Marfat.com

کی لاٹھی بھی روشن ہوگئی تو ان میں سے ہر ایک اپنی لاٹھی کی روشنی میں چلا حتیٰ کہ اپنے گھر پہنچ گیا۔ یعنی گھر پہنچنے پر ان کی روشنی ختم ہو گئی ٹیوب لائٹ سے لاٹھی بن گئی۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ولی کی کرامت، نبی کے معجزہ کی جنس سے ہو سکتی ہے۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ''ید بیضاء'' عطا ہوا تھا وہ نبی کا معجزہ اور ان صحابیوں کو ''عصا بیضاء'' عطا ہوا یہ ہے اولیاء کی کرامت۔

## صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامت تکثیر طعام

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَکْرٍ قَالَ اَنَّ اَصْحَابَ الصُّفَّةِ کَانُوْا اُنَاسًا فُقَرَاءَ وَاَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ عِنْدَهٗ طَعَامُ اثْنَیْنِ فَلْیَذْهَبْ بِثَالِثٍ وَمَنْ کَانَ عِنْدَهٗ طَعَامُ اَرْبَعَةٍ فَلْیَذْهَبْ بِخَامِسٍ اَوْسَادِسٍ وَاَنَّ اَبَابَکْرٍ جَاءَ بِثَلَاثَةٍ وَانْطَلَقَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِعَشَرَةٍ وَاَنَّ اَبَابَکْرٍ تَعَشّٰی عِنْدَ النَّبِیِّ صلی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَبِثَ حَتّٰی صَلَّیْتَ الْعِشَاءَ ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتّٰی تَعَشّٰی النَّبِیُّ صلی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بَعْدَ مَا مَضٰی مِنَ اللَّیْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ قَالَتْ لَهٗ اِمْرَاَتُهٗ مَاحَبَسَكَ عَنْ اَضْیَافِكَ قَالَ اَوَمَا عَشَّیْتُمْ قَالَتْ اَبَوْا حَتّٰی تَجِیْءَ فَغَضِبَ وَقَالَ



Marfat.com

وَاللّٰهِ لَا اَطْعَمُہٗ اَبَدًا فَحَلَفَتِ الْمَرْاَۃُ اَنْ لَّا تَطْعَمَہٗ وَحَلَفَ الْاَضْیَافُ اَنْ لَّا یَطْعَمُوْہٗ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ کَانَ ھٰذَا مِنَ الشَّیْطَانِ فَدَعَا بِالطَّعَامِ فَاَکَلَ وَاَکَلُوْا فَجَعَلُوْا لَا یَرْفَعُوْنَ لُقْمَۃً اِلَّا رَبَتْ مِنْ اَسْفَلِھَا اَکْثَرُ مِنْھَا فَقَالَ لِامْرَاَتِہٖ یَا اُخْتَ بَنِیْ فِرَاسٍ مَا ھٰذَا قَالَتْ وَقُرَّۃُ عَیْنِیْ اِنَّھَا الْاٰنَ لَاَکْثَرُ مِنْھَا قَبْلَ ذٰلِکَ بِثَلٰثِ مِرَارٍ فَاَکَلُوْا وَبَعَثَ بِھَا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ اَنَّہٗ اَکَلَ مِنْھَا۔ (صحیح مسلم۔ صحیح بخاری۔ مشکوٰۃ)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ صُفّہ والے مسکین لوگ تھے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے پاس دو آدمیوں کا کھانا ہو وہ تیسرے کو لے جائے اور جس کے پاس چار کا کھانا ہو وہ پانچویں کو یا چھٹے کو لے جائے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تین شخص لائے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم دس حضرات کو لائے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رات کا کھانا کھایا پھر کچھ ٹھہرے حتیٰ کہ عشاء کی نماز پڑھ لی گئی آپ پھر لوٹ گئے پھر کچھ ٹھہرے حتیٰ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کا کھانا کھالیا (یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عشاء کی نماز تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر پر رہے۔ پھر حضور کے ساتھ نماز عشاء پڑھی اور حضور کے گھر لوٹ گئے اور حضور کے ساتھ کھانا کھایا اس میں کافی رات گزر گئی ادھر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے مہمان اور سارے



Marfat.com

گھر والے آپ کے منتظر رہے کسی نے کھانا نہیں کھایا۔ اُن کا خیال تھا کہ جناب صدیق اکبر کے آنے پر سب مل کر کھانا کھائیں گے۔ اُن سے ان کی بیوی نے کہا تمہیں تمہارے مہمانوں سے کس چیز نے روکا آپ نے کہا کیا آپ نے انہیں کھانا نہیں کھلایا۔ وہ بولیں انہوں نے تمہارے آنے تک کھانے سے انکار کیا۔ اس پر آپ ناراض ہوئے اور بولے خدا کی قسم میں یہ کبھی نہیں کھاؤں گا۔ (صدیق اکبر کو خیال گزرا کہ ہمارے گھر والوں نے مہمانوں سے یونہی کھانے کو کہا ہوگا اصرار نہیں کیا ہوگا ورنہ وہ ضرور کھا لیتے۔ اس وجہ سے ناراض ہو کر کھانا نہ کھانے کی قسم کھالی۔) اس پر ان کی بیوی نے بھی قسم کھالی کہ میں بھی نہیں کھاؤں گی اور مہمانوں نے بھی قسم کھالی کہ ہم بھی نہیں کھائیں گے (مہمانوں نے خیال کیا کہ ہماری وجہ سے یہ شکر رنجی ہوئی ہے تو ہم کیوں کھائیں پہلے یہ شکر رنجی ختم ہو تو سب مل کر کھائیں) صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ قسم شیطان کی طرف سے ہوگئی۔ آپ نے کھانا منگایا اور کھایا پھر ان سب نے کھایا تو وہ لوگ کوئی لقمہ نہ اٹھاتے تھے، مگر اس کے نیچے سے اس سے زیادہ بڑھتا تھا۔ (یہ ہوئی حضرت صدیق اکبر کی کرامت یعنی خود آپ اور آپ کے مہمان بلکہ سب گھر والے جب ایک لقمہ برتن سے اٹھاتے تو اس جگہ پیالہ میں نیچے سے مزید کھانا نمودار ہو جاتا جو اٹھائے ہوئے لقمہ سے زیادہ ہوتا سبحان اللہ!



Marfat.com

یہ کرامت معجزے کی قسم سے ہے کہ کھانے میں برکت حضور کا معجزہ بھی ہے اور صدیق اکبر کی کرامت بھی)۔ آپ نے اپنی بیوی سے فرمایا۔ بنی فراس کی بہن! یہ کیا ماجرا ہے؟ اس نے کہا میری آنکھ کی ٹھنڈک! یہ طعام جتنا پہلے تھا اب اس سے تین گنا زیادہ ہو چکا ہے۔ پھر اہلِ خانہ نے سب نے کھایا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں یہ طعام بھیجا تو حضور نے (بھی) اس طعام میں سے تناول فرمایا۔"

## حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی کرامت

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللہُ عَنْہُمَا۔ اَنَّ عُمَرَ بَعَثَ جَیْشًا وَاَمَّرَ عَلَیْہِمْ رَجُلًا یُدْعٰی سَارِیَۃَ فَبَیْنَمَا عُمَرُ یَخْطُبُ فَجَعَلَ یَصِیْحُ یَا سَارِیَۃُ الْجَبَلَ فَقَدِمَ رَسُوْلٌ مِنَ الْجَیْشِ فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَقِیْنَا عَدُوَّنَا فَھَزَمُوْنَا فَاِذَا بِصَائِحٍ یَا سَارِیَۃُ الْجَبَلَ فَاَسْنَدْنَا ظُھُوْرَنَا اِلَی الْجَبَلِ فَھَزَمَھُمُ اللہُ تَعَالٰی۔

(رواہ البیھقی معنی دلائل النبوت مشکوٰۃ)۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک لشکر بھیجا اور ان پر ایک شخص کو امیر بنایا، جنہیں ساریہ کہا جاتا تھا۔ یہ لشکر مقام نہاوند میں مدینہ منورہ سے



Marfat.com

پندرہ سو میل کے فاصلہ پر بھیجا گیا تھا، جو ملک فارس میں جنوبی ہمدان کے پہاڑوں کے پاس مشہور بستی ہے)۔ تو جب کہ (جمعہ کی نماز سے پہلے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ خطبہ پڑھ رہے تھے۔ کہ اچانک چیخنے لگے "اے ساریہ پہاڑ کو لو (یعنی پہاڑ کو اپنی پناہ بنا کر لڑو تا کہ تم پر عقب سے حملہ نہ ہو سکے۔) پھر لشکر سے ایک قاصد آیا بولا اے امیر المومنین ہم کو ہمارا دشمن ملا انہوں نے ہم کو بھگا دیا تو کوئی چیخنے والا بولا۔ اے ساریہ پہاڑ کو لو ہم نے اپنی پیٹھیں پہاڑ کی طرف لگا لیں، تب انہیں اللہ تعالیٰ نے بھگا دیا۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اولیاء اللہ دُور کو نزدیک کی طرح دیکھ لیتے ہیں اور اپنی آواز دُور تک پہنچا دیتے ہیں اور مشکل کے وقت دُور سے مدد کرتے ہیں۔

نیز اس حدیث سے یہ بھی واضح ہوا کہ اظہارِ کرامت میں اولیاء اللہ کا ارادہ و اختیار بھی شامل ہوتا ہے اور اولیاء کو بالیقین خود میں قدرت تصرف موجود ہونے کا علم بھی ہوتا ہے۔ لیکن تفسیر نجدیہ میں ان اُمور کو شرک صریح قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو نجدیہ وہابیہ کے شر سے بچائے۔ آمین!



Marfat.com

# فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کا اظہارِ قدرتِ تصرف و اختیار

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا۔ امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے پوچھا۔ "تیرا نام کیا ہے؟" اس نے بطورِ استہزاء و گستاخی کے جواب دیا۔ "جمرہ" (یعنی چنگاری) آپ نے اس سے پوچھا "تیرے باپ کا نام کیا ہے"؟ اس نے کہا۔ "شہاب" (یعنی شعلہ) آپ نے پوچھا "کس قبیلے سے ہو؟" اس نے جواب میں کہا "حُرقہ" (یعنی سوزش جلن) آپ نے پوچھا "کہاں رہتے ہو؟" وہ بولا "حرّہ" یعنی گرمی والے مقام میں۔ آپ نے پوچھا۔ حرّہ کے کون سے محلہ میں؟" اس نے کہا ذاتِ لظیٰ (آگ کی لپیٹ والے محلہ میں)۔

اس پر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ "جا اپنے کُنبہ کی خبر لے کہ وہ سب جل کر سوختہ ہو گئے۔" وہ شخص اپنے کُنبہ والوں کے پاس آیا تو دیکھا کہ کُنبے والے معہ ساز و سامان جل کر راکھ ہو چکے ہیں۔ (موطا، امام مالک رضی اللہ عنہ اور "اصابہ" ابن حجر عسکلانی رضی اللہ عنہ و دیگر کتب حدیث)۔

اس حدیث سے واضح ہوا کہ اولیاء اللہ اگر کسی بے ادبی اور گستاخی کرنے والے کو سزا دینے کا ارادہ کر لیں تو اپنے اختیار سے



Marfat.com

قدرت تصرف کا اظہار کر سکتے ہیں اور جس طرح چاہیں سزا دے سکتے ہیں۔ اس حدیث سے تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں لکھی گئی بکواس کی مکمل تردید ہو گئی"

## حضرت علی مرتضیٰ نے قلعۂ خیبر کا دروازہ اکھاڑ کر بطورِ ڈھال استعمال کیا!

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جھنڈا دے کر خیبر کی طرف روانہ کیا تو ہم بھی ان کے ساتھ تھے۔ جب ہم قلعۂ خیبر کے پاس پہنچے جو مدینہ منورہ کے قریب ہے (خیبر مدینہ منوّرہ سے دو سو میل کے فاصلہ پر ہے) تو خیبر والے آپ پر ٹوٹ پڑے، آپ نے کشتوں کے پشتے لگا دیئے تھے کہ آپ پر ایک یہودی نے چوٹ کر کے آپ کے ہاتھ سے ڈھال گرا دی اس پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے قلعہ کے ایک دروازے کو اکھیڑ کر ڈھال بنا لیا اور ڈھال کی حیثیت سے اپنے ہاتھ میں لئے ہوئے جنگ میں مصروف رہے۔ بالآخر دشمنوں پر فتح حاصل ہو جانے کے بعد اس دروازے کو اپنے ہاتھ سے پھینک دیا۔ اس سفر میں



Marfat.com

میرے ساتھ سات آدمی اور تھے اور ہم آٹھوں آدمی مل کر اس دروازے کو الٹ دینے کی کوشش کرتے رہے لیکن وہ دروازہ پلٹ نہ سکے، دریافت کرنے پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا "مَاحَمَلْتُهَا بِقُوَّةٍ وَلٰكِنْ حَمَلْتُهَا بِقُوَّةٍ اِلٰهِيَّةٍ" میں نے اس دروازے کو اپنی ذاتی قوت سے نہیں اٹھایا بلکہ قوت الٰہی سے اٹھایا تھا۔"

ایک روایت میں ہے کہ اس کے بعد چالیس آدمیوں نے مل کر اس دروازہ کو اٹھانا چاہا تو نہ اُٹھ سکا۔ (رواہ احمد الرحمۃ المھداۃ)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کے اعضاء و جوارح میں قوت الٰہی کا ظہور ہوتا ہے۔ نیز یہ کہ اولیاء اللہ اپنے ارادہ و اختیار و قوت سے اظہار کرامت فرما سکتے ہیں۔ اس سے بھی ثابت ہوا کہ تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں کرامات اولیاء کا جو انکار کیا گیا ہے یہ سراسر شیطانی فریب کاری ہے۔

## حضرت عمر فاروق قبر میں مدفون سے ہم کلام ہوئے

حضرت یحییٰ بن ایوب خزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک نوجوان کی قبر پر جا کر اسے پکار کر فرمایا "یا فُلَانُ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ



Marfat.com

اے فلاں! جو شخص (دنیاوی زندگی) میں اپنے رب سے ڈرتا رہا تو اللہ تعالیٰ اس کو دو باغ دے گا۔"

اس نوجوان نے اپنی قبر سے جواب دیا "یا عُمَرُ قَدْ اَعْطَانِیْھَا رَبِّیْ فِی الْجَنَّۃِ مَرَّتَیْنِ" اے عمر! مجھے تو میرے رب نے جنت میں ایسے باغ دو مرتبہ عطا فرمائے ہیں۔ (ابن عساکر، قرۃ العینین)

اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ اظہار کرامت میں ولی اللہ کا ارادہ اور قدرتِ تصرّف و اختیار کا علم بالیقین شامل ہوتا ہے اگر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو یہ قدرتِ تصرف و اختیار حاصل ہونے کا علم بالیقین نہ ہوتا تو آپ قبر میں مدفون شخص کو اس کا نام لے کر پکارنے کا ارادہ ہی نہ فرماتے۔

## میں جس میّت کے جنازے میں شریک رہا اس سے باتیں کرتا رہا!

امام زہری نے ابن مُسَیّب کے ذریعہ حضرت ابن عباس (رضی اللہ عنہم) کے بیان پر کہا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تین آدمیوں میں ایک شخص ہوں۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو حدیث بھی سُنی وہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے۔ اور میں نے



Marfat.com

کثرت مشاغل کے باوجود اپنی پوری نمازیں ادا کی ہیں اور میں جس جنازے میں شریک رہا ہوں اس سے باتیں کرتا رہا ہوں۔" حضرت ابن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں تو یہ خصلتیں صرف انبیاء کرام علیہم السلام میں جانتا تھا۔ لیکن انہی آنکھوں سے یہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ میں دیکھ لیں۔ (تہذیب التہذیب جلد سوم ص۴۸۲، مطبوعہ حیدر آباد دکن)۔

اس حدیث مبارکہ سے تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں تمام تر ہفوات توحید شیطانی کی مکمل تردید ہوگئی۔ اس پر مزید تبصرہ تحصیل حاصل ہے۔

## حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی کرامت

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عُمَرُو بْنِ نُفَيْلٍ خَاصَمَتْهُ اُرْوٰى بِنْتُ اَوْسٍ اِلٰى مَرْوَانَ بْنِ الْحُكْمِ وَادَّعَتْ اَنَّهٗ اَخَذَ شَيْئًا مِنْ اَرْضِهَا فَقَالَ سَعِيْدٌ اَنَا كُنْتُ اٰخُذُ مِنْ اَرْضِهَا شَيْئًا بَعْدَ الَّذِىْ سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاذَا سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا طُوِّقَ اِلٰى سَبْعِ اَرْضِيْنَ فَقَالَ لَهٗ مَرْوَانُ لَا اَسْئَلُكَ



Marfat.com

بَيِّنَةٍ بَعْدَ هٰذَا فَقَالَ سَعِيْدُ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ كَاذِبَةً فَاَعْمِ بَصَرِهَا وَاقْتُلْهَا فِيْ اَرْضِهَا قَالَ فَمَا مَاتَتْ حَتّٰى ذَهَبَ بَصَرِهَا وَبَيْنَمَا هِيَ تَمْشِيْ فِيْ اَرْضِهَا اِذَا وَقَعَتْ فِيْ حَضْرَةٍ فَمَاتَتْ۔

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سعید ابن زید ابن عمرو ابن نفیل سے اروی بنت اوس نے مروان ابن حکم کی کچہری میں جھگڑا کیا (مقدمہ دائر کیا) اور دعوی کیا کہ انہوں نے اس کی زمین کا ایک حصہ لے لیا ہے۔ (یعنی میری کچھ زمین غصب کر لی ہے مجھے واپس دلوائی جائے)۔ تو سعید نے کہا کیا میں اس کی زمین کا کچھ حصہ لے سکتا ہوں اس کے بعد کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سن چکا ہوں۔ مروان نے کہا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سنا ہے؟ فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جو کسی کی ایک بالشت زمین ظلماً لے لے تو سات زمین تک کی زمین کا طوق (اس کے گلے میں) ڈالا جائے گا۔ مروان نے اس سے کہا کہ اس کے بعد میں تم سے کوئی دلیل نہیں مانگتا۔ (یعنی میں آپ سے قسم لئے بغیر آپ کے حق میں فیصلہ کرتا ہوں ایسا شخص کسی کی زمین غصب نہیں کر سکتا) تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے کہا! یا اللہ! اگر یہ جھوٹی ہو تو اس کی



Marfat.com

آنکھیں اندھی کر دے اور اسے اس کی زمین میں مار دے۔
حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے یہ زمین اروی بنت اوس کے حوالے کر دی اور یہ بددعا ساتھ میں دی کہ خدایا یہ زمین اگر اس کی نہ ہو تو اسے اندھا بھی کر دے اور اس زمین میں اسے ہلاک بھی کر دے جو میں نے اس کے حوالے کی ہے''۔

راوی نے فرمایا کہ وہ نہ مری یہاں تک کہ اسکی آنکھیں جاتی رہیں اور جب کہ وہ اپنی زمین میں چل رہی تھی تو وہ ایک گڑھے میں گر گئی اور مرگئی۔ اس حدیث سے واضح ہوا کہ اہل اللہ کی زبان سے نکلی ہوئی بات کو اللہ تعالیٰ رد نہیں فرماتا۔

## اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء کی بات کو پورا کر دیتا ہے

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُمْ مِنْ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِیْ طِمْرَیْنِ لَا یُؤْبَہُ لَہٗ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ مِنْھُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِکٍ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ دَلَائِلِ النُّبُوَّۃِ (مشکوٰۃ)۔

روایت ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت سے پریشان حال غبار میں اٹے ہوئے پرانے کپڑے والے جن کی پروا نہ کی جائے



Marfat.com

اگر اللہ کی قسم کھا لیں تو اللہ تعالیٰ پوری کر دے، ان میں سے حضرت براء بن مالک ہیں رضی اللہ عنہ۔

یعنی میری اُمت میں بہت سے غرباء مساکین جن کی کوئی پرواہ بھی نہ کرتا ہو اگر وہ کہہ دیں خدا کی قسم تو جنتی ہے یا قسم خدا کی تجھے بیٹا ملے گا یا قسم اللہ کی کل بارش ہو گی تو اللہ تعالیٰ اُن کی لاج رکھتے ہوئے یہ کام کر دے گا۔ بزرگوں سے قضائے حاجات کے لئے دُعا کرانے کی اصل یہ حدیث بھی ہے۔ نیز صحیح بخاری کی حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:۔

## میرا ولی مجھ سے کچھ سوال کرتا ہے تو میں اس کا سوال ضرور پورا کرتا ہوں!

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اِنَّ اللہَ تَعَالیٰ قَالَ مَنْ عَادیٰ لِی وَلِیًّا فَقَدْ اَذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِی بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْہِ وَمَا یَزَالُ عَبْدِی یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اَحْبَبْتُہٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُہٗ کُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِی یَسْمَعُ بِہٖ وَبَصَرَہُ الَّتِی یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِی یَبْطِشُ بِھَا وَرِجْلَہُ الَّتِی یَمْشِی بِھَا وَاِنْ سَاَلَنِی



Marfat.com

لَاُعْطِيَنَّهٗ وَلَئِنْ اسْتَعَاذَنِيْ لَاُعِيْذَنَّهٗ الحدیث۔ (صحیح بخاری ص۹۶۳ جلد دوم مشکوٰۃ)۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو شخص میرے کسی ولی کو ستائے میں اس کو اعلانِ جنگ دیتا ہوں اور میرا بندہ جن اعمال کے ذریعہ میری طرف تقرب حاصل کرتا ہے ان میں سے فرائض سے بڑھ کر مجھے کوئی عمل محبوب نہیں اور میرا بندہ پابندیٔ نوافل کے ساتھ میری طرف تقرب حاصل کرتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو محبوب بنا لیتا ہوں، پس جب میں اس کو اپنا محبوب بناتا ہوں تو میں اس کے کان بن جاتا ہوں جس کے ساتھ وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور میں اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جن کے ساتھ وہ چلتا ہے اور جب وہ مجھ سے کچھ سوال کرتا (مانگتا) ہے تو میں اس کا سوال ضرور پورا کرتا ہوں۔ اور اگر وہ میری پناہ طلب کرتا ہے تو میں اس کو ضرور پناہ دیتا ہوں۔ (الیٰ آخر الحدیث۔) اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَلَئِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّهٗ میرا ولی جب مجھ سے کچھ سوال کرتا ہے، تو میں اس کا سوال ضرور پورا کرتا ہوں۔ پر ایمان رکھنے والے صحیح العقیدہ مسلمان، اپنی حاجت روائی و مشکل کشائی کے لئے اولیاء کے حضور حاضر ہو کر ان سے دعا کراتے



Marfat.com

ہیں اور اپنی مرادیں پاتے ہیں نیز اس حدیثِ قدسیہ سے ثابت ہوا کہ

## اولیاء صفاتِ الٰہیہ کے مَظہر و مُظہر ہوتے ہیں

حضرت امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ مندرجہ بالا حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں وَکَذٰالِکَ الْعَبْدُ اِذَا وَاظَبَ عَلَی الطَّاعَاتِ بَلَغَ اِلَی الْمَقَامِ الَّذِیْ یَقُوْلُ اللّٰہُ کُنْتُ لَہٗ سَمْعًا وَّ بَصَرًا فَاِذَا صَارَ نُوْرُ جَلَالِ اللّٰہِ سَمْعًا لَہٗ سَمِعَ الْقَرِیْبَ وَالْبَعِیْدَ وَاِذَا صَارَ ذَالِکَ النُّوْرُ بَصَرًا لَہٗ رَاَی الْقَرِیْبَ وَالْبَعِیْدَ وَاِذَا صَارَ ذَالِکَ النُّوْرُ یَدًا لَہٗ قَدَرَ عَلَی التَّصَرُّفِ فِی الصَّعْبِ وَالسَّھْلِ وَالْبَعِیْدِ وَالْقَرِیْبِ۔ (تفسیر کبیر جلد پنجم ص۶۸۸ مطبوعہ مصر)۔

اور اسی طرح جب کوئی بندہ نیکیوں پر ہمیشگی اختیار کرتا ہے تو اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کنت لہ سمعا وبصرا فرمایا ہے۔ جب اللہ کے جلال کا نُور اس کی سمع ہو جاتا ہے تو وہ دُور و نزدیک آوازوں کو سُن لیتا ہے۔ اور جب یہی نُور اس کی بصر ہوگیا تو وہ دُور و نزدیک کی چیزوں کو دیکھ لیتا ہے۔ اور جب یہی نُور جلال اس کا ہاتھ ہوگیا تو یہ بندہ مشکل و آسان دُور اور قریب چیزوں میں تصرّف کرنے پر قادر ہو جاتا ہے"۔ یعنی ولی اللہ سے کرامات کا ظہور ہونے لگتا ہے۔



Marfat.com

بفضلِ تعالیٰ و بفضل رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ۔ تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں کئے گئے معجزات انبیاء علیہم السلام اور کراماتِ اولیاء کے انکار کی تردید بطریقِ احسن مکمل ہوئی ۔ اب تبرکاً و تیمناً ملاحظہ کے لئے درج ذیل ہے ۔

# کراماتِ اولیاء کے متعلق شیخ عبدالحق محدّث شارح مشکوٰۃ کی وضاحت

" اہلِ حق اتفاق دارند بر جواز وقوع کرامت از اولیاء، و ولی کسے ست کہ عارف باشد بذات وصفاتِ حق بر قدر طاقت بشری و مواظب باشد بر اتیان طاعت و ترک منہیات غیر منہمک در لذات و شہوات و کامل باشد در تقویٰ و اتباع برحسب تفاوت و مراتب آں و دلیل بر وقوع کرامت کتاب و سُنت و تواتر اخبار ست از صحابہ و من بعد ہم تواتر معنوی چنانکہ در قدر مشترک میان آں نزد انصاف و ترک عناد مجال شبہ و انکار نیست خصوصاً از بعضے اکابر مشائخ طریقت و سادات ایشاں مثل غوث الثقلین سید الشیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ و جز ایشاں آنچناں بحد کثرت رسیدہ است کہ لا تعد و لا تحصیٰ ست بعضے از مشائخ اہلِ



Marfat.com

زمانِ ایشاں گفتہ اند کہ کرامات وے رضی اللہ عنہ مانند رشتہ مروارید بود کہ پئے یکدیگر مے آمدند وگاہے در وے ظاہر مے شدند و گاہے از وے یکے از ما اگر مے خواست کہ در یک مجلس چیز ہائے متعدد ازاں عد کند نہ میکرد و امام عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ گفتہ است کہ کراماتِ وے ثابت ست بے شبہ و معلوم بہ اتفاق زسیدہ مانندِ آں از ہیچ یکے از شیوخ آفاق و جماعت از معتزلہ و آنہا کہ در پئے ایشاں رفتہ اند منکر شدہ اند کرامت را و بعضے گفتہ اند کہ صادر نہ مے شود کرامت از ولی بقصد و اختیار و اگر صادر شود بے قصد و اختیار خواہد بود و بعض بہ آں رفتہ کہ کرامت از جنس معجزہ نہ مے باشد مثل تکثیر طعام قلیل و نبع ماء از اصابع و مانند آں و حق جواز وقوع ست بہ قصد و اختیار و بے و بے قصد و از جنس معجزہ و غیر معجزہ و تمام کلام در اثبات کرامت بدلائل و رفع شبہ مخالفاں در کتب کلام مذکور ست و لا حاجۃ الی البیان بعد العیان (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ ص ۶۰۹)

ترجمہ:۔ اولیاء سے کرامت واقع ہونے کے جواز پر اہل حق متفق ہیں اور ولی وہ شخص ہے جو بطاقت بشری حق تعالیٰ کی ذات وصفات کا عارف ہو اور طاعت (فرمانبرداری) کی بجا آوری اور ترکِ منہیات پر پابندی کے ساتھ لگا رہنے والا ہو۔ اور لذات و شہوات میں لگا رہنے والا نہ ہو اور تقویٰ و اتباع میں ان کے حسب تفاوت و مراتب پر



Marfat.com

کامل ہو اور وقوعِ کرامت پر دلیل کتاب وسُنت (قرآن و حدیث)
اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی دی ہوئی متواتر خبریں ہیں اور ان کے بعد والوں
کی تواتر معنوی والی خبریں ہیں۔ اور جیسا کہ ان خبروں میں تواتر معنوی
قدر مشترک ہے انصاف و ترکِ عناد کی رو سے (کراماتِ اولیاء میں) شبہ
اور انکار کی مجال نہیں ہے خصوصاً بعض اکابر مشائخ طریقت اور ان
کے سادات (سرداروں سے) جیسے کہ غوث الثقلین (جن وانس کے
فریاد رس) سید شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ ہیں اور ان
کے علاوہ بھی اس طرح کے (اولیاء) حدِ کثرت تک پہنچے ہیں کہ جن
کی تعداد شمار نہیں کی جا سکتی۔ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ
کے بعض مشائخ کہتے ہیں کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی کرامات
رشتۂ مروارید (سُچے موتیوں کی لڑی) کے مانند تھیں کہ ایک دوسرے
کے پیچھے (پے درپے لگاتار) آتی تھیں اور کبھی حضور کے جسم (اقدس)
سے ظاہر ہوتی تھیں۔ ہم میں سے کوئی اگر چاہتا کہ ایک مجلس میں (حضور
کی) متعدد چیزوں (کرامات) کو شمار کر لے تو نہیں کر سکتا تھا اور امام
عبداللہ یافعی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حضور غوث الثقلین رضی
اللہ عنہ کی کرامات بلا شبہ ثابت ہیں۔ اور دنیا بھر کے بزرگوں میں
سے کسی ایک کی کرامات آپ کی کرامات کے مانند معلوم نہیں ہوتیں
اور معتزلہ (بے دین ملحد) اور ان کے پیرو کار کرامت کے منکر ہیں۔



Marfat.com

اور ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ کرامت ولی کے قصد و اختیار سے ثابت نہیں ہوتی اور اگر ولی کے قصد و اختیار کے بغیر صادر ہو تو ہو سکتی ہے اور بعضے یہ کہتے ہیں کہ کرامت معجزہ کی جنس سے نہیں ہوتی مثل قلیل طعام کو کثیر کر دینا۔ انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری کر دینا اور ان جیسے دیگر امور کرامت سے نہیں ہو سکتے اور حق (صحیح) یہ ہے کہ کرامت ولی کے قصد و اختیار سے یا قصد و اختیار کے بغیر نیز جنس معجزہ سے یا غیر معجزہ ہر طرح سے واقع ہوتی ہے اور چونکہ کتب کلام میں دلائل کے ساتھ اثبات کرامت اور مخالفین (منکرین) کے شبہات رفع کرنے کی بحث پوری طرح مذکور ہے لہٰذا حق واضح ہو چکنے کے بعد مجھے مزید بحث کی ضرورت نہیں۔ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ ص۶۰۹، ۶۱۰)

حضرت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی قدسنا اللہ باسرارہ العزیز کی اس جامع و مانع وضاحت سے کالشمس فی نصف النہار ثابت ہوا کہ تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ کے لکھنے لکھانے والے اپنے پیشوا، قرن الشیطان ابن عبدالوہاب نجدی سمیت گروہ ضالہ معتزلہ کے پیروکار ہیں۔ نیز یہ کہ ان کی نام نہاد تفسیر حقیقۃً تحریف قرآن ہے اللہ تعالیٰ عزاسمہ و جل شانہ اپنے محبوب مکرم نور مجسم سرکار دو عالم محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل مسلمانوں کو نجدیہ وہابیہ کے خلاف اسلام گمراہ کن عقائد سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین۔



Marfat.com

"راہِ ایمان"
(جلد سوم)

ردِ تفسیر

نجدیہ سعودیہ وہابیہ

# مسئلۂ ایصالِ ثواب، نذر و نیاز

# وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

# کی وضاحت



Marfat.com

آیت مُبارکہ :۔ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ

ترجمہ نجدی:۔ ''تم پر مُردہ اور (بہا ہوا) خُون اور سور کا گوشت اور ہر وہ چیز جس پر اللہ کے سوا دوسروں کا نام پُکارا گیا ہو حرام ہے۔''

تفسیر نجدی :۔

وَمَا اُهِلَّ وہ جانور یا کوئی اور چیز جسے غیر اللہ کے نام پر پُکارا جائے، اس سے مُراد وہ جانور ہیں جو غیر اللہ کے نام پر ذبح کئے جائیں جیسے مشرکین عرب لات وعزہ وغیرہ کے ناموں پر ذبح کرتے تھے یا آگ کے نام پر جیسے مجوسی کرتے تھے۔ اور اسی میں وہ جانور بھی آ جاتے ہیں جو جاہل مُسلمان فوت شدہ بزرگوں کی عقیدت ومحبت، اُن کی خوشنودی وتقرب حاصل کرنے کے لئے یا اُن سے ڈرتے اور اُمید رکھتے ہوئے قبروں اور آستانوں پر ذبح کرتے ہیں یا مجاورین کو بزرگوں کی نیاز کے نام پر دے آتے ہیں۔ جیسے بہت سے بُزرگوں کی قبروں پر بورڈ لگے ہوتے ہیں۔ مثلاً داتا صاحب کی نیاز کے لئے



Marfat.com

بکرے یہاں جمع کرائے جائیں۔ ان جانوروں کو چاہے ذبح کرتے وقت اللہ ہی کا نام لے کر ذبح کیا جائے یہ حرام ہی ہوں گے کیونکہ اس سے مقصود رضائے الٰہی نہیں رضائے اہلِ قبور اور تعظیم لغیر اللہ یا خوف۔ رجاء من غیر اللہ غیر اللہ سے مافوق الاسباب طریقے سے ڈر یا اُمید ہے جو شرک ہے۔ اسی طریقے سے جانوروں کے علاوہ بھی جو اشیاء بھی غیر اللہ کے نام پر نذر و نیاز اور چڑھاوے کی ہوں گی حرام ہوں گی۔ جیسے قبروں پر لے جاکر یا وہاں سے خرید کر قبور کے ارد گرد فقراء و مساکین پر دیگوں اور لنگروں کی یا مٹھائی اور پیسوں وغیرہ کی تقسیم یا وہاں صندوقچی میں نذر نیاز کے پیسے ڈالنا یا عرس کے موقع پر وہاں دُودھ پہنچانا۔ یہ سب کام حرام و ناجائز ہیں کیوں کہ یہ سب غیر اللہ کی نذر و نیاز کی صورت ہیں۔ اور نذر بھی نماز روزہ وغیرہ عبادات کی طرح ایک عبادت ہے اور عبادت کی ہر قسم صرف ایک اللہ کے لئے مخصوص ہے اسی لئے حدیث میں ہے :۔

مَلْعُوْنٌ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ (صحیح الجامع وزیادۃ البانی

جلد دوم صـ ۱۰۲۴)

"جس نے غیر اللہ کے نام پر جانور ذبح کیا وہ ملعون ہے"۔

تفسیر عزیزی میں بحوالہ تفسیر نیشاپوری ہے۔ اَجْمَعُ الْعُلَمَاءُ لَوْ اَنَّ مُسْلِمًا ذَبَحَ ذَبِيْحَةً يُرِيْدُ بِذَبْحِهَا التَّقَرُّبَ اِلٰى غَيْرِ اللّٰهِ



Marfat.com

صَارَ مُرْتَدًّا وَذَبِيحَتُہٗ ، ذَبِيحَۃُ مُرْتَدٍّ ۔ (تفسیر عزیزی صہ ۱۱۶ بحوالہ اشرف الحواشی)۔

علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ اگر کسی مسلمان نے کوئی جانور غیر اللہ کا تقرب حاصل کرنے کی نیت سے ذبح کیا تو وہ مرتد ہو جائے گا اور اس کا ذبیح ایک مرتد کا ذبیحہ ہوگا۔

آیت مبارکہ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ :۔ (پ ۶ سورۃ المائدہ)

ترجمہ نجدی :۔ ''اور جو آستانوں پر ذبح کیا گیا ہو۔''

تفسیر نجدی :'' ۔مشرکین اپنے بتوں کے قریب پتھر یا کوئی چیز نصب کر کے ایک خاص جگہ بناتے تھے یعنی یہ وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللهِ ہی کی ایک شکل تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ آستانوں مقبروں اور درگاہوں پر جہاں لوگ طلب حاجات کے لئے جاتے ہیں اور وہاں مدفون افراد کی خوشنودی کے لئے جانور، مرغا، بکرا وغیرہ ذبح کرتے ہیں یا پکی ہوئی دیگیں تقسیم کرتے ہیں ان کا کھانا حرام ہے، یہ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ میں داخل ہیں۔''

پ ۲۳ ——— تفسیر نجدی صہ ۲۷۳ ——— سورہ ص

آیت مبارکہ :۔ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝

ترجمہ نجدی :۔ کیا اس نے اتنے سارے معبودوں کا ایک ہی



Marfat.com

معبود کر دیا یا واقعی یہ عجیب بات ہے"۔

تفسیر نجدی: "یعنی ایک ہی اللہ ساری کائنات کا نظام چلانے والا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی طرح عبادت اور نذر و نیاز کا مستحق بھی صرف وہی ایک ہے؟ یہ ان کے لئے تعجب انگیز بات تھی"۔

پ ۲۷ ——— تفسیر نجدی ص ۱۴۹۷۔۱۴۹۸ ——— سورہ النجم

آیت مبارک:۔ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۝ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝

ترجمہ نجدی:۔ "کہ کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا اور یہ کہ ہر انسان کے لئے صرف وہی ہے جس کی کوشش خود اُس نے کی"۔

تفسیر نجدی:۔ یعنی جس طرح کوئی کسی دوسرے کے گناہ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اسی طرح اسے آخرت میں اُجر بھی انہی چیزوں کا ملے گا جن میں اس کی اپنی محنت ہوگی (اس جزا کا تعلق آخرت سے ہے دُنیا سے نہیں جیسا کہ بعض سوشلسٹ قسم کے اہل علم اس کا یہ مفہوم باور کرا کے غیر حاضر زمین داری اور کرایہ داری کو ناجائز قرار دیتے ہیں) البتہ اس آیت سے ان علماء کا استدلال صحیح ہے جو کہتے ہیں کہ قرآن خوانی



Marfat.com

کا ثواب میت کو نہیں پہنچتا اس لئے کہ یہ مُردہ کا عمل ہے نہ اس کی محنت اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے اپنی اُمت کو مُردوں کے لئے قرآن خوانی کی ترغیب دی نہ کسی نص یا اشارۃ النص سے اس کی طرف رہنمائی فرمائی۔ اسی طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی یہ عمل منقول نہیں۔ اگر یہ عمل عمل خیر ہوتا تو صحابہ رضی اللہ عنہم اسے ضرور اختیار کرتے اور عبادات و قربات کے لئے نص کا ہونا ضروری ہے۔ رائے اور قیاس نہیں چل سکتا۔

پ۱۴ ——— تفسیر نجدی ص۷۴۱ ——— النحل

آیت مبارکہ :۔ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُونَ ○

ترجمہ نجدی :۔ اور جسے جانتے بُوجھتے بھی نہیں اس کا حصہ ہماری دی ہوئی روزی میں سے مقرر کرتے ہیں۔ واللہ تمہارے اس بہتان کا سوال تم سے ضرور کیا جائے گا۔

تفسیر نجدی :۔ "یعنی جن کو یہ حاجت روا مشکل کشا، اور معبود سمجھتے ہیں وہ پتھر کی مُورتیاں ہیں یا جنات و شیاطین ہیں، جن کی حقیقت کا ان کو علم ہی نہیں۔ اس طرح قبروں میں مدفون لوگوں کی حقیقت بھی کہ ان کے ساتھ وہاں کیا معاملہ ہو رہا ہے۔ وہ اللہ کے



Marfat.com

پسندیدہ افراد میں ہیں یا کسی دوسری فہرست میں ؟
ان باتوں کو کوئی نہیں جانتا لیکن ان ظالم لوگوں نے ان کی حقیقت سے ناآشنا ہونے کے باوجود انہیں اللہ کا شریک ٹھہرا رکھا ہے اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے ان کے لئے بھی نذر و نیاز کے طور پر حصہ مقرر کرتے ہیں بلکہ اللہ کا حصہ رہ جائے تو بے شک رہ جائے ۔ ان کے حصے میں کمی نہیں کرتے جیسا کہ سُورۃ الانعام ۱۳۶ میں بیان کیا گیا ہے''۔

واضح رہے کہ مندرجہ بالا چند اقتباسات تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ سے بطور نمونہ از خروارے نقل کئے گئے ہیں ۔ ورنہ پوری تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ اسی طرح کی تحریفات اور خلافِ قرآن وحدیث ، من گھڑت قرن الشیطانی بکواس سے بھری ہوئی ہے ۔ اس لئے پوری تفسیر کے مندرجات کو نقل کرنا فضول اور تطویلِ لاحاصل ہے ۔



Marfat.com

# ردِّ تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ

نَحمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم

# مسئلہ ایصالِ ثواب، نذر و نیاز کی وضاحت

واضح رہے کہ ایصالِ ثواب نہایت موجب برکات اور مستحب ہے۔ عبادات مالیہ یا بدنیہ فرض و نفل سب کا ثواب دوسروں کو پہنچایا جاسکتا ہے زندوں کے ایصالِ ثواب سے مُردوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ بزرگانِ دین، اولیاء اللہ کے ان کی حیات ظاہری یا باطنی میں جو نذریں کہی جاتی ہیں یہ نذر فقہی نہیں۔ عام محاورہ ہے کہ اکابر کے حضور جو ہدیہ پیش کریں اسے نذر یا نیاز کہتے ہیں عرف میں ہدیہ یا پیشکش کو نذر کہتے ہیں اور شرع میں نذر عبادات اور قربت مقصود ہے۔ نذر خاص اللہ تعالیٰ کے لئے ہوتی ہے اور یہ جائز ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نذر کرے اور کسی کے آستانہ کے فقراء کو نذر کے صرف کا محل مقرر کرے مثلاً کسی نے یہ کہا کہ یا اللہ اگر تو میرا فلاں مقصد پورا کر دے یا فلاں بیمار کو تندرست کر دے تو فلاں ولی کے آستانہ کے فقراء کو کھانا کھلاؤں گا۔ یا



Marfat.com

فلاں ولی کے خدام کو روپیہ پیسہ دوں گا۔ یا ان کی مسجد کے لئے تیل یا چٹائی یا دری فرش کے لئے حاضر کروں گا تو یہ نذر جائز ہے۔

حضرت مریم کی والدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نذر مانی تھی کہ،

یا اللہ میرے پیٹ کا بچہ تیرے لئے نذر کرتی ہوں جو بیت المقدس کی خدمت کے لئے وقف ہوگا۔ نذر اللہ تعالیٰ کی مصرف بیت المقدس کا قرآن مجید میں ہے۔

"اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ" (پ۳ ع ۱۲)

"جب عمران کی بی بی نے عرض کی اے رب میرے میں تیرے لئے منت مانتی ہوں جو میرے پیٹ میں ہے کہ خالص تیری عبادت میں رہے اور تیری عبادت کے سوا دنیا کا کوئی کام اس کے متعلق نہ ہو بیت المقدس کی خدمت اس کے ذمہ ہو۔"

یعنی نذر اللہ تعالیٰ کی مصرف بیت المقدس کا فقیر ایسی احادیث ذیل میں درج کر رہا ہے جن سے ثابت ہے کہ نذر اللہ تعالیٰ کے لئے اور نذر کا مصرف غیر اللہ مقرر کرنا نہ صرف یہ کہ جائز ہے بلکہ سُنت ہے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی نذر کو پورا کرنے کا حکم دیا۔ مثلاً کسی نے نذر مانی تھی کہ میں مقام بُوانہ میں اُونٹ ذبح کروں گا۔ حضور نے فرمایا اگر وہاں کوئی بُت وغیرہ نہ ہو تو نذر مانی



Marfat.com

پوری کرو۔

ایک شخص نے نذر مانی تھی کہ بیت المقدس میں چراغ کے لئے تیل بھیجواؤں گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اس نذر کو پُورا کرو۔ ایک صحابیہ نے نذر مانی کہ حضور جنگ سے بصحیح وسلامت واپس آنے پر خوشی منانے کے لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور میں دف بجاؤں گی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اپنی نذر دف بجاکر پُوری کرو۔

اس مضمون کی احادیث سے واضح ہوتا ہے کہ نذر اس طرح ماننا کہ نذر اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے ہو اور نذر کا مصرف غیر اللہ کے لئے ہو یہ نذر لغوی جائز ہے۔ البتہ نذر شرعی کہ غیر اللہ کے تقرب و عبادت کے لئے ماننا یقیناً کفر ہے۔ اور ظاہر ہے کہ ایسی نذر کوئی مُسلمان غیر اللہ کے لئے نہیں مانتا۔

لیکن تفسیر نجدیہ سعودیہ میں سورہ فاتحہ سے لے کر آخر قرآن مجید تک آیات کریمہ میں تحریف معنوی کرتے ہوئے نذر و نیاز کو غیر اللہ کی عبادت کہا گیا ہے اور ایصالِ ثواب کرنے والے مسلمانوں کو مشرک کافر ٹھہرایا گیا ہے۔ جن کی حرکت شیطانی ہے جو نام نہاد نجدی سعودی تفسیر کے ذریعہ قرن الشیطان ابن عبدالوہاب نجدی کے باطل و مردود مذہب توحیدِ شیطانی کی ترویج کی خاطر کی گئی ہے۔



Marfat.com

یادرہے کہ مسلمانوں کے جائز افعال کو خواہ مخواہ قبیح صورت میں ڈھالنا وہابیت کا خاصہ ہے۔ کوئی مسلمان غیر اللہ کے تقرب یا عبادت کی نیت سے نذر نہیں مانتا بلکہ احکام قرآن وحدیث کی تکمیل میں مسلمان بزرگانِ دین کی خدمت میں ایصالِ ثواب کی نیت سے طرح طرح کے طعام پکوا کر، مٹھائیاں، پھل فروٹ، کپڑے یا نقد روپے پیسے غربا و مساکین کو یا مزاراتِ اولیاء کے خدّام و حاضرین میں تقسیم کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں، سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم و اولیاء کرام علیہ الرحمتہ کے فیوض لامتناہی و برکات وعنایات سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔

احادیث سے واضح ہوتا ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے زمانہ میں بھی قبور مومنین پر جاکر مدفون مسلمانوں کی مغفرت کی دعائیں مانگی جاتی تھیں، قرآن مجید کی تلاوت کی جاتی تھی، تلاوت کا ثواب پہنچایا جاتا تھا۔ الغرض ابتدائے دور اسلام سے لے کر آج تک تمام ممالک میں مسلمان عام مسلمانوں کی قبروں پر جاکر فاتحہ پڑھتے قرآن خوانی کرتے ___ اور ایصال ثواب کے مختلف طریقوں پر عامل ہیں۔ اولیاء کے مزارات مبارکہ کی حاضری اور ان سے توسّل وتبرک واستمداد اور ان کی خدمت میں قرآن خوانی وفاتحہ ونذر نیاز کا ثواب پیش کرنا مفسرین قرآن وشارحین حدیث اکابر علماء ومشائخ اور عام مسلمانوں کا معمول ہے لیکن تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں آیاتِ قرآن کے معانی ومفاہیم کے برخلاف بذریعہ تحریف ان



Marfat.com

تمام جائز و مستحب اور مستحسن امور و معمولات کو بڑی ڈھٹائی کے ساتھ شرک و کفر قرار دیا گیا ہے۔ اور ان امور کے مرتکب مسلمانانِ اُمّت کو مشرک و کافر ٹھہرایا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم اجمعین کے صدقے میں مسلمانوں کو وہابیہ نجدیہ کی ابلیسانہ فریب کاریوں اور شرور سے محفوظ رکھے۔ آمین!

تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ ص ۱۴۹۷ پر لکھا ہے کہ قرآن خوانی کا ثواب میت کو نہیں پہنچتا۔ آئندہ صفحات میں فقیر وہابیہ کے ایصالِ ثواب اور اموات کے لئے قرآن خوانی کرنے اور نذر و نیاز دینے کے انکار کی بھی مکمل تردید کر رہا ہے اور وہ احادیث درج کر رہا ہے جن سے روزِ روشن کی طرح ثابت ہوتا ہے کہ نجدیہ وہابیہ کا ان جائز و مستحب امور کو شرک و کفر ٹھہرانا قطعاً غلط ہے۔ تعلیماتِ قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔

# کسی خاص جگہ قربانی کرنے یا خاص جگہ فقراء پر صدقہ کرنے کی نذر ماننا جائز ہے!

عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ قَالَ نَذَرَ رَجُلٌ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْحَرَ اِبِلًا بِبُوَانَةَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ



Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كَانَ فِيْهَا وَثَنٌ مِّنْ اَوْثَانِ الْجَاهِلِيَّةِ يُعْبَدُ قَالُوْا لَا قَالَ فَهَلْ كَانَ فِيْهَا عِيْدٌ مِّنْ اَعْيَادِهِمْ قَالُوْا لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْفِ بِنَذْرِكَ فَاِنَّهُ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ آدَمَ رواه ابوداؤد۔ (مشکوٰۃ باب النذور فصل ۲)۔

حضرت ابن الضحاک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ کسی شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نذر مانی کہ مقام بوانہ میں اونٹ ذبح کروں گا۔ پھر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کو یہ خبر دی (حضور سے مسئلہ پوچھا کہ یہ نذر پوری کروں یا نہیں؟) تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا وہاں جاہلیت کے بتوں سے کوئی بت تھا جس کی پوجا ہوتی تھی۔ لوگوں نے کہا نہیں۔ فرمایا کیا وہاں ان کے میلوں سے کوئی میلہ لگتا تھا، لوگ بولے نہیں تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنی نذر پوری کرو۔ کیونکہ نہ تو اللہ کے گناہ میں نذر درست ہے اور نہ اس میں جس کا انسان مالک نہ ہو۔

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ کفار کی مشابہت حرام ہے۔ اولیاء اللہ کے عرس کفار کے میلوں سے کچھ مشابہت نہیں رکھتے۔ کفار و مشرکین بتوں کی عبادت و تقرب کے لئے جانور کاٹتے تھے۔ اولیاء اللہ کے عرس



Marfat.com

خاص اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا حاصل کرنے کے لئے منعقد کئے جاتے ہیں۔ اولیاء کی عبادت و تقرب کے لئے ہرگز نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ذکر، قرآن کی تلاوت، میلاد النبی کا ذکر، درود و سلام پڑھنا، صدقہ و خیرات یہ سب اللہ تعالیٰ کی عبادت کے کام ہیں۔ عرس بزرگاں میں یہی کچھ کیا جاتا ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جو شخص کسی خاص جگہ قربانی کرنے یا خاص جگہ کے فقراء پر صدقہ کرنے کی نذر مانے تو اسے پورا کرے اور جو مسلمان حرمین شریفین کے فقراء پر صدقہ کرنے، کسی بزرگ کے مزار کے پاس رہنے والے مسکینوں پر صدقہ و خیرات کرنے کی منّت ملانے وہ اُسے پُورا کرے، وہاں ہی کے فقراء کو دے۔ کسی بزرگ کے مزار پر ذبح کی نذر ملانے تو وہاں ہی ذبح کرے۔

اگر کوئی حضور غوث پاک یا داتا گنج بخش یا سلطان الہند خواجہ معین الدین اجمیری، یا شہباز قلندر یا پیر سائیں روضہ دھنی رحمۃ اللہ علیہم یا کسی بھی ولی اللہ کی خدمت میں عرض کرے کہ یا حضرت میری فلاں حاجت روائی یا مشکل کشائی کے لئے اللہ تعالیٰ سے دُعا فرما کر میری مُراد پُوری کرا دیں تو میں آپ کی خدمت میں صدقہ و خیرات کر کے اس کا ثواب نذر کروں گا تو یہ بلاشبہ جائز و مستحب ہے۔

علامہ شامی علیہ الرحمتہ۔ شامی کتاب الصوم بحث نذر اموات میں



Marfat.com

فرماتے ہیں:۔ بِاَنْ تَكُوْنَ صِيْغَةُ النَّذْرِ لِلّٰهِ تَعَالٰى لِلتَّقَرُّبِ اِلَيْهِ وَيَكُوْنَ ذِكْرُ الشَّيْخِ مُرَادًا بِهٖ فُقَرَاءَهٗ۔

صیغہ نذر کا اللہ تعالیٰ کا تقرب چاہنے کے لئے ہو۔ اور شیخ کا نام لینے سے یہ مُراد ہو کہ طعام وغیرہ نذر و نیاز کی چیز آپ کے مزار کے فقراء کو تقسیم کروں گا۔

## یارسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ حضور کے سامنے دف بجاؤں گی!

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ اِمْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَضْرِبَ عَلٰى رَاْسِكَ بِالدُّفِّ قَالَ اَوْفِيْ بِنَذْرِكِ رواہ ابوداؤد۔

(مشکوٰۃ باب النذر)

روایت ہے حضرت عمرو بن شعیب سے وہ اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے راوی ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ حضور کے سامنے دف بجاؤں (سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کسی خطرناک غزوہ میں تشریف لے گئے تھے جہاں کفار کی یلغار زیادہ تھی تب ان بی بی صاحبہ نے نذر مانی تھی کہ جب حضور بخیریت



Marfat.com

مدینہ منورہ تشریف لائیں تو آپ کے سامنے دف بجاؤں۔ دف بجانا کوئی عبادت نہیں اس لئے مسئلہ پوچھا کہ یہ نذر درست ہے یا نہیں۔) فرمایا اپنی نذر پوری کرلو۔ (اس لئے کہ اگرچہ دف بجانا عبادت نہیں مگر حضور کی تشریف آوری پر خوشی کا اظہار بھی عبادت ہے۔ اور کفار کو جلانا بھی عبادت ہے۔ دف بجانے میں یہ دونوں باتیں ہیں۔ (مرقات شرح مشکوٰۃ از مُلّا علی قاری محدث واشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ از شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہم الرحمۃ)۔

لہٰذا جو شخص میلاد شریف یا گیارہویں شریف کی نذر ملنے وہ ضرور پوری کرے کہ یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت کی خوشی منانے کی نذر ہے۔ حضرت مُلّا علی قاریؒ نے فرمایا کہ نکاح میں اعلان کے لئے دف بجانا اس لئے جائز ہے کہ اس میں نکاح کی خوشی نکاح کا اعلان زنا و نکاح کے درمیان فرق ہے۔ چنانچہ ان بی بی صاحبہ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دف بجائی۔ (مرأۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح)

## یارسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ آپکی بسلامتی تشریف آوری کی خوشی میں آپ کے سامنے دف بجاؤں گی اور گانا گاؤں گی

عَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ



Marfat.com

فِی بعضِ مَغازِیہٖ فَلَمَّا انْصَرَفَ جَاءَتْ جَارِیَۃٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ کُنْتُ نَذَرْتُ اَنْ رَدَّكَ اللّٰہُ صَالِحًا اَنْ اَضْرِبَ
بَیْنَ یَدَیْكَ بِالدُّفِّ وَالْغَنٰی فَقَالَ لَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ کُنْتِ نَذَرْتِ فَاضْرِبِیْ وَاِلَّا فَلَا فَجَعَلَتْ فَدَخَلَ
اَبُوْبَکْرٍ وَھِیَ تَضْرِبُ ثُمَّ فَعَلَ عَلِیٌّ وَھِیَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانَ
وَھِیَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عُمَرُ فَالْقَتِ الدُّفَّ تَحْتَ اِسْتِھَا
ثُمَّ قَعَدَتْ عَلَیْھَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ
الشَّیْطَانَ لَیَخَافُ مِنْكَ یَا عُمَرُ اِنِّیْ کُنْتُ جَالِسًا وَھِیَ تَضْرِبُ
فَدَخَلَ اَبُوْبَکْرٍ فَھِیَ تَضْرِبُ ثُمَّ دَخَلَ عَلِیٌّ وَھِیَ تَضْرِبُ ثُمَّ
دَخَلَ عُثْمَانَ وَھِیَ تَضْرِبُ فَلَمَّا دَخَلْتَ اَنْتَ یَا عُمَرُ اَلْقَتِ
الدُّفَّ۔ رواہ الترمذی (مشکوٰۃ)۔

روایت ہے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کسی جہاد میں تشریف لے گئے، جب واپس تشریف لائے تو ایک سیاہ فام لونڈی آئی عرض کی یا رسول اللہ! میں نے منت مانی تھی کہ اگر اللہ آپ کو صحیح و سلامت واپس لائے تو آپ کے سامنے دف بجاؤں گی اور گاؤں گی۔ (یہ نذر شرعی نہیں تھی کہ نذر شرعی میں ضروری ہے کہ جنس واجب سے ہو۔ دف بجانا اور گانا کہیں واجب نہیں، یہ نذر بمعنے نذرانۂ عقیدت ہے)۔ اس سے رسول اللہ صلی اللہ



Marfat.com

علیہ وسلّم نے فرمایا، اگر تُو نے منّت مانی ہے تو بجالے ورنہ نہیں۔ (ذکر بجانے کا ہے، گانے کی اجازت بھی اسی میں شامل ہے۔ (مرقات) یعنی گالے بجالے اپنے دل کے ارمان پورے کرلے۔)

حضرت مُلّا علی قاری محدّث اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہما الرحمتہ مرقات واشعۃ اللمعات میں لکھتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی سلامتی وتشریف آوری پر خوشی منانا بہترین عبادت ہے۔ اس لئے یہ نذر درست ہوئی کہ نذر عبادت کی ہوتی ہے"؛

گناہ کی نذر درست نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا لَا نَذَرَ فِی مَعْصِیَۃٍ (نسائی شریف) خیال رہے کہ جھانجھ کے ساتھ دف وغیرہ ممنوع ہے۔ بغیر جھانجھ، بلا ضرورت کھیل کود کے لئے بھی ممنوع ہے۔ غرض صحیح کے لئے دف تاشہ بجانا جائز ہے لہٰذا اعلان نکاح روزہ کے افطار یا سحری کے لئے، یوں ہی غازیوں کے لئے دف بجانا جائز ہے۔ یہ دف جھانجھ سے اور لہو ولعب سے خالی تھی لہٰذا جائز تھی۔ نیز لونڈی پر نہ تو پردہ واجب ہے نہ اس کی آواز عورت ہے۔ اسے اجنبی شخص دیکھ بھی سکتا ہے اُس کی آواز بھی سُن سکتا ہے۔

لہٰذا یہاں یہ اعتراض نہیں کہ حضور انور نے اجنبی عورت کو کیوں دیکھا اور اس کی آواز کیوں سُنی۔ نہ اس سے مروّجہ ناچ گانے پر دلیل پکڑی جا سکتی ہے کہ اب آزاد عورتیں بن سنور کر گاتی ہیں۔ یہ حرام قطعی ہے۔



Marfat.com

اس حدیث سے بہت سے لوگ دھوکا کھا گئے ہیں۔

وہ دف بجانے لگی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے وہ دف بجاتی رہی۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے وہ دف بجاتی رہی۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے وہ دف بجاتی رہی۔ (یعنی وہ لونڈی ان حضرات میں سے کسی سے نہیں ڈری۔ برابر دف بجاتی رہی اور گیت گاتی رہی۔) پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ آئے تو اس نے دف اپنے چوتڑوں کے نیچے رکھ لی پھر اس پر بیٹھ گئی۔ (یہ ہیبت فاروقی تھی کہ اس بی بی نے وہ کام بند کر دیا جو جائز بلکہ عبادت تھا مگر لہو ولعب کی صورت میں تھا حضرت عمر کو دیکھ کر گھبرا گئی۔ جیسے بعض ہیبت والے آدمیوں کو دیکھ کر بیٹھے باتیں کرنے والے لوگ ادھر اُدھر ہو جاتے ہیں۔ جگہ خالی کر جاتے ہیں۔ حالانکہ وہاں اُن کا بیٹھنا باتیں کرنا حرام نہیں ہوتا۔ لہذا اس حدیث پر یہ اعتراض نہیں کہ اگر یہ کام جائز تھا تو حضرت عمر کو دیکھ کر اس بی بی نے بند کیوں کر دیا اور اگر حرام تھا تو پہلے حضور کے سامنے کیوں ہوا؟)

تب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" کہ اے عمر! شیطان تم سے ڈرتا ہے۔ (یعنی اے عمر یہ تو ایک عورت ہے جو ایسا کام کر رہی تھی جو حقیقتہً درست تھا صورۃً کھیل تھا۔ یہ کیوں نہ ڈر جاتی تمہاری ہیبت کا تو یہ عالم ہے کہ تم سے شیطان بھی ڈرتا ہے جو مرزود دوسروں سے نہیں ڈرتا۔ اس فرمانِ عالی میں نہ تو اُس عورت کو شیطان فرمایا گیا اور نہ اس



Marfat.com

کے دف بجانے اور گیت گانے کو شیطانی عمل فرمایا گیا۔ یہ عمل تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اجازت سے ہوا تھا میں بیٹھا ہوا تھا اور وہ بجا رہی تھی پھر ابوبکر آئے وہ بجاتی رہی، پھر علی آئے وہ بجاتی رہی پھر عثمان آئے وہ بجاتی رہی (یعنی ہم چاروں ہستیوں سے یہ بی بی نہ گھبرائی ہمارے رحم و کرم پر پھولی رہی گاتی بجاتی رہی۔) پھر اے عمر جب تم آئے تو اس نے دَف پھینک دی۔

بفضلہٖ تعالیٰ جلّ شانہٗ وبفضل رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلّم، مسئلہ نذر و نیاز کی قرآن و حدیث سے وضاحت مکمل ہو چکی اور تفسیر نجدیہ وہابیہ میں از اوّل تا آخر نذر و نیاز حرام ہونے کی جو شیطانی رٹ لگائی گئی ہے اس کی بدلائل قاہرہ تردید کر دی گئی ہے۔

اب مزارات اولیاء کی حاضری اور ایصالِ ثواب کے لئے قرآن خوانی، اعمال صالحہ، نذر و نیاز صدقہ خیرات کے جواز مستحب اور سنت ہونے کا ثبوت قرآن و حدیث کی روشنی میں مفصلاً تحریر کیا جارہا ہے۔ جس سے تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں کی گئی تحریفات و بکواسیات کی حقیقت واضح ہو جائے گی اور روزِ روشن کی طرح واضح ہو جائے گا کہ نجدیہ سعودیہ وہابیہ کا مذہب توحید شیطانی پر مبنی ہے۔ ان کے مذہب کا مذہب اسلام سے کچھ تعلق نہیں ہے۔ یہ لوگ صراطِ مستقیم سے ہٹے ہوئے۔ اُمّتِ مسلمہ مرحومہ سے کٹے ہوئے ہیں۔



Marfat.com

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب مکرم نورِ مجسّم سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میں مسلمانوں کو اُن کی گمراہیوں سے بچائے۔ آمین!

## قبروں کی زیارت کیلئے جانا اور قرآن خوانی کرنا سُنّت ہے

امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ "شرح الصدور" میں یہ حدیث نقل فرماتے ہیں: "اَخْرَجَ الجَلَالُ فِی الْجَامِعِ عَنِ الشَّعْبِی قَالَ کَانَتِ الْاَنْصَارُ اِذَا مَاتَ لَهُمُ الْمَیِّتُ اِخْتَلِفُوا اِلٰی قَبْرِہٖ یَقْرَؤُنَ الْقُرْآنَ" حضرت جلال نے جامع میں محدّث شعبی سے روایت نقل کی ہے کہ۔ انہوں نے فرمایا انصار صحابہ کرام کا یہ معمول تھا کہ جب ان کا کوئی شخص مرجاتا تو وہ اس کی قبر پر آتے جاتے اور قرآن پڑھتے رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

طبرانی اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابن عمر سے روایت کی۔ وہ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی مر جائے تو اُسے روکے نہ رکھو بلکہ جلدی لے جاؤ قبر کی طرف اور اس کے سر کی جانب سورۃ البقرہ کی اوّل آیات "مفلحون" تک پڑھنی چاہیئے۔ اور اس کی قبر کی پائیں جانب سورہ بقرہ کی آخری آیات اٰمن الرسول تا آخر سورہ تک۔ (مشکوٰۃ)

نیز عبدالرحمٰن بن علاء بن حلاّج سے روایت کی وہ کہتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے وصیّت کی کہ اے میرے بیٹے جب تم مجھے قبر میں رکھو



Marfat.com

تو یہ کہنا مِلّتِ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر مجھ پر مٹی ڈالنا پھر میرے سرہانے سورہ بقرہ کی ابتدائی اور پاؤں کی جانب آخری آیات پڑھنا۔ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سے میں نے یہی سُنا ہے"۔ رضی اللہ عنہم (شرح الصدور)

شارح صحیح مسلم امام نووی کتاب الاذکار باب مایقول بعد الدفن میں لکھتے ہیں:۔ قَالَ الشَّافِعِیّ یَسْتَحِبُّ اَنْ یَقْرَؤُا عِنْدَہٗ شَیْئًا مِنَ الْقُرْاٰنِ قَالُوْا فَاِنْ اِخْتَمُوا الْقُرْاٰنَ کُلَّہٗ کَانَ۔

"حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا قبر کے پاس کچھ قرآن تلاوت کرنا مستحب ہے۔ علماء نے فرمایا اگر پورا قرآن پڑھ کر ختم کریں تو بھی اچھا ہے"

نیز ابوالقاسم سعد بن علی زنجانی علیہ الرحمتہ نے اپنے فوائد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "جو قبرستان سے گزرا اور اس نے سورہ فاتحہ، اخلاص اور الھٰکم التکاثر پڑھی اور پھر یہ دُعا مانگی کہ اے اللہ! میں نے جو قرآن پڑھا ہے اس کا ثواب مومن مرد اور عورت دونوں کو دینا، تو وہ قبر والے قیامت کے دن اس کی سفارش کریں گے"۔ (شرح الصدور)

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی شارح مشکوٰۃ علیہ الرحمتہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت لکھنے کے بعد فرماتے ہیں "و در



Marfat.com

آثار قرأت فاتحۃ الکتاب و معوّذتین و قل ھو اللہ احد و گردانیدن ثواب برائے اہلِ مقابر آمدہ است۔ (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ کتاب الجنائز باب دفن المیت فصل ۳)۔

اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے عمل اور روایات میں سورہ فاتحۃ الکتاب اور معوّذتین اور قل ھو اللہ احد پڑھنا اور اس کا ثواب قبروں میں مدفون اموات کے لئے پیش کرنا مذکور ہے۔

احادیث سے ثابت ہوا کہ قبروں کی زیارت کے لئے جانا قرآن خوانی کرنا اور اس کا ثواب اموات کو بخشنا بلاشبہ مستحب اور ارشاداتِ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعمیل ہے، سُنّت ہے۔ صحابہ انصار کے عمل سے بھی ثابت ہوا کہ اموات کے ایصالِ ثواب کے لئے قبروں پر جانا قرآن خوانی کرنا، سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے تحت ہی تھا۔ اگر حضورؐ کی اجازت نہ ہوتی تو صحابہ انصار ہرگز یہ عمل نہ فرماتے لہٰذا یہ عمل سُنّت ٹھہرا۔ (رضی اللہ عنہم اجمعین)

## بدنی اور مالی عبادات کا ثواب دوسرے مُسلمان کو بخشنا جائز ہے اور پہنچتا ہے

عَنْ صَالِحِ بْنِ دِرْهَمٍ يَقُوْلُ انْطَلَقْنَا حَاجِّيْنَ فَإِذَا رَجُلٌ فَقَالَ لَنَا إِلَى جَنْبِكُمْ قَرْيَةٌ يُقَالُ لَهَا الْأُبُلَّةُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ مَنْ



Marfat.com

يَضْمِنُ لِي مِنْكُمْ أَنْ يُصَلِّيَ لِي فِي مَسْجِدِ الْعَشَّارِ رَكْعَتَيْنِ أَوْ
أَرْبَعًا وَيَقُولُ هٰذِهِ لِأَبِي هُرَيْرَةَ سَمِعْتُ خَلِيلِي أَبَا الْقَاسِمِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَبْعَثُ مِنْ مَسْجِدِ
الْعَشَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُهَدَاءَ لَا يَقُومُ مَعَ شُهَدَاءِ بَدْرٍ غَيْرُهُمْ
رواه ابوداؤد وقال هٰذا المسجد مقابلی النهر. (مشكوٰة كتاب
الفتن باب الملاحم فصل دوم)۔

حضرت صالح بن درہم (تابعی) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حج کے ارادے سے (بصرہ سے مکہ مکرمہ) جارہے تھے کہ ناگاہ ہم کو ایک آدمی (حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ) ملا۔ اس نے ہمیں کہا کہ تمہارے شہر کی جانب ایک گاؤں ہے جس کا نام اُبلہ ہے۔ ہم نے کہا "ہاں ہے" تو اس نے کہا تم میں کون ہے جو ضمانت دے اور یہ عہد کرے کہ وہ اس گاؤں میں واقع مسجد عشّار میں دو رکعتیں یا چار رکعتیں میرے لئے پڑھ کر کہے کہ میں نے اس نماز کا ثواب ابوھریرہ کو بخش دیا۔ میں نے اپنے جانی دوست ابوالقاسم (محمد رسول اللہ) صلی اللہ علیہ والہٖ وسلّم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ عزّوجل قیامت کے دن مسجد عشار سے ان شہیدوں کو اٹھائے گا کہ ان کے سوا دوسرا کوئی بھی شہداء بدر کے مقام و مرتبہ کا نہیں اُٹھے گا۔"

یعنی صرف مسجد عشّار میں مدفون شہیدوں کا مقام و مرتبہ ہی



Marfat.com

شہدائے بدر کے شہیدوں کے برابر ہے۔ کسی اور کو یہ فضیلت حاصل نہیں۔ رضی اللہ عنہم۔

اس حدیث مبارکہ کے تحت شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ رقم فرماتے ہیں "وایں منقبتے عظیم ست مرایں جماعہ را کہ با شہدائے بدر برابر ند پس چوں ایں مسجد ایں فضل و شرف دارد نماز کردن در وے فضل عظیم و ثوابے جزیل داشتہ باشد واز ینجا معلوم شود کہ نماز گزاردن در اماکن شریفہ و عبادت و نیکی کردن دراں فضلے عظیم دارد و بخشیدن ثواب عمل بدنی کسے را جائز است واکثر علماء بر بیند و در عبادت مالیہ باتفاق جائز است (اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ)

اور یہ وہ عظیم بزرگی اور فضیلت کی بات ہے جو خاص اسی جماعت کے لئے ہے کہ یہ شہدائے بدر کے برابر ہیں۔ پس جب یہ مسجد یہ فضل و شرف رکھتی ہے (کہ اس مرتبہ کے شہداء اس میں مدفون ہیں۔) تو اس میں نماز پڑھنا عظیم فضیلت اور ثواب جزیل رکھتا ہو گا۔ اور اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ شرف والی جگہوں میں نماز پڑھنا اور عبادت و نیکی کرنا بڑی عظیم فضیلت رکھتا ہے۔ (اور اس حدیث سے واضح ہوا کہ) بدنی عمل کا ثواب کسی کو بخشنا جائز ہے۔ اور اکثر علماء کا فیصلہ یہی ہے اور مالی عبادتوں کا ثواب کسی کو بخشنا بالاتفاق جائز



Marfat.com

ہے۔" انتہیٰ کلام الشیخ رحمۃ اللہ علیہ۔

اس حدیث مبارکہ سے تین مسئلے معلوم ہوئے۔ ایک یہ کہ عبادت بدنی یعنی نماز بھی کسی کو ثواب پہنچانے کی نیت سے پڑھنا جائز ہے۔

دوم۔ ایصال ثواب کے لئے زبان سے کہنا کہ یا اللہ اس کا ثواب فلاں کو دے بہت بہتر ہے۔

سوم۔ یہ کہ برکت کی نیت سے بزرگان دین کی مسجد میں نماز پڑھنا بڑے ثواب کا باعث ہے۔

## اموات کے لئے دُعائے مغفرت کرنا سُنّت ہے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْمَيِّتُ فِي الْقَبْرِ اِلَّا كَالْغَرِيْقِ الْمُتَغَوِّثِ يَنْتَظِرُ دَعْوَةً تَلْحَقُهٗ مِنْ اَبٍ اَوْ اُمٍّ اَوْ اَخٍ اَوْ صَدِيْقٍ فَاِذَا لَحِقَتْهُ كَانَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيُدْخِلُ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُوْرِ مِنْ دُعَاءِ اَهْلِ الْاَرْضِ اَمْثَالَ الْجِبَالِ وَاِنَّ هَدِيَّةَ الْاَحْيَاءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ الْاِسْتِغْفَارُ لَهُمْ۔ رواه البيهقي في شعب الايمان (مشكوٰة)۔

روایت ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ میّت قبر میں ڈوبتے ہوئے



Marfat.com

فریادی کی طرح ہی ہوتی ہے کہ ماں باپ بھائی یا دوست کی دعائے خیر کو پہنچنے کی منتظر رہتی ہے۔ پھر جب اسے دعا پہنچ جاتی ہے تو اسے یہ دعا دنیا اور دنیا کی تمام نعمتوں سے زیادہ پیاری ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ زمین والوں کی دعا سے قبر والوں کو ثواب کے پہاڑ دیتا ہے۔ اور یقیناً زندہ کا مُردوں کے لئے تحفہ ان کے لئے دعائے مغفرت ہے''۔

## صدقہ خیرات کا ثواب اموات کو پہنچتا ہے

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَجُلاً قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمِّی اُفْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَاَظُنُّهَا لَوْ تَکَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَهَلْ لَهَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ (متفق علیہ۔ مشکوٰۃ)

روایت حضرت عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔ فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں عرض کی کہ میری ماں اچانک فوت ہوگئی، میرا خیال ہے کہ اگر کچھ بولتیں تو خیرات کرتیں' تو کیا انہیں ثواب ہوگا اگر میں ان کی طرف سے خیرات کردوں؛ فرمایا، ہاں! (مسلم، بخاری)

اس حدیث کی شرح میں حضرت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔ وَفِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ جَوَازُ الصَّدَقَةِ عَنِ الْمَیِّتِ وَاسْتِحْبَابُهَا وَاِنَّ ثَوَابَهَا یَصِلُهٗ یَنْفَعُهٗ وَیَنْفَعُ الْمُتَصَدِّقَ اَیْضًا وَهٰذَا کُلُّهٗ



Marfat.com

اِجْمَعْ عَلَیْہِ الْمُسْلِمُوْنَ۝

اس حدیث میں میّت کی طرف سے صدقہ خیرات کرنے کے جائز اور مستحب ہونے کا ثبوت ہے اور یہ حدیث اس امر کی دلیل ہے کہ صدقہ خیرات کا ثواب میت کو پہنچتا ہے۔ میّت کے لئے نافع ہے اور صدقہ خیرات کرنے والے کو بھی اس کا نفع (ثواب) ملتا ہے۔ یہ تمام اُمور ایسے ہیں جن پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے“۔

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَۃَ تُوُفِّیَتْ اُمُّہٗ وَھُوَ غَائِبٌ عَنْھَا فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اُمِّیْ تُوُفِّیَتْ وَاَنَا غَائِبٌ عَنْھَا اَیَنْفَعُھَا شَیْءٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ بِہٖ عَنْھَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنِّیْ اُشْھِدُکَ اِنْ حَائِطِیَ الْمَخْرَافِ صَدَقَۃٌ عَلَیْھَا۔

(صحیح بخاری جلد ا ص۳۸۶)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کی غیر موجودگی میں ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا۔ اس نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم میری غیر موجودگی میں میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو آیا اُسے کچھ نفع پہنچے گا؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ”ہاں“۔ حضرت سعد نے عرض کی یارسول اللہ! میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میرا باغ ”مخراف“ اس پر صدقہ ہے۔



Marfat.com

# نماز روزہ، حج، صدقہ، قرآن خوانی اور اذکار کا ثواب میّت کو پہنچتا ہے

عَنْ اَنَسٍ اَنَّہٗ سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَنَا نَتَصَدَّقُ عَنْ مَوْتَانَا وَ نُحُجُّ عَنْھُمْ وَ نَدْعُوْالَھُمْ فَھَلْ یَصِلُ ذَالِكَ اِلَیْھِمْ فَقَالَ نَعَمْ اِنَّہٗ لَیَصِلُ وَیَفْرَحُوْنَ بِہٖ کَمَا یَفْرَحُ اَحَدُکُمْ بِالطَّبَقِ اِذَا اُھْدِیَ اِلَیْہِ رواہ ابوحفص العکبری۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ یارسول اللہ! ہم اپنے مرنے والوں کی طرف سے صدقہ کرتے ہیں اور اُن کی طرف سے حج کرتے ہیں ہم اُن کے لئے دُعا مانگتے ہیں تو آیا یہ اُن تک پہنچتا ہے؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ ہاں! بے شک ضرور پہنچتا ہے اور وہ ایصالِ ثواب پر اس طرح خوش ہوتے ہیں جس طرح تمہیں (طعام وغیرہ) کا طبق ہدیۃً دیا جائے تو تم خوش ہوتے ہو۔"

مراقی الفلاح میں اس حدیث کے تحت لکھا ہے:۔ فَلِلْاِنْسَانِ اَنْ یَجْعَلَ ثَوَابَ عَمَلِہٖ لِغَیْرِہٖ عِنْدَ اَھْلِ السُّنَّۃِ وَالْجَمَاعَۃِ صَلٰوۃً کَانَ اَوْ صَوْمًا اَوْحَجًّا اَوْصَدَقَۃً اَوْ قِرَاءَۃً لِلْقُرْاٰنِ وَالْاَذْکَارِ



Marfat.com

اَوْغَیْرَ ذَالِكَ مِنْ اَنْوَاعِ الْبِرِّ وَیَصِلُ ذَالِكَ اِلَی لِلْمَیِّتِ وَ یَنْفَعُہٗ وَقَالَہُ الزَّیْلَعِی فِیْ بَابِ الْحَجِّ عَنِ الْغَیْرِ)

پس اہلِ سُنّت وجماعت کے نزدیک انسان کو چاہیئے کہ اپنے نیک اعمال کا ثواب کسی کو بخش دے، پھر وہ عمل نماز ہو یا روزہ، حج ہو یا صدقہ، تلاوتِ قرآن ہو یا دیگر اذکار وغیرہ، نیکی کے دوسرے کام۔ ان کا ثواب میّت کو بھی پہنچتا ہے اور ایصالِ ثواب کرنے والے کو بھی اس کا ثواب ملتا ہے۔"

# صدقہ وخیرات کی چیز غیر اللہ کے نام منسوب کرنے سے حرام نہیں ہوجاتی!

عَنْ سَعْدَ بْنِ عِبَادَۃِ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ اُمِّ سَعْدٍ مَاتَتْ فَاَیُّ الصَّدَقَۃِ اَفْضَلُ قَالَ الْمَاءُ فَحَضِرَا بِرًا وَقَالَ ھٰذَ الِاُمِّ سَعْدٍ۔ رواہ ابوداؤد والنسائی (مشکوٰۃ)

روایت ہے حضرت سعد ابن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انہوں نے عرض کی یارسُول اللہ! اُمِّ سعد وفات پاگئیں، تو اب کون سا صدقہ بہتر ہے؟ فرمایا پانی"! لہٰذا سعد نے کنواں کھدوایا اور فرمایا یہ کنواں اُمِّ سعد کا ہے۔ یعنی اُمِّ سعد کی رُوح کے ثواب کے لئے ہے۔



Marfat.com

واضح رہے کہ یہ کنواں اب تک آباد ہے۔ بیرِ اُمّ سعد کے نام سے مشہور ہے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان سے لے کر اب تک لوگ اس کا پانی پی رہے ہیں۔

ان احادیث سے واضح ہوا کہ زندوں کی دعاؤں اور صدقات وخیرات، نذرونیاز وغیرہ نیک اعمال کا ثواب اموات کو یقیناً پہنچتا ہے۔ خواہ دُعائے مغفرت صراحتہً ہو جیسے رَبِّ اغْفِرْلِی وَ لِوَالِدَیَّ وَالجمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ۔ خواہ ضمناً جیسے ان کی طرف سے صدقہ وخیرات کہ یہ چیزیں اموات کی بخشش کا ذریعہ ہیں۔ غرضیکہ حدیث قولی وعملی دونوں استغفاروں کو شامل ہیں۔

## صحابیہ نے رسول اللہ کیلئے بکری ذبح کی

عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَہٗ فَدَخَلَ عَلٰی اِمْرَأَۃٍ مِنَ الْاَنْصَارِ فَذَبَحَتْ لَہٗ شَاۃً فَاَکَلَ مِنْہٗ وَاَتَتْہُ بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ فَاَکَلَ مِنْہٗ۔ الحدیث

(ترمذی جلد ا صـ۱۲)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ :-

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام انصار میں سے ایک خاتون کے پاس تشریف فرما



Marfat.com

ہوئے۔ پس اس صحابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بکری ذبح کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس کا گوشت کھایا پھر اس صحابیہ خاتون نے بارگاہِ رسالت میں تازہ پکی ہوئی کھجوروں کا طبق پیش کیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس میں سے کچھ کھجوریں بھی تناول فرمائیں۔

## میں موٹی تازی (فربہ) بکری رسول اللہ کیلئے ذبح کروں

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے فَانْطَلَقْتُ اِلَی الْاَعْنُزِ اَیُّھَا اَسْمَنُ فَاَذْبَحُھَا لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (صحیح مسلم ص ۱۸۴ جلد ۲)۔

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "پس میں بکریوں کے باڑے کی طرف گیا تاکہ میں ان میں سے کوئی موٹی تازی (فربہ) بکری منتخب کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ذبح کروں"۔

مندرجہ بالا احادیث سے ثابت ہوا کہ جانوروں یا کسی چیز پر غیر اللہ کا نام لینے سے وہ جانور یا وہ چیز حرام نہیں ہو جاتی۔ کہ جانور کو ذبح کرتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر ہی ذبح کیا جاتا ہے۔ کوئی مسلمان غیر اللہ کا نام لے کر جانور ذبح نہیں کرتا۔ اس کی تفصیل آئندہ صفحات میں تحریر کی جا رہی ہے۔



Marfat.com

تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ ص۶۷ پر وَمَآ اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کا ترجمہ بھی غلط لکھا گیا ہے۔ اور تفسیر میں بھی بڑی بے حیائی کے ساتھ تحریف کر کے تعلیماتِ قرآن وحدیث کی مخالفت وتردید کی گئی ہے۔ اس نام نہاد تفسیر میں لکھا گیا ہے کہ جن جانوروں کو بزرگوں کے نذر و نیاز کے نام پر پکارا جائے، اُن جانوروں کو چاہے ذبح کے وقت اللہ ہی کا نام لے کر ذبح کیا جائے یہ حرام ہی ہوں گے۔ جانوروں کے علاوہ جو اشیاء بھی غیر اللہ کے نام پر نذر و نیاز اور چڑھاوے کی ہوں گی حرام ہوں گی۔ وغیرہ وغیرہ۔

لیکن اس کے برعکس احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے تحت صحابئ رسول حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کے ایصالِ ثواب کے لئے کنواں کھدوایا۔ اور کنوئیں کے متعلق فرمایا: ھٰذَا لِاُمِّ سَعْدٍ" یہ کنواں اُم سعد کا ہے۔ اس کنوئیں کا پانی صحابہ کرام علیہم الرضوان پیتے رہے۔ اور سب مسلمان پی رہے ہیں۔ صحابیہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بکری ذبح کی اُس کا گوشت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھایا۔ صحابیہ نے کھجوریں رسول اللہ کی خدمت میں نذر کیں حضور نے وہ کھجوریں بھی کھائیں۔

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے



Marfat.com

لئے بکری ذبح کی۔

ثابت ہوا کہ تفسیر نجدیہ وہابیہ میں احادیث کی صریحاً تردید کی گئی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام علیہم الرضوان بھی اس کی رو سے نعوذ باللہ من ذالک مشرک کافر اور مرتد ٹھہرتے ہیں اور اُمتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا السلام کے تمام مفسرین و محدثین، مجتہدین علماء و مشائخ اور سب مسلمان بھی مشرک، کافر و مرتد قرار پاتے ہیں۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ قرن الشیطان ابن عبدالوہاب نجدی کی معنوی اولاد نجدی وہابی ہی حضور کے ارشادات کے مطابق دینِ اسلام سے خارج ہو چکے ہیں۔ ان کا دین اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عطا کیا ہوا دین اسلام نہیں بلکہ یہ وہابیہ خوارج کے دین پر ہیں۔

## میں اپنا سارا مال اللہ اور اس کے رسول کے لئے صدقہ کرتا ہوں

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جب اُن کی توبہ قبول ہوئی انہوں نے مولائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی یارسول اللہ! اِنَّ



Marfat.com

مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً اِلَى اللّٰهِ وَ اِلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ ۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری توبہ کی تمامی یہ ہے کہ میں اپنے سارے مال سے نکل جاؤں. اللہ اور اللہ کے رسول کے لئے صدقہ کر کے۔ جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم۔

صحیح بخاری کی شرح ''ارشاد الساری'' میں ہے۔ اَیْ صَدَقَةً خَالِصَةً لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَاِلٰى بِمَعْنَى اللَّامِ ۔ یعنی اس حدیث میں اللہ ورسول کی طرف صدقہ کرنے کے معنے اللہ ورسول کے لئے تصدق ہیں، تو حاصل یہ کہ اپنا سارا مال خاص خدا و رسول کے نام پر تصدق کردوں تبارک وتعالیٰ و صلی اللہ علیہ وسلم۔

## یہ دونوں سونے کے کنگن اللہ اور اللہ کے رسول کیلئے ہیں

یمن کی ایک بی بی اور ان کی بیٹی بارگاہِ بے کس پناہ محبوب الہٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں۔ بیٹی کے ہاتھ میں سونے کے بھاری بھاری کنگن تھے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ تَعْطِيْنَ زَكٰوةَ هٰذَا ، اس کی زکوٰۃ دے گی؟ عرض کی نہ۔ فرمایا:۔ اَيَسُرُّكِ اَنْ يُّسَوِّرَكِ اللّٰهُ بِهِمَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ سِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ '' کیا تجھے یہ بھاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کے



Marfat.com

بدلے تجھے آگ کے دو کنگن پہنائے، ان بی بی نے فوراً وہ کنگن اتار کر ڈال دیئے اور عرض کی ھُمَا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔ یارسول اللہ یہ دونوں اللہ کے اور اللہ کے رسول کے لئے ہیں۔ جل جلالہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! (احمد وابوداؤد ونسائی، عن عبداللہ بن عمرو، رضی اللہ عنہ)۔

## ثلث مال اللہ ورسول کیلئے صدقہ کردیا

جب حضرت ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توبہ قبول ہوئی تو انہوں نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عرض کی یارسول اللہ! اِنِّیْ اَھْجُرُ دَارَ قَوْمِی الَّتِیْ اَصَبْتُ بِھَا الذَّنْبَ وَاَنْخَلِعُ مِنْ مَّالِیْ صَدَقَۃً اِلَی اللّٰہِ وَاِلٰی رَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ ’’یارسول اللہ! میں اپنی قوم کا محلہ جس میں مجھ سے خطا سرزد ہوئی چھوڑتا ہوں اور اپنے مال سے اللہ و رسول کے نام پر تصدق کرکے باہر آتا ہوں۔ جل جلالہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور پُرنور نے فرمایا! اے ابولبابہ تہائی مال کافی ہے انہوں نے ثلث مال اللہ و رسول کے لئے صدقہ کردیا۔ عزجلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (الطبرانی فی الکبیر وابونعیم عَنْ اِبْنِ شِہَابِ نِ الزُّھْرِیِّ نِ الْحُسَیْنِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ اَبِیْ لُبَابَۃَ عَنْ اَبِیْہِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ



Marfat.com

قَالَ لَمَّا تَابَ اللّٰہُ عَلَیَّ جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَہٗ فَذَکَرَہٗ ۔)

یہ حدیثیں جانِ وہابیت پر صریح آفت ہیں کہ تصدق کرنے میں اللہ عزوجل کے ساتھ اللہ کے محبوب اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک ملایا جاتا ہے۔ اور حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقبول رکھتے ہیں۔ وللہِ الحُجَّۃُ البالغۃُ۔

لیکن نجدی سعودی وہابی اللہ عزوجل کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک ملانے کو شرک وکفر ٹھہراتے ہیں۔ نعوذ باللہ من کفریات النجدیۃ السعودیۃ الوہابیۃ۔

## آیت مبارکہ وَمَا اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کا صحیح مطلب یہ ہے کہ

جس ذبیحہ پر ذبح کرتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کے بجائے غیر اللہ کا نام لیا جائے وہ حرام ہے جیسے کہ مشرکین عرب جانور ذبح کرتے وقت ”بِسْمِ اللَّاتِ“ یا ”بِسْمِ الْعُزّٰی“ وغیرہ کہتے تھے۔ پس اگر ذبح کرنے سے پہلے یا بعد عرفاً یوں کہے کہ یہ بکرا میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے یا فلاں ولی اللہ کے لئے ہے، لڑکے کے عقیقے کے لئے ہے، لڑکی کی شادی کے لئے ہے، یا مہمان کے لئے ہے لیکن ذبح کرتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر



Marfat.com

ذبح کرنا ہے تو قرآن وحدیث کی رو سے نہ وہ ذبیحہ حرام ہو گا اور نہ ذبح کرنے والا کافر و مشرک ٹھہرے گا۔

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں فرمانِ نبوی "فلیذبح علیٰ اسم اللہ" کے تحت شارح صحیح مسلم حضرت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ هُوَ بِمَعْنٰی رِوَایَةِ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ اَیْ قَائِلًا بِسْمِ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ الصَّحِيْحُ فِیْ مَعْنَاهُ۔ (صحیح مسلم جلد ۲ صـ۱۵۳) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد اس روایت کے معنے میں ہے کہ آپ نے فرمایا اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے یعنی بسم اللہ کہتے ہوئے ذبح کیا جائے اور یہی معنیٰ صحیح ہے۔

اور اگر تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں لکھے گئے من گھڑت معنے صحیح سمجھ لئے جائیں تو تمام مسلمان علماء، اولیاء، مفسرین، محدثین، تبع تابعین، تابعین اور صحابہ کرام علیہم الرضوان تک مشرک و کافر ٹھہرتے ہیں۔ حتیٰ کہ (خاک بدہن وہابیہ) سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک، وہابیہ کے مردود فتویٰ کی زد پڑتی ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ وَاَنَا اُضَحِّيْ بِكَبْشَيْنِ۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (قربانی میں) دو



Marfat.com

مینڈھے ذبح فرمایا کرتے تھے اور میں بھی (قربانی میں) دو مینڈھے قربان کیا کرتا ہوں"۔

اس کی تشریح میں حاشیہ پر مرقوم ہے۔ قَالَ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ كَانَ اَحَدُهُمَا عَنْ نَفْسِهِ الْمُعَظَّمَةِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْاٰخَرُ عَنْ اُمَّتِهٖ مِمَّنْ لَمْ يَضَحْ وَيَنْبَغِيْ لِلْاُمَّةِ اَنْ يَذْبَحُوْا بِكَبْشَيْنِ اَحَدُهُمَا لِنَفْسِهٖ وَالْاٰخَرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (صحیح بخاری جلد ۲ ص۸۳۲)

بعض علماء فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مینڈھا اپنی طرف سے قربان کیا کرتے تھے اور دوسرا مینڈھا اپنے اُن اُمتیوں کے لئے جو قربانی نہیں دے سکتے۔ اور اُمت کو چاہیئے کہ اُمتی ایک مینڈھا اپنے لئے ذبح کیا کریں اور دوسرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے"۔

ثابت ہوا کہ کسی چیز پر غیر اللہ کا نام لے کر کہ یہ فلاں کے لئے ہے کہنے سے وہ چیز حرام نہیں ہو جاتی اور نہ اس طرح کہنے سے کفر و شرک عائد ہوتا ہے۔ واضح رہے کہ نام نہاد تفسیر نجدیہ، سعودیہ والے خوارج الاصل ہیں۔ اس لئے آیاتِ قرآن کے معنے غلط نکالتے اور من گھڑت مفہوم بیان کرتے ہیں۔ علی الاعلان تحریف قرآن کے مرتکب مجرم ہیں۔



Marfat.com

تفسیر احمدی وخزائن العرفان میں وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ "وہ جانور حرام ہے جو غیر خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا ہو، جس جانور پر وقتِ ذبح غیر خدا کا نام لیا جائے خواہ تنہا یا خدا کے نام کے ساتھ عطف سے ملا کر وہ حرام ہے اور اگر نامِ خدا کے ساتھ غیر کا نام بغیر عطف ملایا تو مکروہ ہے۔ اگر ذبح فقط اللہ کے نام پر کیا اور اس سے قبل یا بعد غیر اللہ کا نام لیا مثلاً یہ کہہ کر عقیقہ کا بکرا، ولیمہ کا دُنبہ یا جس کی طرف سے وہ ذبیحہ ہے اسی کا نام لیا۔ یا جن اولیاء کے لئے ایصالِ ثواب منظور ہے ان کا نام لیا تو یہ جائز ہے اس میں کچھ حرج نہیں۔ (تفسیر احمدی وخزائن العرفان)۔

جس حلال جانور کو مسلمان یا اہلِ کتاب، اللہ کا نام لے کر ذبح کرے وہ حلال ہے اور جس حلال جانور کو مشرک یا مُرتد ذبح کرے وہ حرام ہے مُردار ہے۔ اسی طرح اگر دیدہ دانستہ بوقتِ ذبح بسم اللہ پڑھنا چھوڑ دے یا خدا کے سوا کسی اور کا نام لے کر ذبح کرے مثلاً بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنے کے بجائے کسی نبی، رسُول یا ولی کا نام لے کر ذبح کرے تو حرام ہے۔

یاد رکھیئے کہ اس حلّت و حُرمت میں ذبح کرنے والے کا اعتبار ہے نہ کہ مالک کا۔ اگر مسلمان کا جانور مشرک نے ذبح کر دیا تو



Marfat.com

مُردار ہوگیا۔ اگر مُشرک نے بُت کے نام پر جانور پالا مگر اس کو مُسلمان نے بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کر دیا تو حلال ہے۔ اسی طرح ذبح کے وقت نام لینے کا اعتبار ہے نہ کہ آگے پیچھے۔ زندگی میں جانور بُت کے نام کا تھا مگر ذبح خدا کے نام کا ہوا حلال ہے۔ اور زندگی میں جانور قربانی کا تھا مگر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لیا گیا تو وہ مُردار ہے۔

**تفسیر بیضاوی میں ہے** اَیْ رَفْعَ الصَّوْتِ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ کَقَوْلِہِمْ بِسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی عِنْدَ ذَبْحِہٖ۔ یعنی اس جانور پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو جیسے کفّار ذبح کے وقت کہتے تھے بسم اللّات والعُزّٰی۔

**تفسیر جلالین میں ہے** بِاَنْ ذُبِحَ عَلٰی اِسْمِ غَیْرِہٖ۔ اس طرح کہ غیر خدا کے نام پر ذبح کیا جائے۔

**تفسیر خازن میں ہے** یَعْنِیْ مَا ذُکِرَ عَلٰی ذَبْحِہٖ غَیْرِ اِسْمِہٖ۔ وَذَالِکَ اِنَّ الْعَرَبَ فِی الْجَاھِلِیَّۃِ کَانُوْا یَذْکُرُوْنَ اَسْمَاءَ اَصْنَامِھِمْ عِنْدَ الذَّبْحِ فَحَرَّمَ اللّٰہُ ذَالِکَ بِھٰذِہٖ الْاٰیَۃِ وَبِقَوْلِہٖ وَلَا تَاْکُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ۔ یعنی وہ جانور حرام ہے جس کے ذبح پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور یہ اس لئے ہے کہ اہلِ عرب زمانۂ جاہلیت میں ذبح کے وقت بُتوں کا نام لیتے تھے



Marfat.com

پس خداتعالیٰ نے اس کو اس آیت سے اور آیت ولا تاکلوا مِمَّا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ سے حرام فرمایا۔

**تفسیر کبیر میں ہے** وَکَانُوْا یَقُوْلُوْنَ عِنْدَ الذَّبْحِ بِاسْمِ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی فَحَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی ذَالِکَ اہل عرب ذبح کرتے وقت کہتے تھے بسم اللّاتِ والعُزّیٰ اللہ تعالیٰ نے اس کو حرام فرمادیا۔

**تفسیرات احمدیہ میں ہے** مَعْنَاہُ مَا ذُبِحَ لِاسْمِ غَیْرِ اللّٰہِ مِثْلُ اللَّاتِ وَالْعُزّٰی وَاَسْمَاءِ الْاَنْبِیَاءِ۔ آیت کے معنے یہ ہیں کہ اس کو غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا گیا ہو جیسے کہ لات وعزیٰ اور انبیاء کے نام پر ذبح کیا جائے۔ المختصر سلف صالحین کی تمام تفاسیر میں یہی معنے بیان کئے گئے ہیں اور انہی معنوں پر مفسرین ومحدثین وعلماء اُمت متفق ہیں۔ نیز

**تفسیرات احمدیہ** میں حضرت مُلّا احمد جیون رحمۃ اللہ علیہ جو علماء عرب وعجم کے اُستاد ہیں یہاں تک کہ وہابی مولوی بھی اُن کو مانتے ہیں فرماتے ہیں۔ وَمِنْ هٰهُنَا عُلِمَ اَنَّ الْبَقَرَةَ الْمَنْذُوْرَةَ لِلْاَوْلِیَاءِ کَمَا هُوَ الرَّسْمُ فِیْ زَمَانِنَا حَلَالٌ طَیِّبٌ لِاَنَّهٗ لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ غَیْرِ اللّٰہِ وَقْتَ الذَّبْحِ وَاِنْ کَانُوْا یَنْذِرُوْنَهَا۔ یعنی اس سے معلوم ہوا کہ جس گائے کی اولیاء کے لئے نذر مانی گئی جیسا کہ ہمارے



Marfat.com

زمانہ میں رواج ہے۔ یہ حلال طیّب ہے کیونکہ اس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام نہیں لیا گیا اگرچہ گائے کی نذر ملتے ہیں۔

بفضلہٖ تعالیٰ وبفضل رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ واصحابہ وسلّم قرآن وحدیث کی وضاحت، مفسرین ومحدّثین کی تصریحات سے ثابت ہوا کہ کسی چیز پر غیر اللہ کا نام لے کر یہ کہہ دینے سے کہ یہ فلاں کے لئے ہے وہ چیز حرام نہیں ہو جاتی اور نہ ہی کفر وشرک عائد ہوتا ہے لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ ص۶۷ تا ۶۹ اور ص۲۸۴ پر وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اور وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ کے اصل معنے ومفہوم کو بگاڑ کر تحریف کر کے مسلمانوں پر بہتان باندھ کر کہ یہ جاہل مسلمان فوت شدہ بزرگوں کا تقرب حاصل کرنے کے لئے قبروں اور آستانوں پر جانور ذبح کرتے ہیں یا ان کے ناموں کی نذر نیاز کے لئے کھانے کی اشیاء تقسیم کرتے ہیں اس طرح یہ مسلمان غیر اللہ کی عبادت کرتے ہیں اس لئے مشرک اور کافر ہیں۔ اور بزرگوں کی نیاز کے لئے جانوروں کو چاہے ذبح کے وقت اللہ ہی کا نام لے کر ذبح کیا جائے یہ حرام ہی ہوں گے۔ اس طریقے سے جانوروں کے علاوہ جو اشیاء بھی غیر اللہ کے نام پر نذر ونیاز اور چڑھاوے کی ہوں گی حرام ہوں گی۔ وغیرہ وغیرہ۔

ان کی اسی طرح کی غلط بیانیوں، بہتان طرازیوں، اور قرآن و



Marfat.com

حدیث میں تحریفات اور ارشاداتِ خدا و رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلّم کی علی الاعلان مخالفت اور تردید کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب دانائے غیوب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد خوارج الاصل نجدیہ سعودیہ وہابیہ پر من وعن صادق آتا ہے۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے ان کی علامات بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ یَقْرَأُوْنَ الْقُرْآنَ لَایُجَاوِزُ تَرَاقِیَهُمْ یَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ کَمَا یَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ (الحدیث صحیح مسلم جلد ا ص ۳۴۲)۔

" وہ لوگ قرآن پڑھیں گے مگر قرآن ان کے حلق کے نیچے نہیں اُترے گا، وہ لوگ اسلام سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر نشانہ (شکار) سے پار نکل جاتا ہے"۔

شارح صحیح مسلم امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں محدث قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے دو معنے بیان فرمائے۔ ایک یہ کہ یہ لوگ قرآن پڑھیں گے مگر ان کے دل تعلیماتِ قرآن کو سمجھ نہیں سکیں گے اور تلاوتِ قرآن سے کچھ نفع حاصل نہیں کریں گے۔ اور حلق و حنجرہ اور مُنہ سے ادائیگی حروف تقطیع و تلاوت کے سوائے قرآن سے ان کے لئے کچھ بھی حصہ نہیں ہے اور دوسرے یہ کہ اُن کا کوئی عمل اور تلاوتِ قرآن بارگاہِ الٰہی میں نہ پہنچے گا اور نہ قبول کیا جائے گا۔



Marfat.com

یہی وجہ ہے کہ نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں از اوّل تا آخر تعلیماتِ قرآن کے مخالف عقائد و نظریات و اعمال لکھے گئے ہیں۔ اور قرآن و حدیث پر عمل کرنے والوں کو بلا دریغ مشرک، کافر و مُرتد ٹھہرایا گیا ہے۔ چنانچہ جو عقائد و اعمال قرآن و حدیث کی رو سے جائز، مستحب اور سُنّت ہیں ان عقائد اور اعمال کو ناجائز، حرام اور شرک و کفر قرار دیا گیا ہے۔ ان کے ان مردود شیطانی فتاویٰ کی رو سے خاک بدہن وہابیہ۔ نہ صرف یہ کہ صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین مفسرین قرآن، شارحین حدیث رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور تمام مسلمانانِ اُمّت مشرک، کافر و مُرتد قرار پاتے ہیں بلکہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اور اللہ تعالیٰ عزّ اسمہٗ وجلّ شانہٗ تک ان کی تفسیر کی رُو سے مشرک و کافر ٹھہرتے ہیں۔

نعوذ باللہ من شرور الوہابیۃ الخبیثۃ! ان کی اس شیطانی حرکت سے بلا ریب ثابت ہو جاتا ہے کہ...

# نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ لکھنے لکھانے والے خود ہی دینِ اسلام سے خارج ہیں

اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ والہٖ وصحبہٖ وسلم کا مندرجہ بالا ارشاد



Marfat.com

يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ۔

نجدیہ سعودیہ وہابیہ کی صورت میں مجسم طور پر دنیا کے سامنے موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ان کے فتنہ سے محفوظ رکھے۔ آمین وبجاہِ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وصحبہ وسلم اجمعین۔

فقیر تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ کے ص۶۷ تا ۶۹ پر اور ص۲۸۴ پر وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ اور وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ میں کی گئی تحریفات اور ان کی غلط بیانیوں کی تردید واضح طور پر بدلائل قاہرہ تحریر کر چکا ہے۔ ذیل میں ص۱۴۹۷ پر اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى اور ص۴۱۷ پر وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ۔ الآیۃ۔ کے تحت کی گئی بہتان طرازیوں، غلط بیانیوں اور تلبیسات وتحریفات کی نقاب کشائی کر کے ان کی تمام تر کاوش کی تردید کر رہا ہے۔ تاکہ بھولے بھالے کم علم مسلمان وہابیہ کے مکروفریب سے واقف ہو کر گمراہی سے بچ سکیں۔

وباللہ التوفیق!

تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں اصول وہابیت کے مطابق ص۱۴۹۷-۱۴۹۸ پر حسب معمول تحریف وتلبیس کا مظاہرہ کرتے ہوئے اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ اُخْرٰى ۝ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى کے تحت قرآن مجید واحادیث مبارکہ واجماع اُمّت سے ثابت شدہ



Marfat.com

اموات کو ایصالِ ثواب کا بڑی ڈھٹائی کے ساتھ انکار کرتے ہوئے مسلمانوں کو صراطِ مستقیم سے بھٹکا کر راہِ شیطان پر لانے کی ناکام کوشش کی گئی ہے۔ لہٰذا فقیر ان کی اس شیطانی حرکت کی تردید کرتے ہوئے ان آیات مبارکہ کا صحیح مطلب ومفہوم تحریر کر رہا ہے۔

اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى (پ ۲۱ ع ۵)

''اور کوئی بوجھ اٹھانے والی جان دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گی،، معنیٰ یہ ہیں کہ روزِ قیامت ہر ایک جان پر اسی کے گناہوں کا بار ہوگا جو اس نے کئے ہیں اور کوئی جان کسی دوسرے کے عوض نہ پکڑی جائے گی۔ البتہ جو گمراہ کرنے والے ہیں (جیسا کہ تفسیر نجدیہ وہابیہ لکھنے لکھانے والے ہیں) ان کے گمراہ کرنے سے جو لوگ گمراہ ہوئے ان کی تمام گمراہیوں کا بار ان گمراہوں پر بھی ہوگا اور ان گمراہ کرنے والوں پر بھی جیسا کہ کلامِ کریم میں ارشاد ہوا لَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ اور درحقیقت یہ ان کی اپنی کمائی دوسرے کی نہیں۔ (خزائن العرفان)

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى (پ ۲۷ ع ۷) اور یہ کہ آدمی نہ پائے گا مگر اپنی کوشش یعنی عمل۔

مراد یہ ہے کہ آدمی اپنی ہی نیکیوں سے فائدہ پاتا ہے یہ مضمون صحف ابراہیم وموسیٰ علیہما السلام کا ہے اور کہا گیا ہے کہ ان ہی امتوں کے لئے خاص تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ یہ حکم



Marfat.com

ہماری شریعت میں آیت اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ سے منسوخ ہوگیا۔ (خزائن العرفان)۔

لیکن یہ کتنا بڑا المیہ ہے کہ نجدی تفسیر لکھنے لکھانے والے حق کی مخالفت اور اسلام و مسلمانوں کی عداوت میں اس قدر اندھے اور شقی القلب ہو چکے ہیں کہ یہ ابنِ عبدالوہاب نجدی قرن الشیطان کے سوا کسی کی بات نہیں مانتے۔ اسی کی تقلید میں منسوخ آیات سے بھی اجماعِ اُمت کی مخالفت اور قرآن و حدیث کی تکذیب کرتے ہوئے نہیں شرماتے۔

نیز قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ (پ ۳ ع ۸)" اس کا فائدہ ہے جو اچھا کمایا اور اس کا نقصان ہے جو بُرائی کمائی"

یعنی ہر جان کو عمل نیک کا اجر و ثواب اور عمل بد کا عذاب و عتاب ہوگا۔ ان آیات میں بدنی اعمال مُراد ہیں یعنی کوئی کسی کی طرف سے فرض نماز نہیں پڑھ سکتا، روزہ نہیں رکھ سکتا اپنا فرض اپنے ہی کرنے سے ادا ہوگا۔ احادیث ایصالِ ثواب کے متعلق ہیں ادائے فرض اور ہے ایصالِ ثواب اور ہے۔ نیز یہ کہ لِلْاِنْسَان میں لام ملکیت کا ہے یعنی انسان کی ملکیت صرف اپنے ہی اعمال ہیں دوسروں کا کیا بھروسہ کوئی اپنے اعمال کا ثواب دے یا نہ دے۔



Marfat.com

# تفسیر نجدیہ کا مزید پوسٹ مارٹم

تفسیر نجدی ص۴۱۷ پر آیت مبارکہ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَفْتَرُونَ کے تحت لکھا ہے "یعنی جن کو یہ حاجت روا، مشکل کشا، اور معبود سمجھتے ہیں وہ پتھر کی مورتیاں ہیں یا جنات و شیاطین ہیں جن کی حقیقت کا ان کو علم ہی نہیں۔

اسی طرح قبروں میں مدفون لوگوں کی حقیقت بھی کہ ان کے ساتھ وہاں کیا معاملہ ہو رہا ہے وہ اللہ کے پسندیدہ افراد میں ہیں یا کسی دوسری فہرست میں؟ ان باتوں کو کوئی نہیں جانتا۔ لیکن ان ظالم لوگوں نے ان کی حقیقت سے ناآشنا ہونے کے باوجود انہیں اللہ کا شریک ٹھہرا رکھا ہے اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے ان کے لئے بھی نذر و نیاز کے طور پر حصہ مقرر کرتے ہیں۔ بلکہ اللہ کا حصہ رہ جائے تو بے شک رہ جائے ان کے حصے میں کمی نہیں کرتے جیسا کہ سورۃ الانعام میں بیان کیا گیا ہے۔"

نجدیہ وہابیہ کی اس عبارت میں حسب معمول وہابیہ تحریف قرآن محبوبانِ خدا انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ کی شان میں انتہائی دریدہ دہنی، تمسخر اور توہین اور صحیح العقیدہ۔ ارشادات قرآن و حدیث



Marfat.com

پر عمل کرنے والے مسلمانوں پر بہتان طرازی، الزام تراشی، غلط بیانی، کا بڑی بے حیائی کے ساتھ شرمناک مظاہرہ کیا گیا ہے۔ ان کی اس شیطانی حرکت سے صاف ظاہر ہے کہ یہ اشقیاء ازلی وہابی حسب فرمانِ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم دین اسلام سے نکل چکے ہیں۔ صراطِ مستقیم سے ہٹ چکے ہیں۔ اُمتِ مرحومہ سے کٹ چکے ہیں۔ واضح رہے کہ۔

مذکورہ آیت مبارکہ بتوں اور بت پرست مشرکین کی تردید و مذمت میں نازل ہوئی ہے۔ محبوبانِ خدا اور مسلمانوں کے بارے میں نازل نہیں ہوئی۔ لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں حسبِ معمول وہابیہ اس آیت مبارکہ کو بتوں کی جگہ انبیاء، وشہداء، واولیا پر اور بت پرست مشرکین کی جگہ مسلمانوں پر چسپاں کیا گیا ہے۔ محبوبانِ خدا انبیاء علیہم السلام، شہدا اور اولیاء اللہ کو۔ بتوں، جنات اور شیطانوں کی صف میں شمار کیا گیا ہے اور مسلمانانِ اُمت کو مشرکین و کفار قرار دیا گیا ہے جو قطعًا غلط اور سراسر شیطانی بکواس اور ظالم وہابیہ کی شیطانی توحید پرستی کا کرشمہ اور کفرِ صریح ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ بت پرست مشرکین انجانی چیزوں یعنی بتوں کے لئے جن کا الٰہ اور مستحق اور نافع اور ضار ہونا انہیں معلوم نہیں۔ ہماری دی ہوئی روزی میں سے حصہ مقرر کرتے ہیں۔



Marfat.com

بُتوں کو معبود اور بُت پرستی کو خدا کا حکم بنا کر۔

لیکن اس کے برعکس نام نہاد تفسیر نجدی میں وہابی بکواس لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کو قبروں میں مدفون لوگوں (یعنی انبیاء، شہداء اور اولیاء) کی حقیقت معلوم نہیں کہ ان کے ساتھ قبروں میں کیا معاملہ ہو رہا ہے۔ یعنی یہ محبوبانِ خُدا عذاب میں ہیں یا راحت میں ہیں وہ اللہ کے پسندیدہ افراد ہیں یعنی جنتیوں میں ہیں یا کسی دوسری فہرست میں یقینی جہنمیوں میں ہیں اس کے باوجود ان ظالم مسلمانوں نے ان کو اللہ کا شریک ٹھہرا رکھا ہے۔ یعنی انبیاء و اولیاء کو حاجت روا، مشکل کشا اور معبود سمجھتے ہیں۔ اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے ان کے لئے نذر و نیاز کے طور پر حصہ مقرر کرتے ہیں۔ یعنی ایصالِ ثواب کے لئے نذر و نیاز دینا بھی عبادت ہے۔ نعوذ باللہ من ہفوات النجدیۃ الوہابیۃ الخبیثۃ۔ واضح رہے کہ ایصالِ ثواب کے لئے نذر و نیاز دینا ہرگز عبادت نہیں ہے۔

اس مسئلہ کی وضاحت فقیر مکمل طور پر گذشتہ صفحات میں کر چکا ہے۔ اس طرح وہابیہ خبیثہ نے جو تفسیر نجدیہ ص۶۷ اور دوسرے صفحات پر من گھڑت اصولِ وہابیہ کے تحت شرکیات و حرام سازی کی فہرستیں لکھی ہیں۔ سب شیطانی توحید کا کرشمہ ہیں۔ اُن کو یہ منصب کس نے دے دیا ہے کہ جس چیز کو ناجائز و حرام کہہ دیں یا جس امر کو شرک و بدعت



Marfat.com

کہہ دیں وہ چیزیں اور اُمور ناجائز و حرام اور شرک و بدعت ہو جائیں۔ جب کہ یہ بدبخت اللہ و رسول کی باتوں کو رد کرتے ہیں۔ احکامِ قرآن و حدیث کو تسلیم نہیں کرتے سوائے قرن الشیطان ابنِ عبدالوہاب نجدی کے کسی کو شارع نہیں مانتے تو آیا یہ اشقیاءِ ازلی خود اللہ و رسول سے بڑھ کر توحید کے محافظ اور شرح کے مالک و مختار ہیں؟ حاشا و کلا۔ ایسا ہرگز نہیں ہے۔

نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ پڑھنے والے سیدھے سادے کم علم مسلمان ان کے ابلیسانہ مکر و فریب میں نہ آئیں۔ اپنا دین و ایمان برباد نہ کریں۔ نام نہاد تفسیر نجدیہ میں قبروں میں مدفون انبیاء و شہدا اور اولیاء کے خلاف انتہائی بدزبانی و دریدہ دہنی کی گئی ہے۔ حالانکہ قرآن و حدیث میں ان نفوسِ قدسیہ کے بے شمار فضائل و برکات مذکور ہیں اور ان کی توہین و گستاخی کو کفر فرمایا گیا ہے۔ مگر یہ ظالم نجدی وہابی اللہ تعالیٰ کی ان مقبول و محبوب ہستیوں کو اولیاء اللہ تسلیم ہی نہیں کرتے اور لکھتے ہیں کہ کسی کو معلوم نہیں کہ قبروں میں ان کے ساتھ کیا معاملہ ہو رہا ہے۔ یہ اللہ کے پسندیدہ جنّتی افراد میں ہیں یا دوسری یعنی جہنمیوں کی فہرست میں ہیں؟ (نعوذ باللہ من ہفوات الوہابیہ)۔

واضح رہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان سے لے کر آج تک دُنیا بھر کے سارے مُسلمان ان بزرگ ہستیوں کو اللہ تعالیٰ کے محبوب اولیاء



Marfat.com

تسلیم کرتے اور ان کی محبوبیت اور ولایت کا اعلان کرتے ہیں۔ جو اس پر دلیل محکم ہے کہ یہ حضرات واقعی اللہ تعالیٰ کے محبوب اولیا ہیں چنانچہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

## مسلمان زمین میں اللہ تعالیٰ کے گواہ ہیں

عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرُّوْا بِجَنَازَةٍ فَاَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ ثُمَّ مَرُّوْا بِاُخْرٰى فَاَثْنَوْا عَلَيْهَا شَرًّا فَقَالَ وَجَبَتْ فَقَالَ عُمَرُ مَا وَجَبَتْ فَقَالَ هٰذَا اَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ خَيْرًا فَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَهٰذَا اَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ شَرًّا فَوَجَبَتْ لَهُ النَّارُ اَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)۔ وَفِي رِوَايَةٍ اَلْمُؤْمِنُوْنَ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ۔

(مشکوٰۃ کتاب الجنائز باب المشی بالجنازۃ فصل اول۔)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ لوگ جنازہ لے کر جس کی لوگوں نے اچھی تعریف کی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب ہوگئی، پھر دوسرا جنازہ لے کر گزرے جس کی لوگوں نے برائی کی (یہ کہا کہ یہ بڑا منافق تھا بے دین تھا بد خلق اور موذی تھا وغیرہ وغیرہ۔) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واجب ہوگئی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا حضور کیا واجب ہوگئی؟



Marfat.com

فرمایا۔ یہ جس کی تم نے تعریف کی اس کے لئے جنت واجب ہو گئی اور یہ جس کی تم نے برائی کی اس کے لئے دوزخ واجب ہوگئی۔ تم لوگ زمین میں اللہ کے گواہ ہو۔ایک روایت میں ہے کہ مومن (مسلمان) زمین میں اللہ کے گواہ ہیں"۔ لہذا تمہارے منہ سے جس کے لئے جو نکلتا ہے اللہ کے ہاں وہی ہوتا ہے۔

"زبانِ خلق نقارۂ خدا" اس کی تائید اس آیت سے ہے۔ لتکونوا شھداء علی الناس۔ اس سے چند مسئلے معلوم ہوئے، ایک یہ کہ جسے عام مسلمان قدرتی طور پر ولی اللہ کہیں وہ واقعی ولی اللہ ہے۔ رب تعالیٰ اولیاء اللہ کی علامت بیان فرماتا ہے۔ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ۔ یعنی ان کے لئے دنیا میں بھی بشارتیں ہیں کہ عام مسلمان انہیں جنّتی کہتے ہیں۔ اور آخرت میں بھی کہ فرشتے انہیں جنّتی کہیں گے۔

لہذا غوث پاک خواجہ اجمیری، داتا گنج بخش لاہوری، مجدد الف ثانی علیہم الرحمۃ یقیناً اولیاء ہیں کہ انہیں مسلمان ولی اللہ سمجھتے ہیں۔ ولایت کے ثبوت کے لئے قرآنی آیات ہی ضروری نہیں، بلکہ یہ کہ جو کام مسلمان اچھا اور ثواب سمجھیں وہ واقعی اچھا ہے۔ لہذا گیارہویں، میلاد شریف، عرس بزرگان، ختم خواجگان وغیرہ کارِ ثواب ہیں کہ انہیں عام مسلمین اولیاء صالحین کارِ ثواب



Marfat.com

جانتے ہیں۔ خیال رہے کہ مسلمانوں کی گواہی سے مومنین صالحین کی گواہی مُراد ہے جو قدرتی طور پر مُنہ سے نکلتی ہے۔ جس میں نفسانی بُغض اور کینہ کو دخل نہیں ہوتا۔ ورنہ روافض صحابہ کو، خوارج اہلِ بیت کو بعض بے دین علماء و صالحین کو بُرا کہتے ہیں وہ گواہی اس میں داخل نہیں۔

خیال رہے کہ یہاں اَنْتُمْ میں صرف صحابہ سے خطاب نہیں بلکہ تاقیامت سارے نیک مومنوں سے جیسے اقیموا الصّلوٰۃ میں قیامت تک کے مسلمانوں سے خطاب ہے اور دوسری روایت میں اَلْمُوْمِنُوْنَ شُهَدَاءُ اللهِ فِي الْاَرْضِ فرمایا گیا ہے۔ اس سے پہلے جملہ کی شرح ہے کہ وہاں اَنْتُمْ سے مُراد صرف صحابہ نہ تھے بلکہ سارے مومنین مراد ہیں۔ (مرآت شرح مشکوٰۃ)۔

بفضلہ تعالیٰ وبفضل رسول الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں آیت مُبارکہ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ تَاللهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ کے تحت جو غلط بیانی، بددیانتی اور کھلی تحریف کرتے ہوئے محبوبانِ خُدا انبیاء وشہداء صالحین اولیاء کے بارے میں بدزبانی، دریدہ دہنی گستاخی و توہین اور مُسلمانوں پر الزام تراشی، بہتان طرازی کر کے انہیں مشرک و کافر ٹھہرایا گیا ہے، اس کی تردید اور وضاحت بقدرِ ضرورت



Marfat.com

کی جاچکی ہے۔ فقیر مزید طوالت مناسب نہیں سمجھتا کہ ؎

ہو شرم تو کافی ہے اک حرف صداقت بھی
بے شرم کو کافی نہیں دفتر نہ صحیفے!

تاہم ذیل میں متعدد بلند پایہ، مستند، معتبر، متداول تفسیروں سے اس آیت مبارکہ کے تحت لکھی گئی عبارتیں نقل کر رہا ہے۔۔۔تاکہ نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ لکھنے لکھانے والوں پر حجت قائم ہو اور مسلمانوں پر اُن کی خیانتوں، خباثتوں، مکاریوں اور فریب کاریوں کا پردہ چاک ہو کر نجدیہ وہابیہ کی حق و صداقت سے بغاوت کھُل کر آشکار ہو جائے۔

ا۔ تفسیر خزائن العرفان میں ہے وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ (پ ۱۴، ع ۱۳)۔ اور انجانی چیزوں کے لئے (یعنی بُتوں کے لئے جن کا الٰہ اور مستحق اور نافع و ضار ہونا انہیں معلوم نہیں) ہماری دی ہوئی روزی میں سے (یعنی کھیتیوں اور چوپایوں وغیرہ میں سے) حصہ مقرر کرتے ہیں، خدا کی قسم تم سے ضرور سوال ہونا ہے جو کچھ جھوٹ باندھتے تھے،" بُتوں کو معبود اور اہل تقرّب اور بُت پرستی کو خُدا کا حکم بتا کر۔

۲۔ تفسیر قرطبی ص۲۷ جلد ۱۰ میں ہے وَاِنَّهُمْ يَجْعَلُوْنَ



Marfat.com

لِمَا لَا یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ یَضُرُّ وَیَنْفَعُ وَھِیَ الْاَصْنَامُ شَیْئًا مِنْ اَمْوَالِھِمْ یَتَقَرَّبُوْنَ بِهٖ وَیَجْعَلُ ھٰؤُلَاءِ الْکُفَّا لِلْاَصْنَامِ الَّتِیْ لَا تَعْلَمُ شَیْئًا نَصِیْبًا۔

ترجمہ: ''یہ لوگ ان کا حصہ مقرر کرتے ہیں جن کو جانتے بھی نہیں کہ یہ نقصان دیتے یا نفع دیتے ہیں اور وہ بت (مورتیاں) ہیں۔ یہ لوگ اپنے اموال سے کچھ نکال کر اُن بتوں کا تقرب حاصل کرنا چاہتے ہیں اور یہ کفار لوگ ان بتوں کے لئے حصہ مقرر کرتے ہیں جو کچھ بھی نہیں جانتے۔ یعنی بت کچھ نہیں جانتے''۔

۳۔ تفسیر ابن کثیر ص۵۶۱، جلد ۲ میں ہے: یُخْبِرُ تَعَالٰی عَنْ قَبَائِحِ الْمُشْرِکِیْنَ الَّذِیْنَ عَبَدُوا مَعَ اللّٰہِ غَیْرَہٗ مِنَ الْاَصْنَامِ وَالْاَوْثَانِ وَالْاَنْدَادِ بِغَیْرِ عِلْمٍ وَجَعَلُوا لِلْاَوْثَانِ نَصِیْبًا مِّمَّا رَزَقَنَا ھُمُ اللّٰہِ

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ خبر دے رہا ہے مشرکین کے برے افعال کی کہ وہ مشرکین اصنام اور اوثان کی اللہ کے ساتھ عبادت کرتے ہیں۔ (یعنی اصنام و اوثان کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں) ان کو علم بھی نہیں۔ اللہ نے ان کو جو رزق دیا ہے اس میں سے اصنام و اوثان کا حصہ مقرر کرتے ہیں''۔

صنم کے معنے بت کے ہیں جو کہ چاندی پیتل یا لکڑی وغیرہ



Marfat.com

کا بنا ہوا ہو۔ عرب لوگ ان چیزوں کے مجسمے بنا کر ان کی پوجا کیا کرتے اور انہیں تقرب الٰہی کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ صنم کی جمع اصنام ہے۔ (مفردات القرآن)۔

اَلْوَثَنُ (بُت) اس کی جمع اوثان ہے اور اَوْثَانٌ ان پتھروں کو کہا گیا ہے جن کی جاہلیت میں پرستش کی جاتی تھی۔ (مفردات القرآن)۔

۴۔ تفسیر مظہری میں صفحہ ۲۴۷ جلد پنجم میں ہے یَجْعَلُوْنَ لِمَالَا یَعْلَمُوْنَهَا مُسْتَحِقَّةَ الْعِبَادَةِ لَانَافِعَۃً وَلَا ضَارَّۃً بَلْ یَسْمُوْنَهَا اٰلِهَۃً وَیَقُوْلُوْنَ جَهْلًا مِنْهُمْ اِنَّهَا اٰلِهَۃٌ تَضُرُّ وَ تَنْفَعُ وَتَشْفَعُ۔

ترجمہ: "جن کو وہ کفار جانتے بھی نہیں ان کو عبادت کا مستحق بتاتے ہیں۔ حالانکہ وہ بُت نہ ان کو نقصان دے سکتے ہیں نہ نفع بلکہ انہوں نے ان کا نام معبود رکھا ہوا ہے۔ اور وہ مشرکین جہالت سے کہتے ہیں کہ یہ ان کے معبود ہیں جو ان کو نقصان دیتے ہیں اور نفع دیتے ہیں اور ان کی شفاعت کرتے ہیں"۔

۵۔ **تفسیر جلالین میں ہے**: وَیَجْعَلُوْنَ اَیِ الْمُشْرِکُوْنَ لِمَالَا یَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَهِیَ الْاَصْنَامُ نَصِیْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ بِقَوْلِهِمْ هٰذَا لِلّٰهِ وَهٰذَا لِشُرَکَائِنَا



Marfat.com

تاللہِ لَتُسْئَلُنَّ سُوَالُ تَوْبِیخٍ وَفِیہِ الْتِفَاتٌ مِنَ الْغَیْبَۃِ عَمَّا کُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ○ عَلَی اللہِ مِنْ اَنَّہٗ اَمَرَکُمْ بِذٰلِکَ رپ۱۴ ع ۱۳)

ترجمہ: ”اور یہ مشرکین ہمارے دیئے ہوئے رزق کی کھیتیوں اور چوپایوں میں سے بتوں کے لئے یہ کہہ کر حصہ مقرر کرتے ہیں کہ یہ اللہ کے لئے ہے اور یہ ہمارے شرکا کے لئے ہے جن کو یہ جانتے بھی نہیں کہ یہ نقصان دیتے یا نفع دیتے ہیں۔ اللہ کی قسم تم سے ضرور سوال کیا جانا ہے۔ ملامت اور جھڑکی کے ساتھ جو تم اللہ پر افترا کر کے کہتے تھے کہ اللہ نے تم کو اس کا حکم دیا ہے۔“

- **تفسیر جامع البیان** میں ہے (وَیَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا یَعْلَمُوْنَ) اَیْ الْاَصْنَامِہِمْ الَّتِیْ لَا عِلْمَ لَہُنَّ نَضَمِیْرُ الْجَمْعِ لِمَا (نَصِیْبًا مِمَّا رَزَقْنٰہُمْ) کَمَا مَرَّ ھٰذَا للہِ بِزَعْمِہِمْ وَھٰذَا لِشُرَکَائِنَا (تَاللہِ لَتُسْئَلُنَّ) سُوَالُ تَوْبِیخٍ (عَمَّا کُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ) مِنْ اِثْبَاتِ الشَّرِیْکِ وَغَیْرِہٖ۔

ترجمہ: ”ہمارے دیئے ہوئے رزق میں سے یہ بت پرست اپنے ان بتوں کے لئے حصہ مقرر کرتے ہیں جن کا انہیں کچھ علم تک نہیں ہے۔ جیسا کہ گزر چکا کہ اپنے زعم سے کہتے ہیں یہ اللہ کے لئے ہے اور یہ ہمارے شریکوں کے لئے ہے۔ اللہ کی قسم تم سے ملامت کے ساتھ ڈانٹ کر پوچھا جائے گا ان باتوں کے بارے میں جو تم اثبات



Marfat.com

شریک وغیرہ کا افترا باندھتے تھے"
واضح رہے کہ مندرجہ بالا تفاسیر کی طرح سلف وخلف صالحین کی تمام تفسیروں میں آیت مبارکہ کی تفسیر میں یہی مطلب بیان کیا گیا ہے۔ لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں اس کے برعکس الاجماع اُمت کو رد کرکے سبیل المومنین سے ہٹ کر بُتوں اور بُت پرست مشرکین کفار کی تردید ومذمت میں نازل شدہ آیت کے اصل مطلب ومفہوم کو بدل کر سبیل الیہود کو اختیار کیا گیا ہے۔ بُتوں کی جگہ انبیاء وصدیقین وشہداء واولیاء کی اور بُت پرست مشرکین کی جگہ مسلمانوں کی تردید ومذمت کی گئی ہے۔
یہودیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ (پ ع۷) اللہ کی باتوں کو ان کے ٹھکانوں سے بدلتے ہیں۔ نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں بھی سورۃ فاتحہ سے لے کر آخر تک اسی طرح اللہ کی باتوں کو ان کے ٹھکانوں سے بدلا گیا ہے۔ اور آیات قرآن مجید کے معانی ومفاہیم کو بدل کر جائز ومستحب اور سنت امور کو ناجائز بدعت اور شرک ٹھہرایا گیا ہے۔ من گھڑت باتیں بنا کر محبوبانِ خدا، انبیاء واولیاء کو بُتوں، جنات وشیاطین کے مقام میں شمار کیا گیا ہے اور مسلمانوں پر من مانے بے بنیاد بہتان باندھ کر ان کو مشرکین کفار



Marfat.com

میں داخل کیا گیا ہے۔ جیسا کہ نام نہاد تفسیر نجدیہ میں اس آیت مبارکہ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ۔ الآیۃ کے معنے ومفہوم کو بدل کر کھلی تحریف کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "یہ مشرک انجانی چیزوں (یعنی بتوں کے لئے جن کا الٰہ اور مستحق اور نافع وضار ہونا انہیں معلوم نہیں۔) ہماری دی ہوئی روزی میں سے حصہ مقرر کرتے ہیں۔ بتوں کو معبود اور بت پرستی کو خدا کا حکم بتا کر۔"

لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ میں لکھا گیا ہے "مسلمانوں کو بھی قبروں میں مدفون (جن میں انبیاء وصدیقین شہداء وصالحین اولیاء) کی حقیقت معلوم نہیں کہ ان کے ساتھ قبروں میں کیا معاملہ ہو رہا ہے وہ اللہ کے پسندیدہ افراد میں ہیں یا کسی دوسری فہرست میں؛ یعنی اللہ کے ناپسندیدہ افراد میں جہنمی ہیں۔ اس کے باوجود ان ظالم مسلمانوں نے ان کو اللہ کا شریک ٹھہرا رکھا ہے۔ یعنی انبیا علیہم السلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کو حاجت روا مشکل کشا و معبود سمجھتے ہیں۔ اور اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے ان کے لئے بھی نذر ونیاز کے طور پر حصہ مقرر کرتے ہیں۔ الخ



Marfat.com

حالانکہ آیت مبارکہ میں نجدیہ وہابیہ کی ان من گھڑت باتوں میں سے کسی بھی بات کا ذکر تک نہیں ہے۔ یہ سب ظالم نجدیوں، وہابیوں کی شیطانی توحید کی گھڑنت ہے جو قطعاً غلط اور باطل و مردود ہے کہ اللہ تعالیٰ کی باتوں کو ان کے ٹھکانوں سے بدل کر، سبیل الیہود پر چل رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی باتوں کو رد کر کے اپنی باتیں منوانے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ اس سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ

## نجدی وہابی سبیل المومنین سے ہٹے ہوئے اُمتِ مسلمہ سے کٹے ہوئے جہنمی ہیں

ارشاد باری تعالیٰ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا (پ۵ ع ۱۴)

اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔



Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں ہے۔ وَاِنَّ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰی ثِنْتَیْنِ وَسَبْعِیْنَ مِلَّۃً وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِیْ عَلٰی ثَلَاثٍ وَسَبْعِیْنَ مِلَّۃً کُلُّھُمْ فِی النَّارِ اِلَّا مِلَّۃً وَاحِدَۃً قَالُوْا مَنْ ھِیَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَا اَنَا عَلَیْہِ وَ اَصْحَابِیْ. رواہ الترمذی (مشکوٰۃ باب الاعتصام)۔

یقیناً بنی اسرائیل (یہودی) بہتّر فرقوں میں بٹ گئے تھے اور میری اُمّت تہتّر فرقوں میں بٹ جائے گی سوائے ایک فرقہ کے سب جہنّمی۔ صحابہ علیہم الرضوان نے پوچھا۔ یارسول اللہ وہ ایک فرقہ کون ہے؟ فرمایا وہ جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں۔

یعنی میں اور میرے صحابہ ایمان کی کسوٹی ہیں جن کے عقائد اور اصول اعمال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم اور صحابہ علیہم الرضوان کے عین مطابق ہوں وہ فرقہ ناجی ہے۔

تمام اُمّت کے مسلمان قرآن وحدیث کی تعلیمات کے مطابق انبیاء و اولیاء سے استمداد و توسل و استعانت اور ایصالِ ثواب کے لئے قرآن خوانی اور نذر و نیاز دینے پر متفق ہیں۔

حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے ارشاد مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِیْ کے مطابق عقائد کے حامل اور اصولِ اعمال پر عامل ہیں سبیل المومنین پر چل رہے ہیں۔ لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ



Marfat.com

وہابیہ میں ازاوّل تاآخر دہراد ہراکر اُمّتِ مسلمہ کے متفقہ عقائد و اعمال کو شرک و کفر قرار دے کر طریق مااناعلیہ و اصحابی، کو رد کیا گیا ہے۔ بالفاظِ دیگر یہ اعلان کیا گیا ہے کہ ہم قرن الشیطان ابنِ عبدالوہاب نجدی کے طریق پر چلنے والے وہابی ہیں۔ ہم سبیل المومنین کے مخالف ہیں۔ ہمارا اُمتِ مسلمہ سے کوئی تعلق نہیں۔ ہم طریق مااناعلیہ واصحابی کو نہیں مانتے۔



Marfat.com

# ردّ تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

نجدیہ وہابیہ کے مذہب کا رکن اعظم اللہ تعالیٰ کے ارشادات (قرآن مجید) اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمودات (حدیث شریف) میں من مانی تحریف و تاویل کر کے وہی پہلو نکالنا ہے جس سے اللہ تعالیٰ کی توہین اور محبوبانِ خدا کی تذلیل ہوتی ہو۔ رسول اللہ تعالیٰ صلی اللہ علیہ وسلم و اولیاء اللہ قدسنا اللہ باسرارھم العزیز کے فضائل و محاسن و اوصاف و قوت تصرف کا انکار ان کا شعار ہے۔ شرعاً جائز، مستحب اور سنت سے ثابت امور و عقائد و اعمال کو ناجائز، بدعت، حرام اور شرک و کفر قرار دینا وہابیہ کے مذہب باطلہ کا نصب العین ہے۔

جس چیز کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع نہیں کیا یہ قرن الشیطان کے پجاری وہابی اس چیز سے منع کرتے ہیں خدا و رسول کے احکام کو رد کرتے ہیں۔ ان کے بجائے خود مالک و مختار شریعت



Marfat.com

بننے کی شیطانی حرکت کرتے ہیں۔ یہ حق کے دشمن باطل پرست وہابی قرآن مجید اور حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اولیاء اللہ کے فضائل و محاسن دیکھ کر جل بھن جاتے ہیں۔ ان کو اپنی شیطانی توحید خطرے میں دکھائی دینے لگتی ہے۔ ان کی رگ نجدیت پھڑکنے لگتی ہے تو آیت قرآن مجید کے معنی بدل دیتے ہیں اور تفسیر کے نام پر تحریف کرکے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اولیاء عظام کے فضائل و محاسن کے انکار کا پہلو نکال کر مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یعنی یہود کا طرز عمل يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ (باتوں کو ان کے ٹھکانوں سے بدلتے ہیں) اختیار کر کے دجل وفریب سے کام لیتے ہیں۔

چنانچہ نام نہاد تفسیر نجدیہ میں از اول تا آخر مقام نزول آیات کو بدلا گیا ہے۔ آیات کے معنے حسب منشا بدلے گئے ہیں۔ منشاء قرآن کے خلاف منشاء وہابیت کے مطابق مفاہیم کو تبدیل کر دیا گیا ہے۔ صحیح روایات حدیث کو موضوع قرار دے کر رد کیا گیا ہے۔ آیات قرآن روایات حدیث کے اصل صحیح معانی و مفاہیم کے بجائے من گھڑت خانہ ساز معانی و مفاہیم لکھے گئے ہیں جن کی رو سے اجماع اُمت کا انکار لازم آتا ہے۔

اور صحابہ کرام علیہم الرضوان، تابعین، تبع تابعین، آئمہ مجتہدین



Marfat.com

مفسرین ومحدثین، جملہ علمائے حق اور ساری اُمت کے مسلمان مشرک وکافر قرار پاتے ہیں۔ یہاں تک کہ خاکِ بدہن وہابیہ خبیثہ، سرکارِ دوعالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ واصحابہٖ وسلم بھی ان کے باطل و مردود فتاویٰ کے بموجب مشرک کافر ٹھہرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ بھی مجرم ٹھہرتا ہے کہ اس نے ان امور کی تائید وتوثیق فرمائی منع نہ فرمایا۔ نعوذ باللہ من ھفوات النجدیۃ الوہابیۃ الخبیثۃ۔

فقیر اس سے پہلے اپنی تالیف راہِ ایمان حصہ اول اور حصہ دوم میں نام نہاد تفسیر نجدیہ، سعودیہ وہابیہ کی کافی تردید کر چکا ہے۔ اس حصہ سوم میں بھی کر رہا ہے۔ بعونہٖ تعالیٰ سبحانہٗ وثم بعون رسول الاعلیٰ علیہ التحیۃ والثناء۔ اس کے بعد آخر تک تردید مکمل طور پر کرے گا۔ تاہم اس مقام پر بھی بطورِ نمونہ چند مثالیں تحریر کر رہا ہے تاکہ حجت تمام ہو جائے۔

نام نہاد تفسیر نجدی کے صد ۱۹ پر آیت مبارکہ فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ ھُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۝ کے تحت لکھا ہے۔

"بعض حضرات یہاں ایک موضوع روایت کا سہارا لیتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضرت آدم نے عرش الٰہی پر لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا دیکھا۔ اور محمد رسول اللہ کے وسیلے سے دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ



Marfat.com

نے انہیں معاف فرما دیا۔ یہ روایت بے سند ہے اور قرآن کے بھی معارض ہے۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ کے بتلائے ہوئے طریقے کے بھی خلاف ہے۔ تمام انبیاء علیہم السلام نے ہمیشہ براہِ راست اللہ سے دُعائیں کی ہیں۔ کسی نبی ولی بزرگ کا واسطہ اور وسیلہ نہیں پکڑا۔ اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت تمام انبیاء کا طریقہ دُعا یہی رہا ہے کہ بغیر کسی واسطے اور وسیلے کے اللہ کی بارگاہ میں دُعا کی جائے"۔

واضح رہے کہ مذکورہ آیت مبارکہ اور روایت حدیث سے چونکہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمتِ شان کا اظہار اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے توسل و استمداد کا عمل سُنّت انبیاء علیہ السلام اور بارگاہِ رب العزت میں محبوب و مقبول ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے نام نہاد تفسیر نجدیہ میں آیت مبارکہ کا مفہوم بدل دیا گیا اور روایت حدیث کو موضوع بنا کر حقیقت واقع کا انکار کر دیا گیا ہے۔

فقیر آیتِ مذکورہ اور روایتِ حدیث کے بارے میں اپنی تالیف راہِ ایمان حصہ دوم میں مکمل مضمون تحریر کر چکا ہے یہاں اسے دہرانے کے بجائے نام نہاد مفسر نجدی وہابی نے مزید جو غلط بیانی اور تحریفِ شیطانی کی ہے، اس کی تردید بالاختصار کر دینا ضروری سمجھتا ہے۔ اس باطل پرست نجدی نے یہ لکھ کر کہ " تمام انبیاء علیہم السلام نے ہمیشہ براہِ راست اللہ سے دعائیں کی ہیں، کسی نبی،



Marfat.com

ولی ، بزرگ کا واسطہ اور وسیلہ نہیں پکڑا۔ اس لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت تمام انبیاء کا طریقۂ دُعا یہی رہا ہے کہ بغیر کسی واسطے اور وسیلے کے اللہ کی بارگاہ میں دعا کی جائے۔" قطعاً جھوٹ ، غلط ، تعلیمات قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔ اس نے صحیح العقیدہ صراطِ مستقیم پر چلنے والے مسلمانوں کو بہکانے ، بھٹکانے ، راہِ جنت سے ہٹا کر راہِ جہنم پر چلانے کی ابلیسانہ کوشش کی ہے۔

فقیر توسل و استمداد کا مسئلہ قرآن و حدیث سے مفصل بدلائل قاہرہ تحریر کر چکا ہے۔ لہٰذا یہاں قرآن مجید کی آیات مبارکہ اور متعدد روایاتِ حدیث لکھنے کے بجائے صرف ایک روایت نقل کر دینا کافی سمجھتا ہے۔ اسی ایک روایت حدیث شریف سے نام نہاد تفسیر نجدیہ وہابیہ میں تمام تر تحریفات اور غلط بیانیوں کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

حضرت علی مرتضےٰ کرم اللہ وجہہُ الکریم فرماتے ہیں کہ" ان کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہانے وفات پائی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنی قمیص مبارکہ کا کفن دیا اور قبر تیار کرنے کا حکم فرمایا۔ جب قبر کھودی گئی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے ہاتھ مبارک سے لحد کھودتے اور مٹی باہر نکالتے رہے۔ آپ لحد میں لیٹ گئے اور دُعا فرمائی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمِّی فَاطِمَۃَ بِنْتِ اَسَد



Marfat.com

وَوَسِّعْ عَلَيْهَا مَدْخَلَهَا بِحَقِّ نَبِيِّكَ وَالْاَنْبِيَاءِ الَّذِيْنَ قَبْلِي فَاِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ" الحدیث۔

" یا اللہ میری ماں فاطمہ بنت اسد کی مغفرت فرما
اور اس کے لئے اس کی قبر کو کشادہ کر دے اپنے نبی
(محمد) کے صدقے میں اور ان انبیاء کے صدقے میں
جو مجھ سے قبل گزر چکے۔ پس بے شک تو ہی سب
سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔"

پوری حدیث راہِ ایمان حصہ دوم میں نقل کی جا چکی ہے۔ یہاں صرف پہلا حصّہ بحسب ضرورت نقل کیا گیا ہے۔ اس روایت حدیث کو ابونعیم نے "معرفۃ الصحابہ" میں دیلمی نے "مسند الفردوس" میں۔ طبرانی نے "جامع کبیر" میں اور اوسط میں اور ابنِ حبان اور حاکم نے روایت کی اور فرمایا یہ بیان صحیح ہے۔ نیز علامہ نبہانی نے "شواھد الحق" میں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے "جذب القلوب" میں نقل فرمایا ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

بفضلہ تعالیٰ وبفضل رسولہ الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم، خبیث قرن الشیطان کے پجاری، طاغوت پرست، نجدی وہابی کا یہ بکنا کہ تمام انبیاء علیہم السلام نے ہمیشہ براہ راست اللہ سے دُعائیں کی ہیں کسی نبی، ولی، بزرگ کا واسطہ اور وسیلہ نہیں پکڑا۔ اس لئے



Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم سمیت تمام انبیا، کا طریقہ دعا یہی رہا ہے کہ بغیر کسی واسطے اور وسیلے کے اللہ کی بارگاہ میں دعا کی جائے"۔ شیطان کے گوز مارنے کے مترادف ہے۔ اللہ تعالیٰ کے محبوب، سیّد الرسل امام الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے اپنے وسیلے سے اور تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے وسیلے سے اللہ کی بارگاہ میں دُعا مانگی۔ اور سارے انبیاء علیہم السلام "محمد رسول اللہ" صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے وسیلے سے دعائیں مانگتے رہے ہیں۔ کتب حدیث و سیر میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ لہٰذا فقیر جو کچھ لکھ چکا ہے، وہابیہ خبیثہ کی ناک خاک میں رگڑنے کے لئے یہی کافی ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

دشمنان خدا و رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلّم" نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ لکھنے لکھانے والے نجدی وہابیہ" نے طریق یہود پر چلتے ہوئے ص۳۷ و ۳۸ پر تحریف قرآن کا بڑی فریب کاری کے ساتھ مظاہرہ کیا ہے۔

آیت مبارکہ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَكَانُوا مِن قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَمَّا جَآءَهُم مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ فَلَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ پ ۱ ع ۱۱

حسب معمول وہابیہ خبیثہ نے ترجمہ میں ردّ و بدل کر کے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور تفسیر کے نام پر بھی اپنے



Marfat.com

پیشوا قرن الشیطان نجدی کی پیروی میں غلط بیانی اور دھوکا بازی کی انتہا کر دی ہے۔ چنانچہ ان اشقیاء ازلی کی نام نہاد تفسیر میں اس آیت مبارکہ کا ترجمہ یہ لکھا گیا ہے۔

''اور ان کے پاس جب اللہ تعالیٰ کی کتاب ان کی کتاب کو سچا کرنے والی آئی حالانکہ پہلے یہ خود اس کے ذریعہ کافروں پر فتح چاہتے تھے تو باوجود آجانے اور باوجود پہچان لینے کے پھر کفر کرنے لگے۔ اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو کافروں پر۔''

مشاق محرّف نے آیت کا ترجمہ اس چالاکی اور وہابیانہ چابکدستی سے بگاڑ کر لکھا ہے کہ آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ کا بیان فرمایا ہوا اصلی مفہوم ہی غائب ہو کر رہ گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس آیت مبارکہ میں اپنے محبوب مکرم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفعت شان بیان فرمائی ہے کہ میرے محبوب کی شان یہ ہے کہ ان کی دنیا میں تشریف آوری سے پہلے وہ یہودی اس نبی (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کے وسیلے سے کافروں پر فتح مانگتے تھے تو جب تشریف لے آیا وہ جانا پہچانا میرا محبوب نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے منکر ہو بیٹھے تو اللہ کی لعنت منکروں پر۔ لیکن اپنے خبث باطن اور بغض وکینہ کے مرض میں مبتلا ہونے کے باعث شقی ازلی نجدی وہابی نے ترجمہ اس طرح لکھا کہ محبوب خدا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر تک نہ آنے دیا اور ترجمہ سے یہ ظاہر



Marfat.com

کیا کہ آیت میں کتاب ”قرآن“ مُراد ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مُراد نہیں ہیں۔ یعنی وہ یہودی کتاب قرآن کے ذریعہ کافروں پر فتح چاہتے تھے۔ ع

چہ دلاور ست دُزدے کہ بکف چراغ دارد !

اس آیت مُبارکہ کا صحیح ترجمہ یہ ہے ”اور جب ان کے پاس اللہ کی وہ کتاب (قرآن) آئی جو ان کے ساتھ والی کتاب (توریت) کی تصدیق فرماتی ہے۔ (سید انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت اور حضور کے اوصاف کے بیان میں) اور اس سے پہلے وہ اسی نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔ (اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا وَانْصُرْنَا بِالنَّبِی الْاُمِّی۔ یارب ہمیں نبی اُمّی کے صدقہ میں فتح و نصرت عطا فرما) تو جب تشریف لایا ان کے پاس وہ جانا پہچانا اس سے مُنکر ہو بیٹھے۔ (یہ انکار عناد و حسد اور حُبِّ ریاست کی وجہ سے تھا۔) تو اللہ کی لعنت کافروں پر۔) تفسیر خزائن العرفان میں یہی ترجمہ و مضمون۔ تفسیر جلالین، تفسیر کبیر، تفسیر خازن اور دیگر سلف و خلف صالحین کی معتبر و مستند تفسیروں میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ آیت مبارکہ کے ترجمہ میں نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ میں کی گئی خیانت و بد دیانتی و تحریف کا بیان لکھا گیا ہے۔ اب نجدی مفسر کی بڑھ چڑھ کر حق دشمنی اور نبی کریم رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بغض و کینہ کا اندازہ کیجئے۔ یہ بدبخت لکھتا ہے :۔



Marfat.com

"یستفتحون کے ایک معنیٰ یہ ہیں غلبہ اور نصرت کی دُعا کرتے تھے۔ یعنی جب یہ یہود مشرکین سے شکست کھاجاتے تو اللہ سے دُعا کرتے یا اللہ آخری نبی جلد مبعوث فرما تاکہ اس سے مل کرہم ان مشرکین پر غلبہ حاصل کریں یعنی اِستِفتَاح بمعنے اِستِنصار ہے۔ دوسرے معنے خبر دینے کے ہیں اَیْ یُخبِرُونَہُم بِاَنَّہٗ سَیُبعَثُ یعنی یہودی کافروں کو خبر دیتے کہ عنقریب نبی کی بعثت ہوگی لیکن بعثت کے بعد علم رکھنے کے باوجود نبوتِ محمدی پر محض حسد کی وجہ سے ایمان نہیں لائے" الخ

نام نہاد مفسر نجدی وہابی نے امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شانِ ارفع واعلیٰ کو گھٹانے کی خاطر کلام اللہ عزوجل میں بڑی مہارت کے ساتھ تحریف کرکے یہودیوں سے بڑھ کر حق دشمنی و باطل پرستی کا مظاہرہ کیا ہے۔

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ یہ ملعون یہودی، میرے محبوب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی اس دُنیا میں تشریف آوری سے پہلے ان کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔ اس کے برعکس یہ نجدی لکھتا ہے کہ یہودی اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتے کہ یا اللہ آخری نبی جلد مبعوث فرما تاکہ اس سے مل کر ہم ان مشرکین پر غلبہ حاصل کریں اور دوسرے معنے گھڑ کر لکھتا ہے "یہودی کافروں



Marfat.com

کو خبر دیتے کہ عنقریب نبی کی بعثت ہوگی : لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

اللہ عزوجل اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفعت و شان و عظمت بیان فرماتا ہے۔ اور یہ اشقیاء ازلی نجدی نام نہاد تفسیر نجدیہ میں اللہ عزوجل کے فرمان کو رد کر کے اللہ تعالیٰ کی توہین اور اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی تنقیص شان کرتے ہیں جو کفر صریح ہے۔ اس کے باوجود ان کا دعویٰ ہے کہ ہم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہیں مسلمان ہیں۔ اعلیٰحضرت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان بریلوی قدسنا اللہ باسرارہ فرماتے ہیں :۔

کرے مصطفےٰ کی اہانتیں اور اس پہ تیری یہ جرائتیں !
کہ میں کیا نہیں ہوں محمدی ارے ہاں نہیں ارے ہاں نہیں
یارسول اللہ !
فرش والے تیری شوکت کا عُلو کیا جانیں
خسروا عرش پہ اُڑتا ہے پھریرا تیرا !
ورفعنا لک ذکرک کا ہے سایہ تجھ پر !
بول بالا ہے تیرا ذکر ہے اونچا تیرا
تو گھٹائے سے کسی کے نہ گھٹا ہے نہ گھٹے
جب بڑھائے تجھے اللہ تعالیٰ تیرا



Marfat.com

مِٹ گئے مِٹتے ہیں مِٹ جائیں گے اعدا تیرے

نہ مِٹا ہے نہ مِٹے گا کبھی چرچا تیرا

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

چونکہ اس آیت مبارکہ کی تفسیر اور وضاحت "راہِ ایمان" حصہ دوم میں مفصلاً تحریر کردی گئی ہے۔ اس لئے فقیر اسی پر اکتفا کرتا ہے۔

قرآن مجید اور حدیث شریف سے دوپہر میں چمکتے سورج کی طرح واضح و ثابت ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ اپنی مشیّت و حکمت سے اپنے محبوب انبیاء و اولیاء کو اپنی صفات میں سے جس قدر چاہے حسب منشا صفات عطا فرماتا ہے۔ اس اجمال کی تفصیل آئندہ صفحات میں تحریر کی جارہی ہے۔ لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں از اوّل تا آخر بڑی شدو مد کے ساتھ اس حقیقت ثابتہ کو جھٹلایا گیا اور شرک صریح قرار دیا گیا ہے۔

چنانچہ نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ کے ص ۵ اور ۶ پر آیت مبارکہ:۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝

کے تحت لکھا ہے کہ :۔



Marfat.com

"توحید صفات کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کی جو صفات قرآن و حدیث میں بیان ہوئی ہیں ان کو بغیر کسی تاویل اور تحریف کے تسلیم کریں۔ اور وہ صفات اس انداز میں کسی اور کے اندر نہ مانیں۔ مثلاً جس طرح اس کی صفت علم غیب ہے یا دور و نزدیک سے ہر ایک کی فریاد سننے پر وہ قادر ہے، کائنات میں ہر طرح کا تصرف کرنے کا اسے اختیار حاصل ہے۔ یہ یا اس قسم کی اور صفات الٰہیہ ان میں سے کوئی صفت بھی اللہ کے سوا کسی نبی، ولی یا کسی بھی شخص کے اندر تسلیم نہ کی جائیں۔ اگر تسلیم کی جائیں گی تو یہ شرک ہوگا۔ افسوس ہے کہ قبر پرستوں میں شرک کی یہ قسم بھی عام ہے۔ اور انہوں نے اللہ کی مذکورہ صفات میں بہت سے بندوں کو بھی شریک کر رکھا ہے۔ اعاذنا اللہ منہ!



Marfat.com

# ولی اللہ میں اپنی صفاتِ عبدیت کی بجائے صفاتِ حق متجلی ہوتی ہیں!

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَالَ مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُهٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلٰی عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْهِ وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّهٗ فَکُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّتِیْ یُبْصِرُ بِهٖ وَیَدَهُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِهَا وَاِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّهٗ وَلَئِنْ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّهٗ، الحدیث (صحیح بخاری جلد ۲ ص ۹۶۳ مشکوٰۃ جلد ۱ ص ۱۷۸ کتاب الدعوات)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس نے میرے ولی سے عداوت کی ہیں نے اس سے اعلانِ جنگ فرمادیا اور جن چیزوں کے ذریعہ بندہ مجھ سے قریب ہوتا ہے ان میں سب سے زیادہ محبوب چیز میرے نزدیک فرائض ہیں اور میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میری طرف ہمیشہ نزدیکی حاصل کرتا رہتا ہے یہاں



Marfat.com

تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو جب میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کے وہ کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سُنتا ہے اور اس کی وہ آنکھیں ہو جاتا ہوں جن سے وہ دیکھتا ہے اور اس کے وہ ہاتھ ہو جاتا ہوں جن سے وہ حملہ کرتا ہے اور اس کے وہ پاؤں ہو جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے اگر وہ مجھ سے کچھ مانگتا ہے تو میں اسے ضرور دیتا ہوں اور اگر وہ مجھ سے پناہ مانگ کر کسی بُری چیز سے بچنا چاہتا ہے تو میں اسے ضرور بچاتا ہوں۔

شیخ محقق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: "و در بعضے روایات وفوادہ الذی یعقل بہ آمدہ وے باشم دل وے کہ ادراک مے کند بہ آں ولسانہ الذی یتکلم بہ و زبان وے کہ سخن مے کند بہ آں و در آخر ایں حدیث در بعضے روایات ایں نیز زیادہ مے کند کہ فبی یسمع پس بہ من مے شنود وبی یبصر و بہ من مے بیند و بی یبطش و بہ من مے گیرد و بی یمشی و بہ من مے رود"

(اشعۃ اللمعات جلد ثانی ص۱۹۴)

ترجمہ: اور بعض روایات میں اور میں اس کا دل بن جاتا ہوں کہ جس سے وہ ادراک کرتا ہے اور اس کی زبان بن جاتا ہوں کہ جس سے وہ بات کرتا ہے اور اس حدیث کے آخر میں بعض روایات میں یہ الفاظ بھی زیادہ ہیں کہ پس وہ (محبوب بندہ) میرے ساتھ



Marfat.com

(میرے ذریعہ) سُنتا ہے اور میرے ساتھ (میرے ذریعہ) دیکھتا ہے۔ اور میرے ساتھ (میرے ذریعہ) پکڑتا ہے اور میرے ساتھ (میرے ذریعہ) چلتا ہے۔"

اس حدیث قدسی سے مندرجہ ذیل امور واضح ہوئے۔

۱۔ عبد مقرب بالنوافل میں اس کے جسم اور صورت کے سوا کچھ باقی نہیں رہتا۔ اس میں صرف اللہ تعالیٰ ہی متصرّف ہو جاتا ہے۔ یعنی وہ فنا فی اللہ کے مقام پر فائز ہو جاتا ہے اور فنا فی اللہ ہونے سے مُراد یہی ہے کہ بندہ اپنی خواہشاتِ نفس سے اس طرح خالی ہو جائے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی چیز دُور کرنے والی (سُننے۔ دیکھنے۔ بولنے، چلنے۔ ادراک کرنے اور پکڑنے والی) باقی نہ رہے۔

۲۔ عبدِ مقرّب بالنوافل صفاتِ الٰہیہ کا مظہر بن جاتا ہے یعنی یہ بندہ اللہ کے نُورِ سمع سے سُنتا ہے اور اسی کے نُورِ بصر سے دیکھتا ہے اور اسی کے نُورِ قدرت سے تصرف کرتا ہے نہ خدا بندے میں حلول کرتا ہے نہ بندہ خدا ہو جاتا ہے بلکہ خدا کا یہ مقرب بندہ مظہرِ خدا ہو کر کمالِ انسانیت کے اس مقام پر فائز ہو جاتا ہے جس کے لئے اس کی تخلیق ہوئی تھی۔

؎ اگر گردی تو در توحید فانی ! ز حق یابی بقائے جاودانی



Marfat.com

فنا، ترک ہوا و اکام کردند ! بقاء جملہ صفاتش را ثمر دند

۳۔ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ؁ کے معنے یہی ہیں جن کا مصداق یہ عبد مقرّب ہے۔ عبادت کے معنی پامالی کے ہیں۔ یعنی عبد مقرّب اپنی انانیت اور صفات بشریت کو اپنے رب کی بارگاہ میں پامال کر دیتا ہے۔ یعنی ریاضت یا مجاہدہ کے ذریعے ان کو فنا کر دیتا ہے اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس بندہ میں اس کی اپنی صفات عبدیت کے بجائے صفاتِ حق متجلّی ہوتی ہیں اور انوارِ صفات الٰہیہ سے وہ بندہ منور و مستنیر ہو جاتا ہے۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر کبیر جلد پنجم صہ ۶۸۷ مطبوعہ مصر میں فرماتے ہیں :۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِکَایَۃً مِنْ رَبِّ الْعِزَّتِ مَا تَقَرَّبَ عَبْدٌ اِلَیَّ بِمِثْلِ اَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُ عَلَیْہِ وَلَا یَزَالُ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّہٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُہٗ کُنْتُ سَمْعًا وَبَصَرًا وَلِسَانًا وَقَلْبًا وَیَدًا وَرِجْلًا بِیْ یَسْمَعُ وَبِیْ یُبْصِرُ وَبِیْ یَنْطِقُ وَبِیْ یَمْشِیْ وَھٰذَا الْخَبَرُ یَدُلُّ عَلٰی اَنَّہٗ لَمْ یَبْقَ فِیْ سَمْعِھِمْ نَصِیْبٌ لِغَیْرِ اللّٰہِ وَلَا فِیْ بَصَرِھِمْ وَلَا فِیْ سَائِرِ اَعْضَائِھِمْ اِذْ لَوْ بَقِیَ ھُنَاکَ نَصِیْبٌ لِغَیْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی لَمَا قَالَ اَنَا سَمْعُہٗ وَبَصَرُہٗ ۔ انتھٰی ۔



Marfat.com

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ اقدس پر فرمایا میرا بندہ میری طرف کسی چیز کے ذریعہ وہ نزدیکی حاصل نہیں کرسکتا جو ادائے فرض کے ذریعہ حاصل کرتا ہے۔ اور نوافل کے ذریعہ وہ ہمیشہ مجھ سے قریب ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں پھر جب وہ میرا محبوب ہوجاتا ہے تو میں اس کے کان اور آنکھ اور زبان اور دل اور ہاتھ اور پاؤں ہوجاتا ہوں۔ وہ مجھ سے سنتا ہے۔ مجھ سے دیکھتا ہے۔ مجھ سے بولتا ہے اور مجھ سے چلتا ہے اور یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ان بندگانِ مقربین بارگاہِ ایزدی کی آنکھوں، کانوں بلکہ تمام اعضا میں غیر اللہ کے لئے کوئی حصہ باقی نہ رہا اس لئے اگر یہاں اللہ تعالیٰ کے غیر کے لئے کوئی حصہ باقی رہا ہوتا تو اللہ تعالیٰ یہ کبھی نہ فرماتا کہ میں اس کی سمع اور بصر ہوجاتا ہوں۔"

حضرت امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اس عبارت کے آگے تحریر فرماتے ہیں "وَلِهٰذَا قَالَ عَلِی بْنِ اَبِی طَالِب کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَاللّٰهِ مَا قَلَعْتُ بَابَ خَیْبَرِ بِقُوَّةِ جَسَدَانِیَّةِ وَلٰکِنْ بِقُوَّةِ رَبَّانِیَّةِ وَذَالِکَ لِاَنَّ عَلِیًّا کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ فِی ذَالِکَ الْوَقْتِ اِنْقَطَعَ نَظَرَهٗ عَنْ عَالَمِ الْاَجْسَادِ وَاَشْرَقَتِ الْمَلَائِکَةِ بِاَنْوَارِ عَالَمِ الْکِبْرِیَاءِ فَتَقْوٰی رُوْحَهٗ وَتَشَبَّهٗ بِجَوَاهِرِ الْاَرْوَاحِ الْمَلَکِیَّةِ



Marfat.com

وَتَلَالَاتَ فِيهِ اَمْنوَاءُ عَالَمِ الْقُدْسِ وَالْعَظْمَةِ فَلَاجَرَمَ حَصَلَ مِنَ الْقُدْرَةِ مَا قَدَرَ بِهَا عَلیٰ مَا لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ غَيْرُهُ وَلِذَالِكَ الْعَبْدِ اِذَا وَاظَبَ عَلَى الطَّاعَاتِ بَلَغَ اِلَى الْمَقَامِ الَّذِي يَقُولُ اللّٰهُ كُنْتُ لَهُ سَمْعًا وَبَصَرًا فَاِذَا صَارَ نُورُ جَلَالِ اللّٰهِ سَمْعًا لَهُ سَمِعَ الْقَرِيبَ وَالْبَعِيدَ وَاِذَا صَارَ ذَالِكَ النُّورُ بَصَرًا لَهُ رَأَى الْقَرِيبَ وَالْبَعِيدَ وَاِذَا صَارَ ذَالِكَ النُّورُ يَدًا لَهُ قَدَرَ عَلَى التَّصَرُّفِ فِي الصَّعْبِ وَالسَّهْلِ وَالْبَعِيدِ وَالْقَرِيبِ. اِنْتَهٰى! (تفسیر کبیر جلد ۵ صہ ۶۸۸ مطبوعہ مصر)

اور اسی لئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم میں نے خیبر کا دروازہ جسمانی قوت سے نہیں اکھاڑا بلکہ ربانی قوت سے اکھاڑا تھا اور اس کی اصل وجہ یہ تھی کہ اس وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نظر عالم اجساد سے منقطع ہو چکی تھی اور ملکی قوتوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عالم کبریا کے نور سے چمکا دیا تھا جس کی وجہ سے ان کی روح قوی ہو کر ارواح ملکیہ کے جواہر سے مشابہ ہو گئی تھی اور اس میں عالم قدس و عظمت کے انوار چمکنے لگے تھے۔ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ انہیں وہ قدرت حاصل ہو گئی جو ان کے غیر کو حاصل نہ تھی۔ اور اسی طرح جب کوئی بندہ نیکیوں پر ہمیشگی اختیار کرتا ہے تو اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ



Marfat.com

نے كُنتُ لَهُ سَمْعًا وَبَصَرًا فرمایا ہے۔ جب اللہ کے جلال کا نُور اس کی سمع ہو جاتا ہے تو وہ دُور اور نزدیک کی آوازوں کو سُن لیتا ہے اور جب یہی نُور اس کی بصر ہو گیا تو دُور اور نزدیک کی چیزوں کو دیکھ لیتا ہے۔ اور جب یہی نُور جلال اس کا ہاتھ ہو گیا تو یہ بندہ مشکل اور آسان دُور اور قریب چیزوں میں تصرّف کرنے پر قادر ہو جاتا ہے"۔

**تفسیر روح المعانی** میں علامہ ابو الفضل شہاب الدین سید محمد آلوسی بغدادی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔ وَذَكَرُوا اَنَّ مِنَ الْقَوْمِ مَنْ يَسْمَعُ فِي اللهِ وَلِلّٰهِ وَبِاللهِ وَمِنَ اللهِ جَلَّ وَعَلَا وَيَسْمَعُ بِالسَّمْعِ الْاِنْسَانِي بَلْ يَسْمَعُ بِالسَّمْعِ الرَّبَّانِي كَمَا فِي الْحَدِيْثِ الْقُدْسِي كُنْتُ سَمْعَ الَّذِي يَسْمَعُ بِهٖ (تفسیر روح المعانی پ۲۱ ص۱۰۳)۔

عارفین نے ذکر کیا ہے کہ قوم میں ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ میں اللہ کے لئے، اللہ کے ساتھ، اللہ سے سُنتے ہیں جیسا کہ حدیث قدسی كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ میں وارد ہے۔

**استاذ المحدثین علامہ قاضی عیاض مالکی کتاب الشفاء میں**

تحریر فرماتے ہیں۔ اَلنُّفُوْسُ الْقُدْسِيَّةُ اِذَا تَجَرَّدَتْ عَنْ



Marfat.com

الْعَلَائِقِ الْبَدَنِيَّةِ اِتَّصَلَتْ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَلَمْ یَبْقَ لَہٗ حِجَابٌ فَتَرٰی وَتَسْمَعُ الْکُلَّ کَالْمُشَاهِدَةِ ۔

"نفوس قدسیہ جب علائق بدنیہ سے علیحدہ ہو جاتے ہیں تو ملا اعلیٰ سے مل جاتے ہیں اور ان کے لئے کوئی حجاب نہیں رہ جاتا بس وہ سب کچھ اس طرح دیکھتے اور سنتے ہیں جیسے کہ سب کچھ ان کے سامنے ہے۔"

## حضرت امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

وَقَدْ اَخْبَرَ الْحَقُّ تَعَالٰی اَنَّہٗ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا کَانَ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ ۔ الْحَدِیْث ۔ لٰکِنْ قَدْ یَجْمَعُ اللّٰہُ تَعَالٰی لِمَنْ شَآءَ فِیْ هٰذَا الْمَقَامِ الصِّفَاتِ کُلَّهَا وَقَدْ یُعْطِیْهِ بَعْضَ الصِّفَاتِ عَلَی التَّدْرِیْجِ شَیْئًا بَعْدَ شَیْءٍ

(الْیَوَاقِیْتُ وَالْجَوَاهِرُ جلد ۱ صہ ۱۲۵ مطبوعہ مصر)۔

اللہ تعالیٰ نے اس بات کی خبر دی کہ جب وہ کسی بندے کو محبوب بنالیتا ہے تو وہ اس کی سمع و بصر ہو جاتا ہے۔ الحدیث (یعنی وہ بندہ اللہ تعالیٰ کی صفت سمع و بصر کا مظہر بن جاتا ہے۔) اس مقام پر اللہ تعالیٰ اپنے بعض بندوں کو جنہیں وہ چاہتا ہے۔ ان میں اپنی کل صفات (جن کا مظہر ہونا بندہ کے حق میں شرعاً و عقلاً ممکن ہے) جمع کر دیتا ہے اور کبھی بعض صفات عطا فرماتا ہے۔



Marfat.com

اور درجہ بدرجہ تھوڑی صفات عطا فرماتا رہتا ہے"۔

المختصر تمام اکابرین اُمّت مفسرین و محدثین و علمائے حق از روئے قرآن و حدیث اسی امر پر متفق ہیں کہ متصرف حقیقی اللہ تعالیٰ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی ذات و صفات میں واجب الوجود، ازلی، ابدی، قائم بالذات، مستقل غیر متغیر، غنیٌ عن الغیر وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔ اور محبوبانِ خُدا انبیاء علیہم السلام اور اولیاء باذن و عطائے الٰہی صفاتِ الٰہی کے مظہر ہیں اور متصرف ہیں تاہم خودمختار نہیں ہرآن بہرحال محتاج الی اللہ ہیں یہی سب کچھ اس حدیث قدسی سے ثابت ہے اور قرآن و حدیث کی بہت سی آیات و روایات اس پر شاہد عادل ہیں۔ ان اُمور پر کامل اعتقاد و یقین رکھنا عین ایمان ہے یہی اسلام ہے اور یہی توحیدِ رحمانی ہے۔ ان اُمور پر اعتراض کرنا اللہ و رسول پر اعتراض اور قرآن و حدیث کا انکار کرنا ہے۔ شیوہ نجدیہ سعودیہ وہابیہ اور راہِ توحیدِ شیطانی ہے جس کا مظاہرہ نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں کیا گیا ہے۔

المختصر اس حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ نے خارجیت نجدیت وہابیت کی جڑ کاٹ کر رکھ دی ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبہٖ سیدنا محمد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔



Marfat.com

محقق زماں غزالی دوراں علامہ سیّد احمد کاظمی قدس سرہ فرماتے ہیں ''مخلوق کا مظہرِ انوارِ الٰہی ہونا شرک نہیں بلکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس کی حقیقت کو تسلیم کرنا فی الجملہ ضروریات دین سے ہے۔ امکان شرک کا عقیدہ یقیناً کفرِ خالص ہے لیکن مخلوقات کا مظہرِ انوارِ الٰہی اور جلوہ گاہ کمالاتِ الٰہی ہونے کا انکار بھی کفر و الحاد سے کم نہیں۔ یہ امر بدیہات سے ہے کہ عالم کے ہر ذرّے میں جو خوبی اور کمال موجود ہے در حقیقت وہ حسن وجمال الوہیت کا ظہور ہے۔''

نیز فرماتے ہیں: مخلوق کا مظاہر حق ہونا قرآن سے یقینی طور پر ثابت ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا واقعہ ملاحظہ فرمائیے۔ حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی ''رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی'' اے میرے رب مجھے دکھا دے تو مُردوں کو کیسے جلاتا ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''اَوَلَمْ تُؤْمِنْ (اے ابراہیم علیہ السلام) آپ کا اس پر ایمان نہیں! قَالَ بَلٰی ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا کیوں نہیں ضرور میرا ایمان ہے۔ وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ لیکن میں اس لئے سوال کر رہا ہوں کہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ چار پرندوں کو لے لیجئے اور ان کو اپنے ساتھ مانوس کر لیجئے۔ پھر انہیں ذبح کر کے ہر پہاڑ پر ان میں سے ایک جزو



Marfat.com

رکھ دیجئے ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاتِيْنَكَ سَعْيًا پھر ان کو پکاریئے وہ آپ کے پاس دوڑتے چلے آئیں گے "۔

چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ابراہیم علیہ السلام نے حسب ارشاد خداوندی چار پرندے لے کر انہیں ذبح کیا اور ان کے اجزاء کو مخلوط کر کے ہر پہاڑ پر ان کے ایک جزو کو رکھ دیا اور اس کے بعد انہیں پکارا تو وہ چاروں کے چار پرندے زندہ ہو کر دوڑتے ہوئے ان کے سامنے آموجود ہوئے۔ ظاہر ہے کہ احیاء یعنی زندہ کرنا صرف اللہ تعالیٰ کی شان ہے اور سوال بھی اللہ تعالیٰ ہی کے احیاء کے متعلق تھا۔ لیکن ان مُردہ پرندوں کی زندگی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پکارنے پر ظہور پذیر ہوئی۔ جو اس امر پر روشن دلیل ہے کہ صفتِ احیاء اللہ تعالیٰ ہی کی تھی۔ لیکن اس کا ظہور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ذات اقدس میں ہوا یہی ہمارا ایمان ہے کہ صفاتِ خداوندی کا ظہور مقربان بارگاہِ ایزدی میں علی وجہ الکمال ہوا کرتا ہے۔ اگر بندے میں صفاتِ خداوندی کا ظہور ناممکن ہوا تو تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللہِ کے کیا معنے ہوں گے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ اخلاق الٰہیہ کے جلووں سے متصف ہونا مطلوب عند الشرع ہے۔ اگر اس چیز کو شرک قرار دے دیا جائے تو کمالِ انسانی کا کون سا مقام باقی رہے گا؟

ایک صفت یا ایک سے زیادہ صفات کے ظہور میں کوئی فرق



Marfat.com

نہیں پیدا ہوتا۔ یعنی جس طرح خدا تعالیٰ کی تمام صفات کا کسی بندے میں مستقل پایا جانا ممتنع عقلی ہے بالکل اسی طرح کسی ایک صفت خداوندی کا بھی بندے میں بالاستقلال پایا جانا محال ہے۔ بندے کا مظہر صفات الوہیت ہونے کا یہی مطلب ہے کہ وہ انوار صفات سے منور ہو جائے نہ یہ کہ صفات الٰہیہ عرض قائم بالغیر کی طرح اس کی ذات میں پائی جائیں۔ ایسا عقیدہ کتاب وسنت کے منافی اور صریح الحاد و بے دینی ہے۔ (تسکین الخواطر فی الحاضر والناظر ص ۱۸۔۱۹ از علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمۃ)۔

# استقلال اور عدم استقلال کا فرق

حضرت علامہ کاظمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں "یاد رکھئے اللہ تعالیٰ جو کسی مخلوق کو کوئی کمال عطا فرماتا ہے تو اس کے متعلق صرف یہ اعتقاد مؤمن ہونے کے لئے کافی نہیں کہ یہ کمال اللہ کا دیا ہوا ہے۔ اتنی بات تو مشرکین بھی اپنے معبودوں کے حق میں تسلیم کرتے تھے۔ بلکہ مومن ہونے کے لئے ضروری ہے کہ عطاء خداوندی کا عقیدہ رکھتے ہوئے یہ اعتقاد بھی رکھا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کمال کسی مخلوق کو عطا فرمایا ہے وہ عطا کے بعد حکم خداوندی، ارادہ اور مشیت ایزدی کے ماتحت ہے۔ ہر آن خدا تعالیٰ کی مشیت اس کے ساتھ متعلق ہے اور اس



Marfat.com

بندے کا ایک آن کے لئے بھی خدا تعالیٰ سے بے نیاز اور مستغنی ہونا قطعاً محال اور ممتنع بالذات ہے۔ مختصر یہ کہ مخلوق کے ہر کمال اور بندے کی ہر صفت کے متعلق مومن کا یہی اعتقاد ہے کہ یہ کمال اور یہ خوبی اللہ کی دی ہوئی ہے اور یہ بندہ اس کمال و خوبی میں علی الاطلاق مشیّت جزیہ کے ماتحت ہے اور کسی حال میں معبودِ حقیقی سے مستغنی اور بے نیاز نہیں۔

الحاصل بندے کو کسی امر میں اللہ تعالیٰ کی مشیت جزیئہ کے ماتحت نہ سمجھنا یا اس کو کسی حال میں کسی اعتبار سے اللہ تعالیٰ سے مستغنی اور بے نیاز قرار دینا شرک جلی اور کفر خالص ہے اور اس کے برخلاف اعتقاد رکھنا عین ایمان ہے۔ استقلال اور عدم استقلال کے درمیان یہی فرق ہے جس کو ہم نے وضاحت سے بیان کر دیا ہے"۔ (تسکین الخواطر صہ۱۵)

## بندوں میں صفاتِ خداوندی کے ظہور کی وضاحت

اس مقام پر یہ عرض کر دینا مناسب ہوگا کہ اس بحث میں صفاتِ خداوندی سے ہمارے نزدیک وہی صفات مُراد ہیں جن کا ظہور بندوں میں دینِ متین اور عقل سلیم کی روشنی میں ممکن ہے ورنہ وجوب وجود اور غنائے ذاتی کا ظہور بندوں کے حق میں قطعاً محال ہے۔



Marfat.com

اسی لئے ہمارا ایمان ہے کہ صفت الوہیت (جو غنائے ذاتی کو مستلزم ہے) کا ظہور غیر اللہ کے لئے محال عقلی اور ممتنع بالذات ہے۔ اور جس شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے وصف الوہیت عطا فرما دیا ہے وہ مشرک اور ملحد ہے۔

مشرکین اور مومنین کے درمیان بنیادی فرق یہی ہے کہ وہ غیر اللہ کے لئے عطائے الوہیت کے قائل تھے جس کی عطا عقلاً نقلاً وشرعاً محال ہے اور مومنین کسی مقرب سے مقرب ترین حتیٰ کہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے حق میں بھی الوہیت اور غنائے ذاتی کے قائل نہیں ہیں۔ (تسکین الخواطر ص ۱۴-۱۵)

# اللہ تعالیٰ کی چار صفات قابل عطا نہیں کہ اُن پر اُلوہیّت کا مدار ہے

۱۔ وجُوب وجُود ۲۔ قدامت یعنی قدیم ہونا ۳۔ خلق یعنی پیدا کرنا۔ ۴۔ نہ مرنا۔

دیگر صفات کی تجلی مخلوق میں بھی ہو سکتی ہے مگر ان میں بڑا فرق ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کی صفات ذاتی... واجب۔ قدیم۔ غیر مخلوق۔ مستقل۔ اور مخلوق کی صفات عطائی۔ غیر واجب ممکن۔ حادث مخلوق



Marfat.com

غیر مستقل ۔فانی۔ نام نہاد تفسیر نجدیہ میں از اول تا آخر اندھے کے لاٹھی گھمانے کی طرح کور باطنی سے تحریف کی۔ اندھا دھند آندھی چلائی گئی ہے۔ نہ خالق کا خوف نہ مخلوق سے شرم۔

## اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے ولی سے محبت کرو

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰہُ الْعَبْدَ نَادیٰ جِبْرَائِیْلَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ فُلَانًا فَاَحْبِبْہُ فَیُحِبُّہُ جِبْرَائِیْلُ فَیُنَادِیْ جِبْرَائِیْلُ فِیْ اَھْلِ السَّمَآءِ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْہُ فَیُحِبُّہُ اَھْلُ السَّمَآءِ ثُمَّ یُوْضَعُ لَہُ الْقَبُوْلُ فِی الْاَرْضِ (صحیح بخاری جلد ۱ ص ۴۵۶)

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ جب کسی بندے کو محبوب بناتا ہے تو جبرائیل علیہ السلام سے فرماتا ہے بلاشبہ اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت فرماتا ہے تو بھی اس سے محبت کر تو جبرئیل علیہ السلام اُس سے محبت کرتا ہے۔ پھر جبرئیل علیہ السلام آسمان والوں سے منادی کر دیتا ہے کہ بے شک اللہ نے فلاں کو محبوب بنالیا ہے تو تم سب بھی اس سے محبت کرو تو آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔ پھر اس ولی اللہ کے لئے زمین میں مقبولیت عام کر دی جاتی ہے۔



Marfat.com

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و اولیاء کی محبت ذریعۂ نجات وبلندیٔ درجات ہے

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّاعَۃِ فَقَالَ مَتَی السَّاعَۃُ قَالَ وَمَاذَا اَعْدَدْتَ لَھَا قَالَ لَا شَیْءَ اِلَّا اَنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ اَنَسٌ فَمَا فَرِحْنَا بِشَیْءٍ بِقَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ اَنَسٌ فَاَنَا اُحِبُّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَکْرٍ وَّعُمَرَ وَاَرْجُوْا اَنْ اَکُوْنَ مَعَھُمْ بِحُبِّیْ اِیَّاھُمْ وَاِنْ لَّمْ اَعْمَلْ بِمِثْلِ اَعْمَالِھِمْ

(صحیح بخاری جلد ۱ ص ۵۲۱ وصحیح مسلم جلد ۲ ص ۳۳۲)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے بارے میں سوال کیا اور پوچھا یا رسول اللہ قیامت کب آئے گی؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تُو نے قیامت کے لئے کیا تیاری کی؟ وہ بولا کچھ بھی نہیں سوائے اس کے کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تُو اسی کے ساتھ ہوگا۔



Marfat.com

جس سے تجھے محبت ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہمیں اور کسی چیز سے اس قدر خوشی نہ ہوئی جتنی خوشی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ فرمانے سے ہوئی حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا پس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے محبت رکھتا ہوں اور ان سے محبت رکھنے کی وجہ سے امید رکھتا ہوں کہ میں انہی کے ساتھ ہوں گا اگرچہ ان کے اعمال کے مثل عمل نہ کروں۔"

## اولیاء اللہ کی خدمت میں حاضری باعث مغفرت ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدُ لِلْخُدْرِیْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ اِنَّ لِلّٰہِ مَلَا ئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ فَضْلًا عَنْ کِتَابِ النَّاسِ فَاِذَا وَجَدُوْا اَقْوَامًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ تَنَادُوْا ھَلُمُّوْا اِلٰی بُغْیَتِکُمْ فَیَجِیْئُوْنَ فَیَحُفُّوْنَ بِھِمْ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اللّٰہُ عَلٰی اَیِّ شَیْءٍ تَرَکْتُمْ عِبَادِیْ یَصْنَعُوْنَ فَیَقُوْلُوْنَ تَرَکْنَاھُمْ یُحَمِّدُوْنَکَ وَیُمَجِّدُوْنَکَ وَیَذْکُرُوْنَکَ قَالَ فَیَقُوْلُ فَکَیْفَ لَوْرَاَوْنِیْ قَالَ فَیَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ فَیَقُوْلُ فَکَیْفَ لَوْرَاَدْنِیْ قَالَ فَیَقُوْلُوْنَ لَوْرَاَوْکَ لَکَانُوْا اَشَدَّ تَحْمِیْدًا وَّاَشَدُّ تَمْجِیْدًا وَّاَشَدُّ لَکَ ذِکْرًا قَالَ فَیَقُوْلُ وَاَیَّ شَیْءٍ یُطْلُبُوْنَ قَالَ فَیَقُوْلُوْنَ یَطْلُبُوْنَ الْجَنَّۃَ



Marfat.com

قَالَ فَيَقُوْلُ فَهَلْ رَاَوْهَا قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ فَيَقُوْلُ فَكَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا قَالَ فَيَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْهَا لَكَانُوْا اَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَاَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا قَالَ فَيَقُوْلُ فَمِنْ اَيِّ شَيْءٍ يَتَعَوَّذُوْنَ قَالُوْا يَتَعَوَّذُوْنَ مِنَ النَّارِ قَالَ فَيَقُوْلُ وَهَلْ يَرَاوِهَا فَيَقُوْلُوْنَ لَا قَالَ فَيَقُوْلُ كَيْفَ لَوْ رَاَوْهَا فَيَقُوْلُوْنَ لَوْ رَاَوْهَا لَكَانُوْا اَشَدَّ مِنْهَا هَرَبًا وَاَشَدَّ مِنْهَا خَوْفًا وَاَشَدَّ مِنْهَا تَعَوُّذًا قَالَ فَيَقُوْلُ فَاِنِّيْ اُشْهِدُكُمْ اِنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ فَيَقُوْلُوْنَ اِنَّ فِيْهِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءَ لَمْ يُرِدْهُمْ اِنَّمَا جَاءَهُمْ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقٰى لَهُمْ جَلِيْسٌ ○

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم سے روایت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے جو اعمال لکھنے والوں کے علاوہ ہیں زمین میں پھرتے رہتے ہیں۔ جب کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول پاتے ہیں تو ایک دوسرے کو پکارتے ہیں کہ اپنے مقصود کی طرف آؤ چنانچہ وہ آتے ہیں اور اہلِ مجلس کو نچلے آسمان تک ڈھانک لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑ کر آئے ہو وہ عرض کرتے ہیں ہم نے تیرے بندوں کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ تیری حمد اور پاکیزگی بیان کرتے اور تیرا ذکر کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کیا ان لوگوں نے مجھے دیکھا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں نہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر وہ مجھے دیکھ لیتے تو



Marfat.com

کیا حالت ہوتی؟ فرشتے عرض کرتے ہیں (یا اللہ) اگر وہ تجھے دیکھ لیں تو (پہلے سے) کہیں زیادہ تحمید تمجید اور ذکر کریں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے وہ کیا مانگتے ہیں؟ فرشتے جواب دیتے ہیں جنت مانگتے ہیں۔ اللہ استفسار فرماتا ہے کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہے؟ عرض کرتے ہیں نہیں۔ ارشاد ہوتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو کیا کیفیت ہوتی؟ عرض کرتے ہیں اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو اس کی شدید طلب اور حرص کرتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے وہ کس چیز سے پناہ مانگتے ہیں؟ عرض کرتے ہیں (جہنم کی) آگ سے پناہ مانگتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے کیا انہوں نے جہنم کو دیکھا ہے؟ عرض کرتے ہیں نہیں۔ فرماتا ہے اگر وہ اسے دیکھ لیتے تو کیا حال ہوتا؟ فرشتے جواب دیتے ہیں (یا اللہ) اگر وہ اسے دیکھ لیتے، اس سے زیادہ بھاگتے بہت ڈرتے اور پناہ مانگتے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فرشتو! گواہ رہو میں نے انہیں بخش دیا وہ عرض کرتے ہیں (الٰہی) ان میں فلاں آدمی بہت بڑا گنہگار ہے وہ ذکر سننے کیلئے نہیں بلکہ کسی کام کے لئے آیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ وہ لوگ ہیں جن کا ہمنشین بھی محروم و بدبخت نہ ہوگا۔



Marfat.com

# اولیاء اللہ کی حاضری سے نفع پہنچتا ہے

صحیح بخاری میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مَثَلُ الْجَلِیْسِ الصَّالِحِ وَالْجَلِیْسِ السُّوْءِ کَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْکِ وَکِیْرِ الْحَدَّادِ لَا یَعْدِمُکَ مِنْ صَاحِبِ الْمِسْکِ اِمَّا اَنْ تَشْتَرِیَهٗ اَوْ تَجِدُ رِیْحَهٗ وَکِیْرُ الْحَدَّادِ یُحْرِقُ بَیْتَکَ اَوْ ثَوْبَکَ اَوْ تَجِدُ مِنْهُ رَائِحَةً خَبِیْثَةً"

نیک ہم نشین کی مثال مشک فروش کی مثل ہے کہ تو اس سے مشک مول لے گا یا کم از کم تجھے اس کی خوشبو تو آئے گی اور بد ہمنشین کی مثال لوہار کی بھٹی کی طرح ہے کہ وہ تیرا گھر پھونک دے گی۔ یا کپڑے جلائے گی اور کچھ نہ ہوا تو اس سے تجھے بدبو تو پہنچے گی۔

# صالحین اپنے خدمت گزار جہنمیوں کو جنت میں داخل کریں گے!

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَفُّ اَهْلُ النَّارِ فَیَمُرُّ بِهِمُ الرَّجُلُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَیَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ یَا فُلَانُ اَمَا تَعْرِفُنِیْ اَنَا الَّذِیْ سَقَیْتُکَ شَرْبَةً وَقَالَ



Marfat.com

بَعْضُهُمْ اَنَا الَّذِیْ وَهَبْتُ لَكَ وَضُوْءً فَيَشْفَعُ لَهٗ فَيُدْخِلُ الْجَنَّةَ رواه ابن ماجة (مشکوٰۃ باب الحوض والشفاعة)۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوزخی لوگ صف بستہ ہوں گے (یعنی جنتیوں کے راستے میں) گنہگار مومنین دوزخ میں جلانے کے لئے ایسے صف بستہ کھڑے ہوں گے جیسے امیروں، اغنیاء کی راہ میں بھکاری صف بستہ کھڑے ہوتے ہیں (مرقات) اُن سے آس لگائے کہ کوئی ہمیں پہچان لے اور چھوڑ لائے۔ ادھر جنتی آگے پیچھے گزر رہے ہوں گے۔) تو جنتیوں میں سے ایک شخص ان پر گزرے گا۔ تو ان میں سے ایک دوزخی کہے گا۔ اے فلاں! کیا تو مجھے پہچانتا نہیں ہے؟ میں وہی ہوں جس نے تجھے ایک گھونٹ پانی پلایا تھا اور بعض دوزخی کہیں گے کہ میں وہ ہوں جس نے تجھے وضو کا پانی دیا تھا۔ یا تجھے فلاں وقت کھانا کھلایا تھا یا میں نے تجھے فلاں وقت سلام کیا تھا یا فلاں وقت کپڑا دیا تھا یا فلاں وقت تیرے پاس محبت سے کچھ معمولی ہدیہ پیش کیا تھا غرضکہ ڈوبتا ہوا تنکے کا سہارا لیتا ہے یہ بھی اسی طرح سہارا لے گا۔ یہ دو چیزیں بطور مثال ارشاد ہوئی ہیں۔ (مرقات) یہ جنتی اُن کی شفاعت کرے گا۔ پھر اُسے جنت میں داخل کرے گا۔



Marfat.com

اس حدیث سے چند مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ صالحین، علماء، شہداء کی شفاعت برحق ہے۔ دوسرے یہ کہ شفاعت سے ہم جیسے گنہگاروں کی تقدیریں پلٹ جائیں گی۔ دیکھو یہ پکارنے والا جہنمیوں کی صف میں آگیا تھا شفاعت کی برکت سے وہاں سے نکل کر جنتی ہو گیا۔ دنیا میں بھی یہی حال ہے دُعا سے قضا بدل جاتی ہے۔ تیسرے یہ کہ ہم جیسے گنہگاروں کو چاہیئے کہ صالحین مقبولین کی خدمت کیا کریں۔ ان کی خدمت بڑے کام آئے گی۔ ان سے تعلق رکھیں ان سے تعلق بہت فائدہ دے گا۔ انہیں ہدیہ پیش کریں اگرچہ کھجور کی کھانپ یا اچھی بات ہی ہو۔ یہ تیسری بات حضرت ملا علی قاری نے مرقات میں اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ میں فرمائی۔ رحمۃ اللہ علیہما۔

چوتھے یہ کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت یہ ہے کہ ہر ایک کو براہ راست بغیر وسیلہ ہر چیز دے مگر قانون یہ ہے کہ گنہگاروں کو نیک کاروں کے وسیلہ سے دے۔ دیکھو ان دوزخی صفوں والوں کو اللہ تعالیٰ ہی بخشے گا مگر جنتی راہ گزروں کی شفاعت سے۔ بلکہ ان لوگوں کو جنتیوں کے راستے میں اسی لئے کھڑا کرے گا کہ انہیں ان کے ہاتھوں شفاعت کی بھیک ملے۔

پانچویں یہ کہ دنیا میں اللہ والوں سے تعلق چاہیئے ان کو محبت و



Marfat.com

عقیدت کے ساتھ دیکھنا بھی قیامت میں کام آئے گا۔ دیکھو قیامت میں یہ جان پہچان کام آئے گی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یُدْخِلُہُ الْجَنَّۃَ فرما کر یہ بتایا کہ وہ جنتی اس جہنمی کو اپنے ساتھ جنت میں لے جائے گا۔ چھٹے یہ کہ قیامت میں لوگوں کو اپنے اچھے بُرے اعمال یاد ہوں گے یہاں کی دوستیاں آپس کے سلوک یاد ہوں گے ایک دوسرے کی پہچان ہو گی۔ ساتویں یہ کہ وفات یافتہ بزرگوں کی خدمت میں ایصال ثواب کے لئے فاتحہ۔ نذر ونیاز، تلاوت قرآن مجید۔ نفلی عبادتوں اور غرباء ومساکین اور یتیموں، بیواؤں، غریب طلباء وعلماء کی مالی امداد ان کو کپڑے وغیرہ دینا اور کھانا کھلانے کا ثواب نذر کرنا۔ قیامت کو ہم جیسے گنہگاروں کی بخشش کا ذریعہ بنے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

قرآن مجید وحدیث شریف سے ثابت ہے کہ محبوبان خدا۔ انبیاء واولیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام وقدمت اسرارہم سے محبت و عقیدت اور ان کی خدمت گزاری سے دنیا میں بھی عطیات وانعامات اور سہولیات حاصل ہوتی ہیں اور مشکلات حل ہوتی ہیں اور آخرت میں بھی یہ فوائد حاصل ہوں گے۔

در فیض حق بند جب تھا نہ اب کچھ
فقیروں کی جھولی میں اب بھی ہے سب کچھ



Marfat.com

یہ اللہ والے ہیں دیتے ہیں سب کچھ
مگر چاہیئے ان سے لینے کا ڈھب کچھ

حقیقتہً معطی و نافع و دافع مصائب و مشکلات و مصائب اللہ تعالیٰ ہے لیکن چونکہ یہ سب کچھ محبوبان خدا، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام و اولیاء کرام علیہ الرحمتہ والرضوان کے ذریعہ و وسیلہ سے ملتا ہے۔ اس لئے اس عطا کی نسبت مجازاً ان کی طرف کی جاتی ہے۔

اس امر پر ارشادِ محبوب خدا احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم شاہد ناطق ہے کہ فرمایا:۔

''اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ خَازِنٌ وَاللّٰہُ یُعْطِی''

بے شک میں تقسیم کرنے والا اور خزانچی ہوں اور اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔ نیز فرمایا:۔ مَا اُعْطِیْکُمْ وَلَا اَمْنَعُکُمْ اِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ اَضَعُ حَیْثُ اُمِرْتُ (صحیح بخاری جلد ا ص۴۳۹)

میں نہ ذاتی طور پر تمہیں کچھ عطا فرماتا ہوں اور نہ ذاتی طور پر تم سے کچھ روکتا ہوں میں صرف تقسیم فرمانے والا ہوں۔ میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق کسی کو کچھ دیتا یا روکتا ہوں۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کی نیابت و متابعت میں اولیا کرام علیہم الرضوان بعطاء و اذنِ الٰہی مخلوق میں نعمتیں بانٹتے اور ان کی حاجت روائی و مشکل کشائی فرماتے ہیں۔ ثابت ہوا کہ محبوبانِ خدا



Marfat.com

باذن اللہ تعالیٰ خلق کے حاجت روا اور مشکل کشا ہیں۔ لیکن نام نہاد تفسیر نجدیہ سعودیہ وہابیہ میں اوّل سے آخر تک، انتہائی شقاوت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام محبوبانِ خدا کو سارے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بشمول سیدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمۃ اللعالمین، باعثِ تخلیقِ کائنات سرکارِ دوعالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، سارے صدیقین، شہداء وصالحین، اولیاء کاملین علیہم الرضوان کو قبروں میں مدفون مُردے، منوں مٹی تلے دبے ہوئے، بے جان محض جامد عنصر، بے جان، بے حس، بے فیض، بے کار قرار دے کر ان نفوس قدسیہ کو بے دریغ بلا جھجک کفار کے معبودانِ باطل بتوں شیطانوں، بدروحوں، جنوں بھوتوں میں شمار کیا گیا ہے۔ ان کی توہین وتکذیب کی گئی ہے۔ ان کے فضائل وفیوض وبرکات کا انکار کیا گیا ہے۔ ان کی خداداد اعلیٰ صفات وکرامات کا مذاق اڑایا گیا ہے۔ سُوقیانہ انداز میں تمسخر اور دریدہ دہنی کرتے ہوئے اپنے اشقیاء ازلی ہونے اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ جنگ کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ بقولِ امام اہلسنت اعلیٰ حضرت بریلوی قدس سرہٗ۔

عقل ہوتی تو خدا سے نہ لڑائی لیتے!

یہ گھٹائیں، اُسے منظور بڑھانا تیرا

ورفعنا لک ذکرک کا ہے سایہ تجھ پر



Marfat.com

بول بالا ہے تیرا ذکر ہے اُونچا تیرا !
مٹ گئے مٹتے ہیں مٹ جائیں گے اعدا تیرے
نہ مٹا ہے نہ مٹے گا کبھی چرچا تیرا !

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ
سَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
قَلَّتْ حِیْلَتِیْ اَنْتَ وَسِیْلَتِیْ
اَدْرِکْنِیْ یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ



Marfat.com

Marfat.com